نفع خاص - مصفی خون/منفث بلغم
مضر - باہ/معدہ کو
مصلح - نبات سفید
بدل - سپستاں
مقدار خوراک - ۵عدد

شناخت - یہ ایک مشہور پھل ہے جو بیر کے مشابہ گول اور سرخ ہوتا ہے۔ اس کا ذائقہ شیریں اور سیب کی مانند ہوتا ہے۔ اسکا درخت خاردار ایک سے تین میٹر بلند، پتے اسکے بیر کی مانند اور پھول بھی اسی کی طرح خوشوں میں لگتے ہیں۔ اس کے پھل سے تخم برآمد ہوتا ہے۔

حصول - چین (تاشقند) ایران، افغانستان، پاکستان، بھارت، (کشمیر، شملہ، دکن) بنگلہ دیش

افعال - مبرد، منضج اخلاط غلیظہ، ملین طبع وصدر، مصفی خون، منفث بلغم، مسکن حدت خون وصفراء

مواقع استعمال - نزلہ وزکام، دمہ، کھانسی، ورم ریہ، امراض چشم وجلد، ذیابیطس

ترکیب استعمال - (۱) صحت کو قائم رکھنے اور جلد میں نکھار پیدا کرنے کیلئے تازہ پھلوں کا رس پینا مفید ہے۔ (۲) دماغی تھکان دور کرنے اور نیند لانے کیلئے اسکے جوشاندے میں شہد ملا کر پینا مفید ہے۔ (۳) نزلہ زکام میں گول مرچ کے سفوف کے ہمراہ تازہ پھل کا رس پینا مفید ہے۔

مرکبات - شربت عناب، شربت اعجاز، شربت صدر، شربت مرکب مصفی خون، عرق عناب، لعوق سپستاں، خمیرہ آبریشم شیرۂ عناب والا۔

جدید تحقیقات - کیمیائی تجزیہ:-

Chemical Constituents :

Betulic acid, Betuline, Ebelin lactone, Jujubogenin, Jujuboside, Spinosin, Tannin, Ziziphic acid.

Bioactivity : Antitumor, Antifungal, Antibacterial, Antiulcer, Anti-inflammatory, Antiseptic, Antifertility (Contraceptive), Antioxidant, Antinephritic, Immunostimulant Hypotensive, Woundhealing Properties, Sedative, Anxiolytic.

Indication : Skin diseases, Sorethroats, G.I.T. Problems, Anxiety, Insomnia, Chronic constipation.

Nutritional Value : Per 100g :		Vitamin :		Micro elements :	
Energy	: 79 K Cal	Vit. A	: 40 I.U	Calcium	: 21 mg
Carbohydrates	: 20.23 g	Vit. B_1 (Thiamin)	: 0.20 mg	Iron	: 0.48 mg
Fat	: 0.20 g	Vit. B_2 (Riboflavin)	: 0.040 mg	Magnesium	: 10 mg
Protein	: 1.20 g	Vit. B_3 (Niacin)	: 0.900 mg	Phosphorus	: 23 mg
Water	: 77.86 g	Vit. B_6	: 0.081 mg	Potassium	: 250 mg
		Vit. C (ascorbic acid)	: 69 mg	Sodium	: 03 mg

(Ref : USDA Nutrient database)

(۱۹۶) عِنَبُ الثَعلَب Black Night Shade

Kingdom	:	Plantae
Phylum	:	Angiosperms
Class	:	Eudicots
Order	:	Solanales
Family	:	Solanaceae
Genus	:	Solanum
Species	:	S. nigrum
Binomial Name	:	Solanum nigrum (Linn.)
Common Names	:	Garden night shade
	:	Common night shade
	:	Poisonberry
	:	Deadly night shade

تازہ پھل

خشک پھل

عربی نام - عنب الثعلب

فارسی - روباہ تریک

ہندی - مکو

بنگلہ - کاک ماچی

ماخذ - نباتی

حصص مستعملہ - برگ، پھل

مدت حیات - دوسال

مزاج - سردخشک II

نفع خاص - محلل اورام

مضر - مثانہ کو

مصلح - شہد/کا کنج

بدل - برنجاسف

مقدار خوراک - ۵۔۷ گرام

شناخت - چنے کے برابر سبز رنگ کے پھل ہیں جو پختہ ہونے پر سرخ رنگ کے ہوجاتے ہیں، اسکا پودا نصف سے ایک گز تک بلند ہوتا ہے جس میں بکثرت شاخیں ہوتی ہیں۔ شاخوں اور پتوں کی رنگت سبز سیاہی مائل ہوتی ہیں۔ اس کا پھول چھوٹا سا سفید رنگ کا ہوتا ہے اسکے پھل خوشوں میں لگتے ہیں جسکے اندر خشخاش کی مانند چھوٹے چھوٹے تخم بھرے ہوتے ہیں۔ خام حالت میں اسکا ذائقہ تلخ اور پختہ ہونے پر کسی قدر شیریں ہوجاتا ہے۔

وجہ تسمیہ - ثعلب یعنی لومڑی کی مرغوب غذا ہونے کی وجہ سے عنب الثعلب کہلاتا ہے۔

حصول - بھارت، پاکستان، افغانستان، ترکستان، ایران، یورپ، شمالی امریکہ

افعال - محلل اورام حارہ، قابض، رادع، مسکن درد وحرارت، ملطف، مجفف۔

مواقع استعمال - سرسام، رعشہ، ورم معدہ، اورام احشاء، عظم الغدد، التہاب غشاء مخاطی، قلاع الفم۔

ترکیب استعمال - (۱) قروح ساعیہ، آبلہ اور سرطانی زخم یا آگ کی سوزش میں بطور ضماد (۲) اورام احشاء (کبد، معدہ ورحم) میں بطور جوشاندہ یا آب مروّق (۳) ورم لسان یا قلاع الفم میں مغز املتاس کے ساتھ اسکے جوشاندہ کو بطور غرغرہ (۴) کان یا ناک کے ورم یا درد میں اسکی پتیوں کے عرق کو بطور قطور۔

مرکبات - عرق مکو، ضماد کبد، ضماد محلل، عرق ماء اللحم مکو کاسنی والا، قیروطی مکو والی۔

نوٹ - (۱) مکو کے کچے پھل اور پودوں میں سمیت پائی جاتی ہے (۲) اسکا جوہر فاعلہ Solanine جو پانی میں حل پذیر ہے اور ابالنے پر برباد ہوجاتا ہے۔

Chemical Constituents : جدید تحقیقات - کیمیائی تجزیہ:-

Solanine, Solamargine, Solasonine, Saponin, Flavonoids, Anthocyanin, Sterols, tannins, Oxalate, Phytic acid, Polyphenol, Cyanide, Nitrates, Nitrites, Ca, Mg, Fe, Zn, K, Na, Mn, P, S, crude fat, Protein, Fibre, Carbohydrate, Vit. A,B,C,E, Folic acid.

Bioactivity : Analgesic, Antiviral, Antitumor, Antioxidant, Anti-inflammatory, Anti pyretic, Hepatoprotective, Diuretic, Sedative.

Indication : Jaundice, Cervical Carcinoma, Dysentry, Tuberculosis, Gout, Earache, Mouthulcer.

Ambergris عَنبر اَشہب (۱۹۷)

Name of Animal	:	Physeter Macrocephalus
Kingdom	:	Animalia
Phylum	:	Chordata
Class	:	Mammalia
Order	:	Cetacea
Family	:	Physeteridae
Genus	:	Physeter linnaeus
Species	:	P. macrocephalus
Binomial Name	:	Physeter macrocephalus (L.)
Synonyms	:	Physeter catodon (L.)
	:	Physeter australasianus
Common Name of Animal	:	Sperm whale
	:	Cachalot

عربی نام - اشہب/عنبر
فارسی - شاہ بو
اردو/ہندی - عنبر
ماخذ - حیوانی
حصص مستعملہ - مسلم عنبر
مدت حیات - ۳۰ سال
مزاج - گرم II خشک I
نفع خاص - محرک باہ
مضر - جگر اور آنتوں کو
مصلح - صمغ عربی
بدل - مشک/زعفران
مقدار خوراک - ۵ ملی گرام

شناخت - عنبر ایک جامد موم کی طرح اشتعال پیدا کرنے والا سفید زردی مائل، سیاہی مائل مادہ ہے جو Sperm whales نامی دریائی جانور کے شکم سے برآمد ہوتا ہے بعض اطباء نے اسے ویل مچھلی کا صفراء (Whales Bile) بتایا ہے۔

اقسام - (۱) عنبر اشہب = سفید زردی مائل نہایت خوشبودار ہوتا ہے (۲) عنبر خشخاشی = سفید نقطے دار اور خوشبو میں کمتر ہوتا ہے (۳) عنبر رملی = ریت ملی ہوئی ہوتی ہے جسے موم کی طرح صاف کر کے استعمال کیا جاتا ہے۔

حصول - امریکہ، چین، جاپان، برازیل، مڈغاسکر، آسٹریلیا، نیوزی لینڈ، افریقہ، انڈیا

افعال - مفرح، مقوی قلب و دماغ و اعصاب، محرک حرارت غریزی، محرک باہ

مواقع استعمال - فالج، لقوہ، رعشہ، کزاز، خدر، خفقان بارد، ضعف دماغ و اعصاب

ترکیب استعمال - (۱) مقوی باہ معاجین میں موم کی طرح پگھلا کر شامل کرتے ہیں۔ (۲) حرارت غریزی کی تولید و تحریک کیلئے دیگر ادویہ کے ہمراہ بطور سفوف (۳) عصبی امراض میں اسے پگھلا کر ہمراہ ماءالعسل استعمال کرتے ہیں۔

مرکبات - خمیرہ گاؤزبان عنبری، خمیرہ آبریشم حکیم ارشد والا، دواءالمسک معتدل جواہر والی، لبوب کبیر، مفرح اعظم

جدید تحقیقات - کیمیائی تجزیہ:-

Chemical Constituents :

Amberin - γ- dihydroionone, Alpha-ambrinol, Gamma-Coronal, 8 α-13-epoxy-14,15,16-trinorlab. δ 12-ene, Floral lactones, Aldehydes, Ketones.

Bioactivity : Aphrodisiac, Anti-infertility.

Indication : Headache, Colds, Epilepsy, Digestive and intestinal trouble, Diarrhoea, Constipation, Sorethroats, Paralysis.

Squill / Onion عَنصَل (پیاز) (۱۹۸)

	Squill	Onion
Kingdom	: Plantae	: Plantae
Phylum	: Angiosperms	: Angiosperms
Class	: Monocot	: Monocot
Order	: Asparagales	: Asparagales
Family	: Asparagaceae	: Amaryllidaceae
Genus	: Urginea	: Allium
Species	: U. maritima	: A. cepa
Binomial Name	: Urginea maritima	: Allium cepa (L.)
Synonyms	: Charybdis maritima (L.)	
	: Scillamaritima (L.)	
	: Squilla maritima (L.)	

عربی نام - عنصل

فارسی - پیاز دشتی

ماخذ - نباتی

حصص مستعملہ - جڑ/تخم

مدت حیات - تین سال

مزاج - گرم خشک II

نفع خاص - مقوی باہ/منضج اورام

مضر - محرورین کو/اعصاب کو

مصلح - سرکہ/نمک

بدل - لہسن/وج ترکی

مقدار خوراک - ۳۔۵ گرام

شناخت - ایک مشہور نبات کی تبدیل شدہ جڑ ہے جس کا مزہ نہایت تلخ ہوتا ہے۔

اقسام - (۱) بستانی = باغوں یا کھیتوں میں اسکی کاشت کی جاتی ہے اسے Allium Cepa کہتے ہیں۔
(۲) صحرائی/جنگلی = جنگل یا ریتیلی مٹی میں پیدا ہوتی ہے جو کھائی جانے والی پیاز کی طرح ہوتی ہے۔ صرف اسکے پتے پیاز کے پتوں سے بڑے اور چوڑے ہوتے ہیں۔ ہندوستان میں پائی جانے والی کو Urginea Indica، اور یورپ میں پائی جانے والی قسم کو Urginea Maritima کہتے ہیں۔ یہ قسم زیادہ قوی ہے۔

حصول - نیویارک، میکسیکو، انڈیا (ایم پی، راجستھان، یوپی، پنجاب)

افعال - منفث ومخرج بلغم، تریاق، مقوی باہ، محلل، منضج، مفرح، جاذب خون، قاتل کرم شکم، مدر بول وحیض

مواقع استعمال - دمہ، کھانسی، امراض چشم، امراض جلد، ضعف باہ، دیدان امعاء، برونکائیٹس

ترکیب استعمال - (۱) امراض چشم میں اسکے عرق کو شہد میں ملا کر بطور قطور (۲) ضعف باہ میں اسکے پانی کو شہد و دیگر ادویہ کے ہمراہ بطور معجون (۳) پیٹ کے کیڑوں کو خارج کرنے کیلئے اسکے تخم کو بطور سفوف۔

مرکبات - معجون پیاز، لبوب الاسرار، لبوب کبیر، لبوب صغیر۔

جدید تحقیقات - کیمیائی تجزیہ:۔

Chemical Constituents :
Glycosides (Seillaren A, Scillaren B), Flavonoids, Kaempferol, Polyglycosides, Sinistrin, Mucilage, Calcium oxalates.

Bioactivity : Anti-inflammatory, Anticholesterol, Antifungal, Antioxidant, Anticancer, Laxative, Expectorant.

Indication : Jaundice, Dropsy, Convulsion, Asthma.

Nutritional Value : Per 100g		Vitamin :		Micro Elements	
Energy	: 166 K	Vit. B_1	: 0.046 mg	Calcium	: 23 mg
Carbohydrates	: 9.34 g	Vit. B_2	: 0.027 mg	Iron	: 0.21 mg
Sugar	: 4.24 g	Vit. B_3	: 0.116 mg	Magnesium	: 0.129 mg
Dietaryfiber	: 1.7 g	Vit. B_6	: 0.12 mg	Phosphorus	: 29 mg
Fat	: 0.1 g	Vit. C	: 7.4 mg	Potassium	: 146 mg
Protein	: 1.1 g	Vit. E	: 0.02 mg		
Water	: 89.11 g	Vit. K	: 0.4 mic/g		

Peony عود صلیب (۱۹۹)

Kingdom	:	Plantae
Phylum	:	Angiosperms
Class	:	Eudicots
Order	:	Saxifragales
Family	:	Paeoniaceae
Genus	:	Paeonia
Species	:	P. officinalis
Binomial Name	:	Paeonia officinalis (Linn.)
Synonym	:	Paeonia corallina
Common Names	:	European peony
	:	Common peony

عربی نام - عودصلیب
فارسی - فادانیا
ماخذ - نباتی
حصص مستعملہ - جڑ
مدت حیات - تین سال
مزاج - گرم خشک III
نفع خاص - دافع تشنج/مرگی
مضر - حاملہ عورتوں کو
مصلح - شہد/گلقند
بدل - غاریقون
مقدار خوراک - ۱۔۳ گرام

خشک جڑ

شناخت - یہ ایک نبات کی جڑ ہے جو ایک سے تین انچ تک لمبی دونوں سروں پر پتلی اور پون انچ موٹی ہوتی ہے۔ اسکا ذائقہ چرپرا اور رنگ بھورا ہوتا ہے، اسکی بیرونی سطح پر لکیریں ہوتی ہیں

وجہ تسمیہ - اسکے جوف میں دو صلیبی خطوط پائے جاتے ہیں۔ جسکی وجہ سے اسکو عودصلیب کہتے ہیں۔

اقسام - (۱) نر (Male)= اسکوتوڑنے پر جوف میں دو خطوط ہوتے ہیں یہی دواءً مستعمل ہے۔
(۲) مادہ (Female)= اسکے جوف میں کوئی خط نہیں ہوتا۔

حصول - ایشیا، جنوبی یورپ، شمال مغربی امریکہ، عرب، بھارت

افعال - مدربول وحیض، مجفف، مفتح عروق، محلل، جالی، ملطف، مسکن۔

مواقع استعمال - فالج، لقوہ، رعشہ، تشنج، مرگی، جنون، سرسام، اختناق الرحم، وجع المفاصل۔

ترکیب استعمال - (۱) امراض دماغیہ وعصبانیہ میں بطور سفوف (۲) امراض جلدیہ میں بطور ضماد

مرکبات - حب عنبر مومیائی، خمیرہ گاؤزبان عنبری جدوار عودصلیب والا، حب صرع، معجون حمل عنبری علوی خان، عرق ماءاللحم، عنبری بہ نسخہ کلاں۔

جدید تحقیقات - جدید نظریہ کے مطابق عودصلیب میں موجود جوہر فاعلہ (Paeoniflorin) قوی دافع تشنج ہے جو معدے، آنتوں اور رحم کے عضلات کو متاثر کرتا ہے نیز بلڈ پریشر اور حرارت کو کم کرتا ہے۔ اسکی جڑ کا جوشاندہ بہترین (Bacterio Static) ہے جو Staphylococcus, Pseudomonas Aeruginosa, اور کچھ فنگی خصوصاً Herpes virus جیسے مہلک جراثیم کو ہلاک کر دیتا ہے اسکے علاوہ Shigellashigae حیض کی درستگی، درد طمث، جگر کی خرابی، کھانسی، Haemorrhoids اور Vericose Vein میں مفید پایا گیا ہے۔

Chemical Constituents : Monoterpene ester, Glucosides of the pinen type (Including Paeoni florin) Anthocyanin (Paeo-nidin-3,5 diglucoside), Tannins (Pentagalloyl glucose), Flavonoids including kaemferol glucosides.

Bioactivity : Antimicrobial, Antibacterial, Antispasmodic, Anti-inflammatory, Analgesic, Sedative, Antioxidant, Antitumor, N.S. relaxant, Hypotensive, Liver Protector.

Indication : Convulsion, Spasmodic nervous affections, Obstruction of liver.

Eagle Wood / Aloes Wood عود غرقی (۲۰۰)

Kingdom	:	Plantae
Phylum	:	Angiosperms
Class	:	Eudicots
Order	:	Malvales
Family	:	Thymelaeaceae
Genus	:	Aquilaria
Species	:	A. malaccensis
Binomial Name	:	Aquilaria malaccensis (Lam.)
Synonyms	:	Aquilaria agallocha
	:	Aquilaria secundaria
Common Names	:	Agar wood
	:	Oud
	:	Oodh
	:	Heart Wood

عربی نام - عود

فارسی - عودغرقی

اردو - عودہندی

ہندی - اگر

ماخذ - نباتی

حصص مستعملہ - لکڑی

مدت حیات - طویل المدت

مزاج - گرم خشک II

نفع خاص - مقوی اعضاء رئیسہ

مضر - محرورین کو

مصلح - کافور/گلاب

بدل - دارچینی/قرنفل

مقدار خوراک - ۳۔۵ گرام

شناخت - یہ ایک سدابہار درخت کی خوشبودار لکڑی ہے جسکا درخت تقریباً ۴۰ میٹر بلند اور ۶۰ سینٹی میٹر گول ہوتا ہے۔ جب اسکی عمر ۳۰۔۴۰ سال ہوتی ہے تو یہ Mold، فنگی یا طفیلی نامیات سے متعدی ہو جاتا ہے جس کے نتیجے میں اس سے ایک Aromatic Resin خارج ہونے لگتا ہے جو اسکے لکڑی کو وزنی بنا دیتا ہے اس طفیلی کیڑے کا نام Phialophora Parasitica ہے۔

وجہ تسمیہ - چونکہ اس درخت کی لکڑی سیاہ رطوبت کی وجہ سے بھاری ہو کر پانی میں غرق ہو جاتی ہے۔ اسلئے اسکو عود غرقی کہتے ہیں۔

حصول - شمالی بھارت، بنگلہ دیش، بھوٹان، برما، سنگاپور، ویت نام، ملیشیا، انڈونیشیا، چین، جاپان، تبت۔

افعال - مقوی معدہ، مقوی اعضاء رئیسہ، کاسر ریاح، ملطف، مفتح، مطیب دہن، منفث بلغم۔

مواقع استعمال - امراض جلدیہ، زخم، درد، سوء ہضم، ضعف بدن، ضعف باہ، صرع۔

ترکیب استعمال - (۱) منھ کی بدبو یا ضعف معدہ کو دور کرنے کیلئے بطور مصالحہ یا چورن (۲) ضعف قلب، کھانسی یا ضعف باہ میں بطور سفوف (۳) امراض جلدیہ میں بطور مرہم یا ضماد۔

مرکبات - جوارش عود ملین، جوارش زرعونی بہ نسخہ کلاں، جوارش جالینوس، دواء المسک معتدل۔

جدید تحقیقات - کیمیائی تجزیہ:۔

Chemical Constituents :
Selinene, Dihydroselinene, Sequiterpene, Hydrocarbons, Sequiterpene alcohol, Agarol, Hydroxy ketone, 5 Isomericdecenes, Rhombic.

Bioactivity : Antiasthmatic, Antimicrobial, Antioxidant, Anti-inflammatory, Antihistaminic.

Indication : Skin related ailments, Infected Wounds & Injuries,Pain, Heart related ailments, Indigestion, Blood Purifier, Gout, Bed wetting, Urine related disorder, Arthritis, Cough, Asthma, Leprosy, Headache.

درخت

White Agaric غاریقون (۲۰۱)

Kingdom	: Fungi
Phylum	: Basidiomycota
Class	: Basidiomycetes
Order	: Polyporales
Family	: Fomitopsidaceae
Genus	: Laricifomes
Species	: L. officinalis
Binomial Name	: Laricifomes officinalis (vill)
Synonyms	: Agaricum officinale (vill)
	: Boletus agaricum
	: Fomitopsis officinalis
Common Names	: Agarikon
	: Boletus

عربی نام - غاریقون
فارسی - ماشان
ماخذ - فنگی
حصص مستعملہ - مسلم فنگی
مدت حیات - پانچ سال
مزاج - گرم I خشک II
نفع خاص - مسہل بلغم وسودا/ مدر بول وحیض
مضر - مولد کرب
مصلح - جند بید ستر/ دودھ
بدل - شحم حنظل
مقدار خوراک - ۵۰۰ ملی گرام

شناخت - غاریقون ایک طرح کا فنگس ہے۔ جو جنوبی اور وسط یورپ میں پائے جانے والے صنوبر یا اسی قسم کے دوسرے بلند درختوں پر کائی کی طرح جم جاتا ہے۔ اس کا رنگ سفید، وزن میں ہلکا، کسی قدر اسفنجی اور ریشے دار ہوتا ہے اس کا مزہ اولاً میٹھا بعد میں تلخی مائل ہو جاتا ہے۔ اسکے ریشوں کو دور کر کے دواءً استعمال کرتے ہیں۔ کیونکہ اسکے ریشوں میں سمیت پائی جاتی ہے۔

حصول - ایشیا، روس، مرکزی امریکہ، جنوبی اور وسطی یورپ
افعال - مقطع و مسہل اخلاط غلیظ، ملین اخلاط، دافع سدد، قابض وحابس خون، مقئی، مدر بول وحیض، مصفی خون۔
مواقع استعمال - وجع المفاصل، عرق النساء، نقرس، مرگی، دمہ، کھانسی، یرقان سدی، استسقاء، احتباس بول وحیض، ورم طحال، بخار
ترکیب استعمال - (۱) امراض بلغمیہ وعصبانیہ میں بطور سفوف (۲) ورم طحال اور بخار میں سکنجبین کے ہمراہ بطور سفوف۔
مرکبات - حب ایارج، حب ایارج بہ نسخہ خاص، معجون تلخ
جدید تحقیقات - کیمیائی تجزیہ:-

Chemical Constituents :
Resin, Gum, Vegetable albumen, Wax, Agaric acid / agaricinic acid (Agaricin), Boletic acid, Tartaric acid, Phosphoric acid, Potash, Lime, Ammonia, Sulphur.

Bioactivity : Antitubercular, Anti-inflammatory, Antibacterial, Antiviral.

Indication : Rheumatic pain, Neuralgic pain, Jaundice, Chronic diarrhoea, Fever, Facial neuralgia, Headache, Flu, Herpes.

غاریقون

Oliver's Gentian غَافِث (۲۰۲)

Kingdom	: Plantae
Phylum	: Angiosperm
Class	: Eudicots
Order	: Gentianales
Family	: Gentianaceae
Genus	: Gentiana
Species	: G. olivieri
Binomial Name	: Gentiana olivieri (Griseb)
Synonym	: Gentiana regeliana (Gand)
Common Names	: Gentian
	: Asbarg

عربی نام - حشیشۃ الغافث/شجرۃ البراغیث

فارسی - خلد

ہندی - گل غافث

ماخذ - نباتی

حصص مستعملہ - گل/عصارہ

مدت حیات - گل=ایک سال،عصارہ=تین سال

مزاج - گرم خشک II

نفع خاص - دافع سدد جگر وطحال

مضر - طحال کو

مصلح - سکنجبین بزوری

بدل - انیسون

مقدار خوراک - ۵۔۷گرام

Root Bark Extract

Berries

غافث

شناخت - ایک خاردار نبات ہے۔جسکے پتے لمبے، چوڑے اور روئیں دار ہوتے ہیں۔اسکا پھول نیلا، نیلوفر کے پھول کی طرح ہوتا ہے۔اسکے تمام اجزاء تلخ ہوتے ہیں۔سب سے بہتر شیراز کا ہوتا ہے۔

حصول - ایران،افغانستان،عراق،شام،ترکستان،آرمینیا،ازبکستان،تاجکستان،چین،پاکستان،سکم۔ناگا کھاسی۔

افعال - ملطف مواد،مقوی معدہ،مصفی خون،مدر بول وحیض،مدر شیر، قاطع اخلاط،مفتح عروق،مسہل سودا،محلل اورام جگر وطحال۔

مواقع استعمال - اورام جگر،صلابت جگر،سوٗ القنیہ،استسقاءلحمی،جرب وحکہ،داء الثعلب،داء الحیہ،حمیات کہنہ ومرکبہ۔

ترکیب استعمال - (۱) بخاروں میں اسکے پھولوں کو بطور جوشاندہ (۲) امراض جلدیہ میں بطور جوشاندہ اور ضماد۔ (۳) اورام احشاء اور سوٗ القنیہ میں بطور جوشاندہ یا عصارہ۔

مرکبات - حب غافث،قرص غافث،معجون دبید الورد،حب شبیار

جدید تحقیقات - کیمیائی تجزیہ:۔

Chemical Constituents :
Glycoside, Streptozotocin, Tannin, Volatile oil, Gentiopicrin, Amarogentin, Gentiopicroside, Terpenes, Minerals, Vitamins, Gentin, Gentisin, Oligosac charides (Gentionose).

Bioactivity : Antibacterial, Antifungal, Anti-inflammatory, Antidiabetic, Antihyperlipidemic, Hepatoprotective, Antioxidant, Antimicrobial, Immunomodu lator, Antipyretic, Anticonvulsant, Antiepileptic.

Indication : Ailments of urinary tract, Stomach, Liver, Nervous & Reproductive system.

پھول

Grewia Fruit فَالُسَہ (۲۰۳)

Kingdom	: Plantae
Phylum	: Angiosperms
Class	: Eudicots
Order	: Malvales
Family	: Malvaceae
Genus	: Grewia
Species	: G. asiatica
Binomial Name	: Grewia asiatica (Linn.)
Synonyms	: Grewia subinaequalis (Dc.)
	: Grewia hainesiana (Hole)
Common Names	: Falsa
	: Phalsa

عربی نام - فالسہ

فارسی - پالسہ

بنگلہ - پھلسا

ماخذ - نباتی

حصص مستعملہ - پھل، جڑ، چھال

مدت حیات - پھل تازہ، چھال=دوسال

مزاج - سرد II تر I

نفع خاص - دافع امراض صفراویہ

مضر - نفاخ

مصلح - نمک طعام

بدل - آلو بخارہ/شہتوت

مقدار خوراک - آب فالسہ=۲۵ ملی لیٹر

شناخت - ایک درخت کا پھل ہے جو جنگلی بیر سے چھوٹا یا اس کے برابر گول شکل کا ہوتا ہے، خام حالت میں اسکا رنگ سبز اور مزہ کسیلا اور پختہ ہونے پر سیاہ سرخی مائل اور ذائقہ میخوش اور شاداب ہوتا ہے، اس درخت کے پتے توت کے پتوں کی طرح لیکن ان سے بڑے اور کناروں پر سرخ خطوط ہوتے ہیں۔ اسکے پھولوں کا رنگ زردی مائل سرخ ہوتا ہے۔

اقسام - (۱) فالسہ شربتی=میٹھا اور چاشنی دار ہوتا ہے
(۲) فالسہ شکری=کھٹ میٹھا و شیریں ہوتا ہے

حصول - بہار، اڑیسہ، یوپی، پنجاب، بنگال، پاکستان

افعال - دافع حدت صفراء، مسکن حدت و جوش خون، مقوی قلب و معدہ و جگر

مواقع استعمال - سوزاک، حرقت البول، ذیابیطس، صفراوی دست، ضعف قلب و جگر

ترکیب استعمال - (۱) امراض صفراویہ و دمویہ میں اسکے پھلوں کو بطور شربت (۲) سوزاک و حرقت البول میں اسکی جڑوں کو بطور جوشاندہ (۳) صفراوی دستوں میں بطور نقوع (۴) مرض ذیابیطس میں اسکی چھال کے اوپری حصے کو چھیل کر بطور نقوع۔

مرکبات - شربت فالسہ، رب قابض

جدید تحقیقات - کیمیائی تجزیہ:۔

Chemical Constituents :
Friedelin, Grewinol, Quercetin, β-amyrin, β-sitosterol, Taraxasterol.

Bioactivity : Antibacterial, Antibilious, Antidiabetic, Antidiarrhoeal, Antiemetic, Antigonorrhoeal, Antipyretic, Antirheumatic, Antiseptic, Anti-inflammatory.

Indication : Fevers, Diarrhoea, Heart & Blood disorder, Respiratorydis order. Root bark is employed in the treating rheumatism.

Nutrional Value : Per 100g		**Micro element :**		**Vitamins :**	
Energy	: 90.5 K Cal,	Calcium	: 136 mg	Vit - A	: 16.11 mg
Moisture	: 76.3 gm	Phosphorus	: 24.2 mg	Vit - B_1	: 0.02 mg
Fat	: 0.1 gm	Iron	: 1.08 mg	Vit - B_2	: 0.264 mg
Protein	: 1.57 gm	Potassium	: 372 mg	Vit - B_3	: 0.825 mg
Carbohydrates	: 21.1 gm	Sodium	: 173 mg	Vit - C	: 4.385 mg
Dietaryfibre	: 5.53 gm				
Ash	: 1.1 gm				

Resin Spurge فرفیون (۲۰۴)

Kingdom	: Plantae
Phylum	: Angiosperms
Class	: Eudicots
Order	: Malpighiales
Family	: Euphorbiaceae
Genus	: Euphorbia
Species	: E. resinifera
Binomial Name	: Euphorbia resinifera (Berg.)
Synonym	: Euphorbia officinarum
Common Names	: Euphorbium
	: African spurge

عربی نام - اکل بنفشہ
فارسی - فرفیون/افربیون
یونانی - کمالیون
ماخذ - نباتی
حصص مستعملہ - دودھ
مدت حیات - تین سال
مزاج - گرم خشک IV
نفع خاص - مسہل بلغم
مضر - امعاء
مصلح - روغنیات
بدل - شیرزقوم
مقدار خوراک - ۵۰۰ ملی گرام

خشک فرفیون

شناخت - یہ ملک افریقہ کے مراقش نامی علاقہ کی ایک نبات ڈنڈ اتھوہر کا منجمد دودھ ہے، ڈنڈ اتھوہر ناگ پھنی ذات کا ایک پودا ہے جو بغیر پتے کا ہوتا ہے۔اس میں ۴ فٹ اونچا ایک تنہ ہوتا ہے جس سے بے شمار شاخیں نکلتی ہیں۔ان شاخوں پر چھوٹے چھوٹے پھول کھلتے ہیں، جو زرد رنگ کے چمکیلے ہوتے ہیں۔پھل ایک چھوٹے سے کیپسول میں ملفوف ہوتا ہے جسکے ہر خانے میں ایک تخم ہوتا ہے۔ان تنوں میں شگاف دینے سے دودھ کی طرح ایک قسم کی رطوبت خارج ہوتی ہے جسکو اکٹھا کر کے دھوپ میں خشک کر لیتے ہیں اسی کو فرفیون کہتے ہیں۔

حصول - مراقش (Morocco)

افعال - بیرونی=منفط (آبلہ انگیز) محمر، مقرح، محرک
اندرونی=مخن، مقوی اعصاب، مسہل قوی، مسہل بلغم، مسقط جنین

مواقع استعمال - فالج، لقوہ، رعشہ، وجع المفاصل، خدر، سکتہ، قولنج، استسقاء

ترکیب استعمال - (۱) امراض بلغمیہ وعصبانیہ میں بطور جوشاندہ (۲) قوت باہ کو تحریک دینے کیلئے عضو مخصوص پر بطور طلاء (۳) حیض جاری کرنے اور جنین کو ساقط کرنے کیلئے بطور فرزجہ

مرکبات - روغن کلاں، روغن سیر، روغن قسط برائے فالج، ضماد خنازیر۔

جدید تحقیقات - کیمیائی تجزیہ:۔

Chemical Constituents :
Euphorbone, Euphorbo - resene, Euphorbic acid, Calcium malate, Potassium malate, Lignin, Volatile oil, Bassorin.

Bioactivity : Antimicrobial, Antifungal.

Indication : Bronchitis, Cancer, Catarrh, Conjunctivitis, Constipation, Dermatosis, Diarrhoea, Dropsy, Dysmenorrhoea, Epistaxis, Gout, Headache, Inflammation, Immunodepression, Ulcer.

Toxicity : The Latex (resin) is particularly dangerous for the eyes skin & mucous membranes & will produce burning pain in bones & Limbs, & Paralytic weakness in the Joints.

Sweet Basil فَرَنجَمِسک (۲۰۵)

Kingdom	: Plantae
Phylum	: Angiosperms
Class	: Eudicots
Order	: Lamiales
Family	: Lamiaceae
Genus	: Ocimum
Species	: O. basilicum
Binomial Name	: Ocimum basilicum (L.)
Synonym	: Ocimum minimum (L.)
Common Names	: Basil
	: Tulsi
	: Rayhan

خشک پتے

تخم

عربی نام - فرنجمسک

فارسی - بالنگوئے خورد

بنگلہ - بابوئی تلسی

ہندی - رام تلسی

ماخذ - نباتی

حصص مستعملہ - برگ، تخم

مدت حیات - دوسال

مزاج - گرم خشک II

نفع خاص - مقوی معدہ وجگر

مضر - محرورین کو

مصلح - سکنجبین

بدل - بادرنجبویہ

مقدار خوراک - ۵۔۷ گرام

شناخت - یہ ریحان خاندان سے تعلق رکھنے والا ایک خوشبودار پودا ہے جسکے پتے تلسی کے پتوں سے بڑے ہوتے ہیں ان کے تخموں کو پانی میں بھگونے سے لعاب پیدا ہوتا ہے لیکن ریحان کے تخموں کی طرح پھول کر سفید نہیں ہوتے بلکہ خاکستری رنگ کے رہتے ہیں۔

حصول - شمال مشرقی ایشیا، بھارت، ویتنام، کمبوڈیا، تھائی لینڈ، افریقہ، حجاز، برازیل، ایران

افعال - مفرح ومقوی قلب، مفتح، مقوی معدہ وجگر بارد، کاسر ریاح، مسکن، دافع تعفن، مجفف۔

مواقع استعمال - کھانسی، دمہ، سردرد، وجع المفاصل، قاتل دیدان امعاء وشکم، وجع المعدہ

ترکیب استعمال - (۱) خفقان ودیگر امراض قلب میں بطور جوشاندہ (۲) منہ کے السر یا دانتوں کی حساسیت میں اسکے روغن کو نیم گرم پانی کے ہمراہ بطور مضمضہ (۳) وجع المفاصل یا دیگر امراض عضلات میں اسکے روغن کو بطور مالش۔

مرکبات - خمیرہ آبریشم سادہ۔ خمیرہ آبریشم عود مصطگی والا، خمیرہ گاؤزبان سادہ

جدید تحقیقات - کیمیائی تجزیہ :۔

Chemical Constituents :

Alpha-Pinene, β- Pinene, β- Caryophllene, β- elemene, isocaryophyllene, Cis-3-hexanol, Linalool, Phenol, eugenol, methyl-etherphenols, Terpenic acid.

Bioactivity : Antipyretic, Antibacterial, Antifungal, Antispasm, Antiviral, Antioxidant, Antimicrobial, Anticancer.

Indication : Cancer, Asthma, Stress, Diabetes, Pimples, Cough, Colds, Fevers, Arthritis, Respiratory infections, G.I.T. disorder, Menstrual disorder, Dentalailments.

Nutrional Value : Per 100g		
Energy	:	23 K Cal
Carbohydrates	:	2.65 g
Protein	:	3.15 g
Fat	:	0.64 g
Dietary fibre	:	1.6 g
Vitamins :	:	
Folates	:	68 mcg
Niacin	:	0.902 mg
Pantothenic acid	:	0.209 mg
Pyridoxine	:	0.155 mg
Riboflavin	:	0.076 mg
Thiamin	:	0.034 mg
Vit. E	:	0.80mg
Vit. K	:	414.8 mcg

Electrolytes :			
Sodium	:	4	mg
Potassium	:	295	mg
Micro elements :			
Calcium	:	177	mg
Copper	:	385	mg
Iron	:	3.17	mg
Magnesium	:	64	mg
Manganese	:	1.15	mg
Zinc	:	0.81	mg
Phyto nutrients :			
Carotene - β	:	3142	mcg
Crypto-xanthin-β	:	46	mcg
Lutein zeaxanthin	:	5650	mcg

White Pepper فِلفل سَفید (۲۰۶)

Kingdom	:	Plantae
Phylum	:	Angiosperms
Class	:	Magnoliids
Order	:	Piperales
Family	:	Piperaceae
Genus	:	Piper
Species	:	P. nigrum
Binomial Name	:	Piper nigrum (Linn.)
Synonyms	:	Muldera multiner (Mig)
Common Names	:	Pepper
	:	Common Pepper

عربی نام - فلفل ابیض

فارسی - فلفل سفید

ہندی/اردو - سفید مرچ

ماخذ - نباتی

حصص مستعملہ - پختہ پھل

مدت حیات - چھ سال

مزاج - گرم خشک III

نفع خاص - کاسر ریاح/ہاضم

مضر - محرورین کو

مصلح - دھنیا/شہد

بدل - سیاہ مرچ/سونٹھ

مقدار خوراک - ۵۰۰ ملی گرام

شناخت - یہ گول مرچ نامی ایک بیلدار نبات کے گول اور سفید پھل ہیں، جو گول مرچ کے پختہ ہو کر چھٹنے سے برآمد ہوتے ہیں۔ گول مرچ کی بہ نسبت اس میں چرپراہٹ کم ہوتی ہے اس سے معدہ میں لذع بھی پیدا نہیں ہوتا۔

حصول - مڈغاسکر، جاوا، ساٹرا، ملیشیا، سنگاپور، پانڈیچری۔

افعال - بیرونی = جالی، جاذب خون، محرش جلد بعد میں مسکن، مولد لعاب دہن
اندرونی = مقوی اعصاب و معدہ و جگر، ہاضم، مشتہی، کاسر ریاح، مقوی باہ، منفث بلغم، مدر بول وحیض، تریاق سموم باردہ، دافع حمی

مواقع استعمال - نوبتی بخار، احتباس بول وحیض، تبخ ریحی، استرخاء حلق، امراض معدہ و جگر۔

ترکیب استعمال - (۱) امراض معدہ و جگر میں بطور چورن یا مصالحہ (۲) تبخ ریحی اور بلغمی ورموں میں بطور ضماد (۳) استرخاء حلق یا وجع الاسنان میں بطور سنون یا غرغرہ (۴) کھانسی اور دمہ میں شہد کے ہمراہ بطور لعوق (۵) نوبتی بخاروں یا عقرب و مار گزیدہ میں بطور جوشاندہ

مرکبات - جوارش کمونی، جوارش جالینوس، جوارش بسباسہ، معجون جوگراج گوگل، معجون تلخ

جدید تحقیقات - کیمیائی تجزیہ :-

Chemical Constituents :
Piperine, Piperidine, Essential oil, Fat, Chavicin, Starch, Lignin, Gum, Proteids.

Bioactivity : Antidepressant, Antioxidant, Antiproliferative.

Indication : Malaria, Cholera, Stomach upset, Cancer, Pain, Scabies.

Nutrional Value : Per 100g		Micro elements:		Vitamines:	
Energy	: 296 K Cal	Calcium (Ca)	: 265 mg	Vit. C (ascorbic acid)	: 21.0 mg
Water	: 11.42 g	Iron (Fe)	: 14.31 mg	Thiamin	: 0.022 mg
Protein	: 10.40 g	Magnesium (Mg)	: 90 mg	Riboflavin	: 0.126 mg
Fat	: 2.12 g	Phosphorus (P)	: 176 mg	Niacin	: 0.212 mg
Ash	: 1.59 g	Potassium (K)	: 73 mg	Vit. B_6	: 0.100 mg
Carbohydrates	: 68.61 g	Sodium (Na)	: 5 mg	Folate	: 10 mcg
Dietary fibre	: 26.2 g	Zinc (Zn)	: 1.13 mg		
		Copper (Cu)	: 0.910 mg		
		Manganese (Mn)	: 4.300 mg		
		Selenium (Se)	: 3.1 mcg		

Black Pepper فِلفِل سیاہ (۲۰۷)

Kingdom	:	Plantae
Phylum	:	Angiosperms
Class	:	Magnoliids
Order	:	Piperales
Family	:	Piperaceae
Genus	:	Piper
Species	:	P. nigrum
Binomial Name	:	Piper nigrum (Linn.)

عربی نام - فلفل اسود

فارسی - فلفل سیاہ/فلفل گرد

اردو - کالی مرچ

ہندی - گول مرچ

ماخذ - نباتی

حصص مستعملہ - غیر پختہ پھل

مدت حیات - چھ سال

مزاج - گرم خشک III

نفع خاص - ہاضم/کاسر ریاح

مضر - محرورین کو

مصلح - شہد/نبات سفید

بدل - فلفل دراز

مقدار خوراک - ایک گرام تک

شناخت - یہ ایک بیلدار نبات کے غیر پختہ پھل ہیں جسے غیر پختہ حالت میں توڑ کر خشک کرلیا جاتا ہے۔ جب یہ پھل ہرے سے لال ہونے لگتے ہیں تو یہ توڑنے کے قابل ہوجاتے ہیں، یہ گچھوں میں لگتے ہیں۔ جو خام حالت میں سبز بعد میں خشک ہوکر سیاہ جھری دار ہوجاتے ہیں اسکے پتے پان کے پتوں کی طرح مگر اس سے چھوٹے اور صنوبری شکل کے ہوتے ہیں۔

حصول - مڈغاسکر، جنوبی بھارت، جاوا، ساٹرا، سنگاپور

افعال - محلل ریاح، مفتح سدد، مخرج بلغم، مقوی ومحرک باہ، مدر بول وحیض، ہاضم طعام، دافع تریاق ثلاثہ، دافع سعال بلغمی، مقوی معدہ، دافع حمی، مقوی اعصاب

مواقع استعمال - امراض معدہ وجگر، امراض بلغمیہ وعصبانیہ، نوبتی بخار، امراض جلدیہ، بواسیر۔

ترکیب استعمال - (۱) امراض معدہ وجگر میں اسکا سفوف بطور چورن (۲) خنازیر جیسے سخت ورموں کو تحلیل کرنے کیلئے بطور ضماد (۳) استرخاء حلق اور دانتوں کے امراض میں بطور منجن یا جوشاندے سے غرغرہ (۴) مار وعقرب گزیدہ اور افیون خوردہ میں بطور جوشاندہ (۵) دماغی رطوبات کو کم کرنے کیلئے مویز منقی کے ہمراہ بطور سفوف۔

مرکبات - معجون تلخ، حب پپیتہ، جوارش کمونی، اطریفل کبیر، جوارش جالینوس

جدید تحقیقات - فلفل سیاہ اور فلفل سفید دونوں کے جوہر فاعلہ ایک ہی ہیں البتہ اسکے روغن کے جوہر فاعلہ مندرج ہیں۔

Chemical Constituents :

α-thujone (terpenes), α-Pinene, Camphene, Sabinene, β-Pinene, α-Phelandrene, Myrcene, Limonene, Caryophyllene, β-farnesene, β-bisabolene, Linalool.

Bioactivity : Antioxidant, Antibacterial, Antiseptic, Antispasmodic, Antipyretic, Carminative, Aphrodisiac, Rubifacient, Diuretic.
Indication : Constipation, Diarrhoea, Earache, Gangrene, Hernia, Hoarseness, Indigestion, Joint Pain, Heart disease, Liver Problem, Lung disease, Oral abcesses, Toothache.

Long Pepper Root فِلفِل مویہ (۲۰۸)

Kingdom	: Plantae
Phylum	: Angiosperms
Class	: Magnoliids
Order	: Piperales
Family	: Piperaceae
Genus	: Piper
Species	: P. longum
Binomial Name	: Piper longum (Linn.)
Common Names	: Long pepper root
	: Indian long pepper root
	: Pippali root

عربی نام - اصل الفلفل
فارسی - فلفل مویہ/ بیخ دار فلفل
بنگلہ - پپلی
ہندی - پیپلامول
اردو - پیپل
ماخذ - نباتی
حصص مستعملہ - جڑ

خشک جڑ

مدت حیات - چارسال
مزاج - گرم خشک II
نفع خاص - مقوی معدہ
مضر - منی اور بینائی کو
مصلح - صمغ عربی
بدل - سورنجان
مقدار خوراک - ا۔۲ گرام

شناخت - یہ فلفل دراز کی جڑ ہے جوسخت، وزنی اور گرہ دار ہوتی ہے اسکی شکل چرچٹہ کی جڑ کی طرح ہوتی ہے اسکی رنگت باہر سے خاکستری سیاہی مائل اور توڑنے پر اندر سے سفید ہوتی ہے۔ اسکا مزہ فلفل دراز کی طرح تیز اور تلخی مائل ہوتا ہے۔

حصول - راجستھان، جنوبی ہند، آسام، ناگالینڈ، نیپال، بنگلہ دیش، سری لنکا

افعال - مقوی معدہ، کاسر ریاح، مسخن، محلل اورام، جالی، مقوی باہ۔

مواقع استعمال - نفخ شکم، امراض بلغمیہ، وجع الورک، عرق النساء، نقرس، قولنج

ترکیب استعمال - (۱) عرق النساء، نقرس اور وجع المفاصل جیسے امراض میں بطور ضماد (۲) امراض معدہ وجگر میں بطور سفوف (۳) امراض جلدیہ اور چہرے پر نکھار لانے کیلئے بطور طلاء (۴) بلغمی دمہ میں لہسن کے ہمراہ بطور جوشاندہ (۵) کھانسی کو دور کرنے کیلئے شہد کے ساتھ بطور لعوق

مرکبات - جوارش بسباسہ، جوارش جالینوس، جوارش زرعونی عنبری بہ نسخہ کلاں، معجون جوگراج گوگل۔

جدید تحقیقات - کیمیائی تجزیہ :۔ اسکی جڑ میں سات جدید Amide پائے گئے ہیں۔

Chemical Constituents :

(1) N- Isobutyl - 4-hexanoyl -4-hydroxy pyrrolidin - 1-1
(2) Erythro - 1-(1-0X0-4, 5-dihydroxyze - decaenyl) piperidine
(3) Threo -1-(1-0X0-4, 5-dihydroxyze - decaanyl) piperidine
(4) Threo -N- isobutyl (-4-5- dihydroxyze - octaenamide)
(5) 1-1(1, 6-dioxoze 4Edecadienyl) piperidine

(6) 1-1-0X0-3 (3, 4- methylene dioxy -5- methoxy phenyl) 2Z-propenyl piperidine.
(7)1-0X-5(3,4-methylene dioxy phenyl) 2Z, 4E Pentadienyl Pyrrolidine.

Bioactivity : Analgesic, Antitumor, Immunomodulator, Antibacterial, Carminative, Anti-inflammatory.

Indication : Bronchitis, Asthma, Cough, Nerve depressant, Muscular spasm, Hemiplegia, Sciatica, Tumor, Heartburn, Diarrhoea & Cholera, Headache, Toothache, Epilepsy, Fever, Insomnia, Leprosy, Enlarged spleen, Muscular Pain, Nasal discharge, Paralysis, Psoriasis, Tuberculosis, Piles, Indigestion, Hyperacidity.

Hazel nut فُندُق (۲۰۹)

Kingdom	:	Plantae
Phylum	:	Angiosperms
Class	:	Eudicots
Order	:	Fagales
Family	:	Betulaceae / Corylaceae
Genus	:	Corylus
Species	:	C. avellana
Binomial Name	:	Corylus avellana (linn.)
Synonym	:	Corylus heterophylla
Comon Names	:	Common hazel
	:	Cob nut
	:	Aveleira
	:	European filbert

عربی نام - جلوز
فارسی - بندق/ بادام کوہی
ماخذ - نباتی
حصص مستعملہ - مغز
مدت حیات - دوسال
مزاج - گرم خشک I - گرم تر I
نفع خاص - مقوی باہ/ دماغ
مضر - قابض/ مصدع
مصلح - قند/ شہد
بدل - مغز بادام/ چلغوزہ
مقدار خوراک - ۶-۱۲ گرام

شناخت - یہ ایک درخت کا پھل ہے جو بیضوی شکل کا ہوتا ہے اسکو توڑنے پر اندر سے بادام کی مغز کی طرح ایک مغز نکلتا ہے جو شیریں اور لذیز ہوتا ہے۔ ۷ سے ۸ ماہ میں پختہ ہو کر کھانے کے قابل ہو جاتا ہے۔ یہ پروٹین اور روغن سے بھر پور ہوتا ہے۔

حصول - یورپ، مغربی ایشیا، ترکی، ایران، شمالی امریکہ، آسٹریلیا، بھارت (ترکی میں اسکی کاشت ہوتی ہے اور پورے دنیا کا ۷۵ فیصد فندق یہاں سے برآمد ہوتا ہے)۔

افعال - مقوی دماغ وحافظہ، مقوی بدن، مقوی باہ، منفث بلغم، دافع سعال

مواقع استعمال - نزلہ، زکام، دمہ، کھانسی، ضعف باہ و بدن، ضعف دماغ وحافظہ۔

ترکیب استعمال - (۱) ضعف دماغ، نزلہ وزکام میں اسکے مغز کو فلفل سیاہ کے ہمراہ بطور سفوف (۲) دمہ و کھانسی میں مغز کے سفوف کو شہد کے ہمراہ بطور لعوق (۳) عقرب گزیدہ کو بطور میوہ اور مقام گزیدہ پر بطور ضماد

مرکبات - لبوب صغیر، لبوب کبیر، معجون ثعلب، حلوائے گزر

جدید تحقیقات - کیمیائی تجزیہ:۔

Chemical Constituents :

Alanine, α-tocopherol, Arginine, Aspartic acid, Ascorbic acid, Avenasterol, Auxins, β - Carotene, β - Sitosterol, Betulin, Brassino steroids, Caffeoylquinic acid, Caffeoyltartaric acid, Coumaroyltartaric acid, Campesterol, Chlorine, Citrostadienol, Cytokinins, Fibre, Gallic acid, Gibberellins, Glutamic acid, Hamamelitannin, Jasmonic acid, Kaempferol, Meristems plant stem cells, Phenols, Leucine, Linoleic acid, Myricitrin, Myristic acid, N-nonacosane, Oleic acid Palmitic acid, Proantho cyanidins, Quercetin, Salicylate, Saturated fatty acids, Polyunsaturated fatty acids, stigma sterols, sucrose, Taraxerol, vanadium.

Bioactivity : Antioxidant, Anti-inflammatory, Antimicrobial, Antifungal, Anthelmintic, Astringent, Diaphoretic.
Indication : Cardiac diseases, Skin diseases, Threadworm or Pinworm infestations.

Nutrional Value : Per 100g of fruit		Micro elements :		Vitamins :	
Energy	: 628 K Cal	Calcium	: 114 mg	Vit. A	: 1 mcg (20 I.U.)
Carbohydrates	: 16.7 g	Iron	: 4.7 mg	B_1 (Thiamine)	: 0.643 mg
Fat	: 60.75 g	Magnesium	: 163 mg	B_2 (Riboflavin)	: 0.113 mg
Protein	: 14.95 g	Manganese	: 6.175 mg	B_3 (Niacin)	: 1.8 mg
Water	: 5.31 g	Phosphorus	: 290 mg	B_5 (Pantothenic acid)	: 0.918 mg
		Potassium	: 680 mg	B_6	: 0.563 mg
		Zinc	: 2.45 mg	B_9 (Folate)	: 113 mcg
				Vit. C (Ascorbic acid)	: 6.3 mg
				Vit. E	: 15.03 mg
				Vit. K	: 14.2 mcg

Iron (Fe) فولاد (۲۱۰)

Symbol	: Fe
Atomic No.	: 26
Atomic Wt.	: 55.845
Electron Pershell	: 2,8,14,2
Density	: $7.874 g.cm^3$
Melting Point	: 1538 °C
Boiling Point	: 2862 °C
Ores	: Hematite, Magnetite

عربی نام - حدید

فارسی - آہن

ہندی - لوہا

لاطینی - Ferum

ماخذ - معدنی

حصص مستعملہ - کشتہ/آب آہن تاب

مدت حیات - طویل المدت

مزاج - گرم خشک II

نفع خاص - مولدخون

مضر - قابض

مصلح - مکھن/گھی

بدل - خبث الحدید

مقدار خوراک - کشتہ = ۵ ملی گرام

شناخت - فولاد ایک کیمیائی عنصر ہے، جسمیں پروٹین اور آکسیجن کے ساتھ جڑنے کی اعلیٰ خصوصیت پائی جاتی ہے۔اور یہ خون اور عضلات کا اہم جز ہے۔

حصول - چین، آسٹریلیا، برازیل، انڈیا، روس، یوکیرائن، جنوبی افریقہ، یونائیٹڈ اسٹیٹ، کناڈا، ایران

افعال - مقوی معدہ وجگر وطحال، مولدخون، قابض، مقوی باہ

مواقع استعمال - قلت الدم، ضعف معدہ وجگر، عظم الطحال، اسہال دموی، سلسل البول

ترکیب استعمال - (۱) امراض معدہ وجگر وقلت الدم میں مکھن کے ہمراہ بطور کشتہ (۲) اسہال معوی ومعدی میں بطور آب آہن تاب (بجھا ہوا پانی) یا دوغ آہن تاب (بجھا ہوا چھاچھ)

مرکبات - کشتہ فولاد، شربت فولاد، معجون فنجوس

نوٹ - حسب ذیل اوقات میں جسم کو فولاد کی ضرورت پڑتی ہے۔

(۱) بچوں اور لڑکوں میں جسم کی بالیدگی کے دوران (۲) ماں کو حمل کے دوران

(۳) کثرت حیض، جریان معدی ومعوی جیسے عوارضات کے دوران (۴) غذاؤں میں حیوانی پروٹین کی کمی کے دوران (۵) روزانہ Aspirin کے استعمال کے دوران

جدید تحقیقات - کیمیائی تجزیہ

Chemical Constituent :

Ferum phos.

Indication : Anaemia, Iron deficiency anemia, ADHD (attention deficit-hyperactivity disorder), Canker sores, Crohn's diesase, Depression, Fatigue, Pregnant women,

Side Effect: The most common side effect from Iron supplements is stomach upset, discomfort, nausea, diarrhoea, constipation & heartburn, Risk of Heart disease, Cancer (Such as Breast cancer), inflammatory bowel disease (ulcerative colitis) It may Occur in people who take large amounts of Iron over a long period.

Stag's Horn قرن الایل (۲۱۱)

عربی نام - قرن الایل
فارسی - شاخ گوزن
بنگلہ - گوسورسینگ
اردو - بارہ سنگھا
ماخذ - حیوانی
حصص مستعملہ - سینگ
مدت حیات - ۵۰سال
مزاج - گرم خشک III
نفع خاص - بلغمی کھانسی
مضر - خشکی پیدا کرتا ہے
مصلح - روغنیات/ بالائی
بدل - زردی بیضۂ مرغ
مقدار خوراک - برادہ=۱-۳ گرام، کشتہ=۵ ملی گرام

Kingdom : Animalia
Phylum : Chordata
Class : Mammalia
Order : Artiodactyla
Family : Cervidae
Genus : Cerus
Species : C. elaphus
Binomial Name : Ceruus elaphus (L.)
Comon Names : Red dear (Male)
: Elk
: Bactrian deer

قرن الایل

شناخت - قرن الایل ایک مشہور جانور بارہ سنگھا (Male Red Horn) کی سینگ ہے جو ہرن کے قسم کا ایک جانور ہے، یہ بنیادی طور پر کیلشیم اور فاسفورس سے ترتیب پایا ہوا ہوتا ہے۔ ابتدائی دنوں میں یہ ملائم اور اسفنجی ہوتا ہے لیکن بعد میں سخت ہوجاتا ہے، اسکی بالیدگی کھوپڑی کے Frontal Bone کے Pedi Cells سے ہوتی ہے۔ یہ عروق دمویہ اور اعصاب سے آراستہ ہوتا ہے اسکا باہری حصہ جلدی غلاف اور بال والی کھال سے ڈھکا ہوتا ہے، جسے Velvet کہتے ہیں، اسے بارہ سنگھا کے جسم سے جدا کردینے پر اسکی بالیدگی دوبارہ شروع ہو جاتی ہے۔ اس بالیدگی اور تبدیلی میں اسکے جنسی ہارمون Testosterone کا بڑا دخل ہوتا ہے۔

حصول - یورپ، ایشیا، شمال مغربی افریقہ، آسٹریلیا، نیوزی لینڈ، ارجنٹینا، یو کے
افعال - محلل، مسکن، جالی، منفث بلغم، مولد خون
مواقع استعمال - ذات الجنب، ذات الریہ، دمہ، کھانسی، فقر الدم، وجع المفاصل
ترکیب استعمال - (۱) ذات الریہ وذات الجنب میں اسے گھس کر بطور ضماد (۲) امراض چشم جیسے جالا، پھولا وغیرہ میں اسکے کشتہ کو بطور سرمہ (۳) امراض طمث، عقر یا بول کے عارضہ میں بطور کشتہ۔
مرکبات - کشتہ قرن الایل، سنون مسیحی
جدید تحقیقات - کیمیائی تجزیہ

Chemical Constituents :

Ash, Calcium, Phosphorus, Magnesium, Protein, Lipids, Amino acid, Fatty acid, Uronic acid, Proleoglycans, Glycosaminoglycans, Suger, Vit.A, Estrone, Estradiol, Sphingomyelin, Ganglioside & Prostaglandins.

Bioactivity : Anti-inflammatory, Antioxidant, Immune stimulant.

Indication : Skin ailments, Arthritis, Tendonitis, Osteoarthritis, Anemia, Knee weakness.

Clove قَرنفَل (۲۱۲)

Kingdom	: Plantae
Phylum	: Angiosperms
Class	: Eudicots
Order	: Myrtales
Family	: Myrtaceae
Genus	: Syzygium
Species	: S. aromaticum
Binomial Name	: Syzygium aromaticum (L.)
Synonyms	: Caryophyllus aromaticus (L.)
	: Eugenia aromatica (L.)
	: Eugenia caryophylata
Common Names	: Clove
	: Laung
	: Caryophyllum

عربی نام - قرنفل
فارسی - میخک
ہندی - لونگ
بنگلہ - لاونگو
ماخذ - نباتی
حصص مستعملہ - خشک کلی
مدت حیات - دس سال
مزاج - گرم خشک III
نفع خاص - کاسر ریاح/مقوی باہ
مضر - گردہ کو
مصلح - صمغ عربی
بدل - دارچینی
مقدار خوراک - ۵۰۰ ملی گرام

شناخت - یہ لونگ نامی سدابہار درخت کی خشک شدہ کلیاں ہیں جن کا رنگ سرخ سیاہی مائل ہوتا ہے۔ان کے اوپری جانب چار دندانے ہوتے ہیں جنکے درمیان ایک گول ابھار ہوتا ہے۔ جو دراصل پھول کی پنکھڑیاں ہیں اور آپس میں لپٹی ہوئی ہوتی ہیں ان پنکھڑیوں کے اندر زیرہ ہوتا ہے،ان کا مزہ تلخ و تیز اور بو تیز و خوشگوار ہوتی ہے۔

حصول - جنوبی ہند، سری لنکا، مڈغاسکر، ویتنام، پاکستان، برازیل (انڈونیشیا کا Maluku نامی جزیرہ اسکا وطن ہے)

افعال - بیرونی = محلل، محمر، مخدر، دافع تعفن

اندرونی = مفرح و مقوی قلب و دماغ، منفث بلغم، مطیب دہن، دافع تشنج، مقوی معدہ و جگر، کاسر ریاح، مقوی و محرک باہ، دافع خشونت حلق

مواقع استعمال - امراض معدہ و جگر، اسہال، نفخ شکم، قے، متلی، وجع الاسنان، پھوڑے پھنسی

ترکیب استعمال - (۱) پھوڑے پھنسی میں بطور ضماد (۲) دانتوں کے درد اور منہ کے دیگر عوارضات میں اسکے تیل کو بطور طلاء (۳) سوء ہضم اور مزمن قبض کو دور کرنے کیلئے بطور مصالحہ۔

مرکبات - جوارش جالینوس، معجون جوگراج گوگل، دواء الکرکم کبیر

جدید تحقیقات - کیمیائی تجزیہ

Chemical Constituents :

Essential oil (acetyl eugenol, β- caryophyllene), **Tannins** [Gallotannic acid, methyl salicylate (pain killer), crategolic acid] **Flavonoides** (eugenin, kaempferol, rhamnetin eugenitin) , **Triterpenoids** (oleanolic acid, stigmasterol & campesterol) Several sesquiterpenes.

Bioactivity : Antioxidant, Antiseptic, Anti-inflammatory, Antiflatulant.

Indication : Stomach upset, Diarrhoea, Hernia, Nausea, Vomiting, Toothache, Throat inflammation, Cough, Pain & Swelling.

Nutrient Value per 100 g :		**Vitamins :**		**Electrolytes :**	
Energy	: 47 K Cal	Folates	: 68 mcg	Sodium	: 94 mg
Carbohydrate	: 10.51 g	Niacin	: 1.046 mcg	Potassium	: 370 mg
Protein	: 3.27 g	Pantothenic acid	: 0.33 mg	**Micro elements :**	
Fat	: 0.15 g	pyridoxine	: 0.116 mg	Calcium	: 44 mg
Dietary fibre	: 5.4 g	Riboflavin	: 0.066 mg	Copper	: 0.231 mg
		Thiamin	: 0.072 mg	Iron	: 1.28 mg
		Vit. A	: 13 IU	Magnesium	: 60 mg
		Vit. C	: 11.7 mg	Manganese	: 0.256 mg
		Vit. E	: 0.19 mg	Phosphorus	: 90 mg
		Vit. K	: 14.8mcg	Zinc	: 0.2 mcg
				Phytonutrient :	
				Carotene-β	: 8 mcg
				Lutein-zeaxanthin	: 464 mcg

Tin قلعی (۲۱۳)

Symbol	:	Sn
Atomic number	:	50
Atomic wt.	:	118.710
Electron per shell	:	2,8,18,18,4
Melting Point	:	231.93°C
Boiling Point	:	2602°C
Density	:	7.287 gm / cm^3
State	:	Solid
Element Classification	:	Metal
In group of periodic table	:	14

عربی نام - رصاص الابیض

فارسی - ارزیز

ہندی/بنگلہ - رانگا

اردو - قلعی

ماخذ - معدنی

حصص مستعملہ - مسلم دھات بطور کشتہ

مدت حیات - طویل المدت

مزاج - سرد خشک III

نفع خاص - دافع جریان

مضر - پھیپھڑوں کو

مصلح - دودھ

بدل - سیسہ

مقدار خوراک - ۵۰۰ ملی گرام

شناخت - یہ ایک قسم کی سفید، چمکدار اور ملائم دھات ہے جسکو بطور کشتہ استعمال کیا جاتا ہے۔ یہ پانی سے سات گنا بھاری ہوتا ہے، اسمیں کبھی زنگ نہیں لگتا۔

اقسام - (۱) کھنج۔ یہ عمدہ قسم کا رانگا ہے، اسی سے کشتہ تیار ہوتا ہے۔
(۲) مشرک = یہ ہلکا نیلا ہوتا ہے۔ اس سے برتنوں میں قلعی کی جاتی ہے۔

وجہ تسمیہ -

حصول - چین، ملیشیا، انڈونیشیا، برازیل، روس، تھائی لینڈ، آسٹریلیا۔

افعال - مجفف، قابض، مغلظ منی، ممسک منی

مواقع استعمال - رقت منی، جریان منی، سرعت انزال، سیلان الرحم، سوزاک، ذیابیطس۔

ترکیب استعمال - (۱) سرعت انزال میں اس کے کشتہ کو تالمکھانہ یا موچرس کے ہمراہ بطور سفوف (۲) سوزاک میں اسکے کشتہ کو سفید زیرہ یا کباب چینی کے ہمراہ بطور سفوف (۳) کشتہ قلعی کو ہر قسم کے ذیابیطس میں شہد اور گلو کے رس کے ہمراہ، ہڈی کی کمزوری میں مکھن کے ہمراہ، قولنج میں سہاگہ کے ہمراہ، بلغمی کھانسی اور دمہ میں ادرک کے پانی یا شہد کے ہمراہ استعمال کرنا مفید ہے (۴) سرطان متقرح، ورم مقعد، بواسیر، پستان اور قضیب کے زخم میں خالص قلعی کو روغن گل میں گھسکر بطور لیپ۔

مرکبات - کشتہ قلعی، سفوف جریان خاص، سفوف کلاں، دوائے ڈپٹی والی

Bioactivity : Antidiabetic, Aphrodisiac, Anticancer.
Indication : Diseases of adrenal gland, Hair loss, Disease of aorta, Heart, Kidney, Liver, Muscle, Ovary, Spleen, Pancreas, Brain & Testes, Loss of hearing, Depression, Fatigue, Pain, Skin problems.
Side Effects : The uptake of tin bonds can cause - eye & skin irritations, Headaches, Stomachaches, Sickness & Dizziness, Severe sweating, Breathlessness, Liver damage, Brain damage.

Hemp قِنب (۲۱۴)

Kingdom	: Plantae
Phylum	: Angiosperms
Class	: Eudicots
Order	: Rosales
Family	: Cannabaceae
Genus	: Cannabis
Species	: C. sativa
Binomial Name	: Cannabis sativa (Linn)
Other Species	: Cannabis indica
Common Names	: Cannabis
	: Marijuana

عربی نام - قنب/ ورق الخیال

فارسی - حشیش/ بنگ

ہندی - بھنگ

ماخذ - نباتی

حصص مستعملہ - مسلم پودا

مدت حیات - ۲ سال

مزاج - سرد خشک III

نفع خاص - مسکر/ نشاط آور

مضر - مضعف بصارت

مصلح - گھی

بدل - افیون

مقدار خوراک - ۵۰۰ ملی گرام

تخم

شناخت - ایک مشہور و معروف نبات ہے، جو نصف میٹر سے ایک میٹر تک بلند ہوتا ہے اسکی شاخیں نہایت باریک ہوتی ہیں، جن پر گہرے سبز رنگ کے کھردرے ۵ سے ۹ عدد تک پتے نیچے کو لٹکے ہوئے لگے ہوتے ہیں۔ اس کا پھول سفید اور تخم چھوٹا سا گول جوار کے دانہ کے برابر ہوتا ہے، جسے شہدانہ کہتے ہیں، بھنگ کے پھولدار شاخوں کی پتیوں پر ایک طرح کا رالدار مادہ پایا جاتا ہے جسکو گانجہ کہتے ہیں اس نبات کے پتوں پر ایک لیسدار رطوبت پائی جاتی ہے جو ہاتھوں پر چپک جاتی ہے اس کو چرس کہتے ہیں۔

اقسام - (۱) بستانی = اسکی کاشت کی جاتی ہے۔
(۲) صحرائی = یہ خودرو پیدا ہوتی ہے۔

حصول - بھارت، ایران، عراق، مصر، پاکستان، افغانستان، چین

افعال - قابض، مقوی معدہ، مشتہی، مفرح، مقوی باہ، ممسک و مجفف منی، مسکن الم، منوم، مسکر، مؤرث ہذیان۔

مواقع استعمال - سہر، دردِ شقیقہ، صداع دائمی، قولنج، کزاز، سرعت انزال، شہیقہ، زحیر

ترکیب استعمال - (۱) زخموں کو خشک کرنے کیلئے پتوں کے سفوف کو بطور ذرور (۲) گرم ورموں کو تحلیل کرنے کیلئے سبز پتوں کو بطور ضماد (۳) کالی کھانسی، قولنج، کزاز اور کثرت حیض میں بطور سفوف (۴) خصیوں کے ورم یا ہائیڈروسل میں اسکے سبز پتوں کو پیسکر اور ہلکا گرم کرکے آرنڈ کے پتوں پر رکھ کر خصیوں پر باندھنے سے مرض دور ہو جاتا ہے

مرکبات - معجون فلک سیر، معجون ممسک و مقوی، معجون مقوی علوی خان، سفوف کلاں

جدید تحقیقات - کیمیائی تجزیہ

Chemical Constituents :

Volatile oil (from fruits & seeds) - Composed of Cannabene, Cannabene hydride, Alkaloids - cannabinine, Tatano - cannabinine, Cannabinone & Cannabin, Resin cannabinol, Pseudo - cannabinol, Cannabinin & Several terpenes.

Bioactivity : Analgesic, Anti-inflammatory, Antitumor, Anticancer, Antispasmodic.

Indication : Insomnia, AIDS, Breast & Lung Cancer, Nausea, Vomiting, Premenstrual syndrome, Neurogenic Pain, Asthma, Movement disorder, Glaucoma, Migraines, Fibromyalgia.

Nutritional Value : Per 100g		Vitamins :		Micro elements :	
Energy	: 567 K Cal	Vit. A	: 4.0 I.U.	Sodium	: 9 mg
Protein	: 30.6 g	Vit. B_1	: 1.4 mg	Calcium	: 74 mg
Carbohydrates	: 10.9 g	Vit. B_2	: 0.3 mg	Iron	: 4.7 mg
Dietary Fiber	: 6.0 g	Vit. B_6	: 0.1 mg		
Fat	: 47.2 g	Vit. C	: 1.0 mg		
Moisture	: 4.7 g	Vit. E	: 9 I.U.		
Ash	: 6.6 g				

Catechu کات (۲۱۵)

Kingdom : Plantae
Phylum : Angiosperms
Class : Eudicots
Order : Fabales
Family : Fabaceae
Genus : Acacia
Species : A. catechu
Binomial Name : Acacia catechu (L.)
Synonyms : Acacia catechuoides (Roxb.)
: Acacia sundra (Roxb.)
: Acacia wallichiana (Dc.)
: Mimosa catechu
Common Names : Cutch
: Cashoo
: Catechu

کات

عربی/فارسی نام - کات
ہندی/اردو - کتھا/کھیر
بنگلہ - کھیر
ماخذ - نباتی
حصص مستعملہ - عصارہ، چھال، لکڑی، گوند
مدت حیات - پانچ سال
مزاج - سردخشک II
نفع خاص - حابس الدم
مضر - مضعف باہ
مصلح - ہیل خورد/عنبر
بدل - فوفل/گیرو
مقدار خوراک - ۱۔۳ گرام

شناخت - کتھا نامی درخت کی لکڑیوں کا عصارہ ہے جو سرخی مائل ٹکڑوں میں دستیاب ہے۔ اسکا مزہ اولاً کسیلا اور تلخ اور بعد میں شیریں محسوس ہوتا ہے، اسکا درخت خاردار ببول کی مانند اور پتے بھی ببول کے پتوں کی طرح ہوتے ہیں۔

اقسام - (۱) بھورا سرخی مائل کتھا = اسکا ذائقہ تلخ اور گوند جیسا ہوتا ہے یہ پان کے ساتھ اور دواءً مستعمل ہے۔
(۲) سرخ کتھا = یہ بطور دوا مستعمل نہیں ہے۔
(۳) کالا کتھا = اسکا مزہ نہایت تلخ ہوتا ہے یہ بھی دواءً مستعمل نہیں ہے۔

حصول - بھارت، برما، ملایا، سنگاپور چین وغیرہ

افعال - قابض، مجفف، مصفی خون، قاتل کرم شکم، حابس الدم

مواقع استعمال - قلاع الفم، جریان منی، کثرت احتلام، جذام، سوزاک، سوزش بول، برص

ترکیب استعمال - (۱) مسوڑھوں سے خون کی آمد کو روکنے کیلئے بطور منجن (۲) قلاع الفم میں بطور ذرور (۳) پیٹ کے کیڑوں کو ہلاک کرنے کیلئے بطور جوشاندہ (۴) جذام، سوزاک، سوزش بول اور پھوڑے پھنسی میں بطور شربت یا طلاء (۵) دست، بند کرنے کیلئے جائفل اور دارچینی کے ہمراہ بطور حبوب (۶) سوکھی کھانسی کو دور کرنے کیلئے مصری اور ہلدی کے ہمراہ بطور سفوف۔

مرکبات - حب لیموں، حب کتھا، ذرور کتھ، سفوف حابس، سنون کلاں، سفوف پوست مغیلان، مرہم رال۔

جدید تحقیقات - کیمیائی تجزیہ

Chemical Constituents :

Catechin, Phloroglucin, Protocatechuic acid, Quercetin, Catechic acid, Pyrocatechin, Gum, Mineral.

Bioactivity : Antiseptic, Antioxidant, Anti-inflammatory, Antibacterial, Antifungal, Antidiarrhoeal, Antipyretic, Astringent, Haemostatic.

Indication : Sore throats, Diarrhoea, High blood pressure, Dysentery, Colitis, Gastric carcinoma, Breast Cancer, Lungh carcinoma, Melanoma, Bronchial asthma, Cough, Leucorrhoea, Gengivitis, Dental & oral infection.

Chicory کاسنی (۲۱۶)

Kingdom	: Plantae
Phylum	: Angiosperms
Class	: Eudicots
Order	: Asterales
Family	: Asteraceae
Genus	: Cichorium
Species	: C. intybus
Binomial Name	: Cichorium intybus (L.)
Other Species	: Chicorium pumilum
Common Names	: Common chicory
	: Blue daisy
	: Coffee weed
	: Succory
	: Blue weed

تخم

عربی نام - ہنڈبا
فارسی - کاسنی/کسناج
ماخذ - نباتی
حصص مستعملہ - برگ سبز/بیخ/تخم
مدت حیات - بیخ=۲سال،تخم=۴سال
مزاج - برگ=سردترI،بیخ=گرم I خشک II،تخم=سردخشک II
نفع خاص - محلل اورام جگرواحشاء
مضر - سعال میں
مصلح - شکر/شہد
بدل - مکو/خطمی
مقدارخوراک - ۵۔۷گرام،آب مرُوق=۲۵۔۵۰ملی لیٹر

شناخت - یہ ایک مشہور نبات ہے جس کا پودا تقریباً ۱/۱ ۲ میٹر تک بلند ہوتا ہے، اسکا تنہ جھری اور دھاری دار ہوتا ہے۔ جس میں بہ کثرت شاخیں ہوتی ہیں۔ اسکے پتے چوڑے مثل پالک کے ہوتے ہیں جن پر لطیف نمکیات پائے جاتے ہیں جو دھونے سے دھل جاتے ہیں۔ اسکے پھول نیلگونی اور تخم چھوٹے چھوٹے سفید خاکستری مائل ہوتے ہیں جنکا مزہ تلخ ہوتا ہے۔ اسکی جڑ گائے کی دم کی طرح گودے دار ہوتی ہے جو باہر سے خیالی اور اندر سے سفید ہوتی ہے۔

حصول - یورپ، شمالی امریکہ، آسٹریلیا، بھارت۔

افعال - مفتح سدد، مدر بول، مصفی خون، مسکن حرارت خون و صفراء، محلل اورام حارہ و احشاء، مقوی معدہ وجگر۔ ضماداً=مبرد، مسکن، رادع۔

مواقع استعمال - آشوب چشم، وجع المفاصل، نقرس، اورام حلق واحشاء، خناق، یرقان سدی، حمیات صفراویہ، اورام جگر وطحال۔

ترکیب استعمال - (۱) صداع حار میں اسکے سبز پتوں کو صندل کے ہمراہ بطور ضماد (۲) آشوب چشم میں سرکہ وگلاب کے ہمراہ آنکھوں کے اردگرد بطور لیپ (۳) احتباس بول میں اسکے آب مرُوق میں سکنجبین ملا کر بطور شربت (۴) ادرار حیض کیلئے بیخ کاسنی کو بطور جوشاندہ (۵) یرقان سدی اور امراض جگر وطحال میں اسکے تخم کو بطور جوشاندہ۔

مرکبات - عرق کاسنی، عرق ماء اللحم مکو کاسنی والا، شربت کثوث، شربت دینار، معجون دبیدالورد

جدید تحقیقات - کیمیائی تجزیہ

Chemical Constituents :
Chemical Constituents : جدید تحقیقات - کیمیائی تجزیہ:۔

Dl-epicatechin, Fischinidol, Afzetechin, Triterpenes, Oleic & Fatty acid.

Bioactivity : Antitumor, Anticancerous, Antimicrobial, Antioxidant, Antiseptic.

Indication : U.T.I., Throat infection, Cough, Chronic bronchitis, Piles, Diarrhoea, Rheumatism, Tubercular gland, Burntwound, Boils, Diabetes mellitus, Obesity, Asthma, Anaemia, Skin disease.

Screw Pine کیوڑہ (۲۴۰)

Kingdom	: Plantae
Phylum	: Angiosperms
Class	: Monocots
Order	: Pandanales
Family	: Pandanaceae
Genus	: Pandanus
Species	: P. tectorius
Binomial Name	: Pandanus tectorius (Linn.)
Synonym	: Pandanus veitchii
Common Names	: Thatch
	: Hala
	: Fala

عربی نام - کاذی
فارسی - کدر/کاذی
ہندی - کیوڑہ
بنگلہ - کھیتکی/کیدکی/کیا
ماخذ - نباتی
حصص مستعملہ - پتے، جڑ، پھول
مدت حیات - ایک سال
مزاج - گرم خشک II
نفع خاص - مفرح ومقوی قلب
مضر - مصدع
مصلح - کشنیز خشک/عرق بید مشک
بدل - گلاب/صندل سرخ
مقدار خوراک - عرق۔۲۵ ملی لیٹر

شناخت - ۵ میٹر تک بلند ایک نبات ہے جو دور سے دیکھنے میں کھجور کے درخت کی طرح معلوم ہوتا ہے اس کے پتے لمبے نوکدار اور اطراف میں کانٹے دار ہوتے ہیں۔اس نبات کی عمر جب چار سال ہوتی ہے تو اسکے درمیان سے مکئی کے بھٹے کی مانند خوشہ نکلتا ہے، جو ایک دوسرے پر تہہ بہ تہہ لپٹا ہوتا ہے۔اس کے اندرونی حصہ میں نہایت خوشبودار پھول ہوتا ہے جسکو طلحہ کہتے ہیں جس سے عرق یا عطر کشید کیا جاتا ہے یہ پھول چار سال کی عمر سے ۲۰ سال کی مدت تک برابر کھلتا رہتا ہے زمین کے قریب اسکی ساق سے برگد کی داڑھی جیسے اجزاء نکلتے ہیں جو لٹک کر زمین میں گھس جاتے ہیں جن میں پتے نہیں ہوتے بلکہ دیکھنے میں یہ موٹے اور پتلے ڈنڈوں کی طرح ہوتے ہیں۔اس نبات کا تعلق یک دالی (Monocot) کے Genus سے ہوتا ہے اور اب تک اسکے چھ سو Species دریافت ہو چکے ہیں۔

اقسام - پھولوں کی رنگت کے اعتبار سے اس کی دو قسمیں ہیں (۱) سفید کیوڑہ جسکا پھول سفید ہوتا ہے اسے نر کہتے ہیں (۲) پیلا کیوڑہ/کیتکی ، اس کے پھول زرد ہوتے ہیں اسے مادہ کہتے ہیں۔اس میں خوشبو زیادہ ہوتی ہے۔

حصول - بنارس، بدایوں، اڑیسہ، کرناٹک، دکن، انڈومان نکوبار، مدراس، برما، سری لنکا، عرب، مشرقی آسٹریلیا

افعال - مفرح ومقوی قلب، دافع امراض وبائیہ، مسکن اوجاع

مواقع استعمال - وبائی امراض، خفقان، خسرہ، چیچک، وجع المفاصل، وجع الاذن، خونی بواسیر

ترکیب استعمال - (۱) چیچک، خسرہ اور امراض وبائیہ میں جڑ اور تنے کو کچل کر پانی میں جوش دیکر اور کھانڈ ملا کر بطور شربت
(۲) سردرد، وجع المفاصل اور اعضاء کی تکان کو دور کرنے کیلئے اسکے روغن کو بطور مالش
(۳) خونی بواسیر میں اسکے پھولوں کو بطور سفوف

[188]

مرکبات - شربت کیوڑہ۔عرق کیوڑہ،خمیرہ آبریشم حکیم ارشدوالا،طلاء مسی وممسک

جدید تحقیقات - کیمیائی تجزیہ:۔

<u>Chemical Constituents :</u>

(Leaves & Roots), Essential Oil, Alkaloids, Glycosides, Isoprene esters, Tannin.

Keora Oil : Diterpene, δ-linalool, Phenylethyl acetate, Citral, Phenylethyl alcohol ester, **Fruil :** Vit. C., Provitamin A, Carotenoids.

<u>Bioactivity :</u> Aphrodisiac, Anticarcinoma, Antiseptic, Antibacterial, Antispasmodic, Anti-inflammatory.

<u>Indication :</u> Filaria, Leucorrhoea, Leprosy, Scabies, Syphilis, Leukoderma, Small Pox, Headache, Earache.

Carrot گاجر (۲۴۱)

Kingdom	:	Plantae
Phylum	:	Angiosperms
Class	:	Eudicots
Order	:	Apiales
Family	:	Apiaceae
Genus	:	Daucus
Species	:	D. carota
Binomial Name	:	Daucus carota (Linn.)
Synonyms	:	Daucus abyssinicus
	:	Carota sylvestris (Mill)
Common Names	:	Carotte commune
	:	Dauce carotte
	:	Beesnest plant

عربی نام - جذر

فارسی - گزر/زردک

ہندی/ بنگلہ - گاجر

سنسکرت - گرنجن

ماخذ - نباتی

حصص مستعملہ - تخم، جڑ، پتے

مدت حیات - تخم=تین سال

مزاج - گرم تر II

نفع خاص - مفرح/مقوی اعضاء رئیسہ

مضر - معدہ کو

مصلح - انیسون/شہد

بدل - شلجم

مقدار خوراک - ۳ گرام

شناخت - غذائی استعمال میں آنے والی مخروطی شکل کی ایک مشہور جڑ ہے جسکا مزہ شاداب وشیریں ہوتا ہے، اسکا پودا تقریباً نصف میٹر تک بلند ہوتا ہے جسکے تنہ ہی سے بے شمار شاخیں نکلتی ہیں۔ اسکے پتے باریک، سویا کے پتوں کی مانند ہوتے ہیں، اسکا تخم ہی اصطلاح نبات میں پھل کہلاتا ہے۔

اقسام - (۱) بستانی گاجر (۲) جنگلی گاجر

حصول - بھارت، جنوب مغربی ایشیا، شمالی امریکہ، آسٹریلیا، یورپ

افعال - جڑ (گاجر)=مفرح، مقوی اعضاء رئیسہ، مقوی باہ، مسکن، مدر بول، منفث بلغم، مفتت حصاۃ
تخم=مدر بول وحیض، مسقط جنین ومشیمہ، محرک

مواقع استعمال - خفقان، سنگ گردہ ومثانہ، دمہ، کھانسی، ضعف قلب، ضعف باہ، احتباس بول وحیض

ترکیب استعمال - (۱) اعضاء رئیسہ کوتقویت اور فرحت دینے کیلئے بطور حلوہ یا مربیٰ (۲) رتوندھی کو دور کرنے اور بینائی کو تقویت دینے کیلئے بطور غذا (۳) بندحیض یا پیشاب کو جاری کرنے کیلئے اسکے تخموں کو بطور جوشاندہ

نوٹ - (۱) جنگلی گاجر کے تخم کا سفوف روزانہ ایک چمچہ طویل مدت تک استعمال کرنا مانع حمل کیفیت پیدا کرتا ہے
(۲) گاجر کو زائد مقدار میں متواتر کھانے سے رات کی تاریکی میں دیکھنے کی صلاحیت بڑھ جاتی ہے۔ انگریزوں نے اپنے نشانہ باز سپاہیوں کو گاجر کا استعمال کرواکے اس قابل بنا دیا تھا کہ وہ رات کی تاریکی میں گولیاں چلاکر جرمن کے ہوائی جہازوں کو گرالیا کرتے تھے۔

مرکبات - جوارش زرعونی، لبوب کبیر، حلوائے گذر

Chemical Constituents : جدید تحقیقات - کیمیائی تجزیہ:۔

N-alkanes, α-sitosterol, Glucose, Amino acid, Lipids, Glycerides, α-thugene, α-pinene, Comphene, α-Phellandrene, α-bisabolene, α-selinene, Limonene, Geranylacetate, Terpenylacetate, Bornyl acetate, Choline, Carolol & Daucol.

Bioactivity : Aphrodisiac, Abortifacient, Anthelmentic, Carminative, Emmenagogue, Diuretic, Analgesic, Antiarthritic, Antidepressant, Antipsychotic, Antidote.

Indication : Urinarytract disease, Kidney stone, Gout, Diarrhoea, Dysentery, Indigestion, Heart disease, Cancer, Bladder diseases, Dropsy.

Nutritional Value : Per 100 g :		Vitamins :		Micro Elements :	
Energy	: 41 K Cal	A.	: 835 mcg	Calcium	: 33 mg
Carbohydrates	: 9 g	Beta-carotene	: 8285 mcg	Iron	: 0.3 mg
Fat	: 0.2 g	Lutein & Zeaxanthin	: 256 mcg	Magnesium	: 12 mg
Protein	: 1 g	Thiamine (B_1)	: 0.04 mg	Phosphorus	: 35 mg
		Riboflavin (B_2)	: 0.05 mg	Potassium	: 320 mg
		Niacin (B_3)	: 0.9 mg	Sodium	: 69 mg
		Vit. B_6	: 0.1 mg		
		Folate (B_9)	: 19 mcg		

Borage گاؤ زبان (۲۴۲)

Kingdom	:	Plantae
Phylum	:	Angiosperms
Class	:	Eudicots
Order	:	(Unplaced)
Family	:	Boraginaceae
Genus	:	Borago
Species	:	B. officinalis
Binomial Name	:	Borago officinalis (L.)
Common Names	:	Sedge
	:	Star flower
	:	Burrage
	:	Bee plant

عربی/ فارسی نام - لسان الثور

اردو/ ہندی/ بنگلہ - گاؤزبان

ماخذ - نباتی

حصص مستعملہ - برگ، گل، تخم

مدت حیات - تین سال

مزاج - تازہ=گرم تر I، خشک=گرم خشک I

نفع خاص - مفرح ومقوی قلب

مضر - طحال/ جگر کو

مصلح - صندل سفید/ شہد

بدل - پوست اترج

مقدار خوراک - برگ=۵-۷ گرام، گل=۳-۵ گرام

شناخت - یہ ایک نبات ہے جس کے پتے گائے کی زبان کی طرح موٹے، کھردرے، روئیں دار اور سبز سفیدی مائل ہوتے ہیں۔ ان پر چھوٹے چھوٹے ابھرے ہوئے دانے اور بہت چھوٹے چھوٹے کانٹے ہوتے ہیں۔ ان کا ذائقہ پھیکا ہوتا ہے انہیں پانی میں بھگونے سے لعاب پیدا ہوتا ہے جو قدرے کھاری ہوتا ہے اسکے پھول نیلے قدرے سرخی مائل، انار کے پھول کے مشابہ لیکن اس سے چھوٹے گچھوں میں لگتے ہیں۔ اسکے تخم سفید قرطم کی طرح لیکن ان سے قدرے چھوٹے، مزہ میں پھیکے اور کچھ روغنی سے ہوتے ہیں۔

حصول - کشمیر، نینی تال، دارجلنگ، یورپ، ایشیا، افریقہ، شمالی امریکہ

افعال - مفرح ومقوی قلب واعضاء رئیسہ، منفث بلغم، ملین طبع ☆ گاؤزبان سوختہ=(جلایا ہوا) مجفف، قابض

مواقع استعمال - مالیخولیا، جنون، خفقان سوداوی، ضعف قلب، خشونت حلق وسینہ، قلاع الفم، ضیق النفس

ترکیب استعمال - (۱) نزلہ، زکام، دمہ، کھانسی، اور خشونت حلق میں اسکے پتوں کو بطور جوشاندہ

(۲) زخموں کی سوزش کو دور کرنے اور اسے خشک کرنے کیلئے برگ سوختہ کو بطور ذرور

(۳) جنون، مالیخولیا، وحشت اور خفقان سوداوی میں برگ یا گل کو بطور سفوف یا خمیرہ

مرکبات - عرق گاؤزبان، خمیرہ گاؤزبان سادہ، خمیرہ گاؤزبان عنبری جواہر والا، خمیرہ آبریشم سادا، خمیرہ آبریشم حکیم ارشد والا،

جدید تحقیقات - کیمیائی تجزیہ:-

Chemical Constituents :

Pyrrolizidine, Alkaloids, Saponines, Mucilage, Tannins.

Seads : Gamma-linolenic acid & Alpha-linolenic acid.

Bioactivity : Antioxidant, Antibacterial, (Helicobacter pyloric), Antihyperlipidemic, Antiviral, Anti-inflammatory, Antiasthmatic, Antiplatelet, Diuretic, Demulcent, Emollient.

Indication : Cold, Cough, Bronchial affection, Insomnia, Depression, Constipation, Jaundice, Parkin son's disease, Asthma, Diabetes, Cancer.

Nutritional Value : Per 100 g :-		Vitamins :		Electrolytes :	
Energy	: 21 K cal	Folates	: 13 mcg	Sodium	: 80 mg
Carbohydrates	: 3.06 g	Niacin	: 0.900 mg	Potassium	: 470 mg
Protein	: 1.80 g	Pantothenicacid	: 0.041mg	**Micro Elements :**	
Total Fat	: 0.70 g	Pyridoxine	: 0.084 mg	Calcium	: 93 mg
		Riboflavin	: 0.150 mg	Copper	: 0.130 mg
		Thiamine	: 0.060 mg	Iron	: 3.30 mg
		Vit. A	: 4200 I.U.	Magnesium	: 52 mg
		Vit. C	: 35 mg	Manganese	: 0.349 mg
				Zinc	: 0.20 mg

Flower of Bengal Kinotree گُل ٹیسو (۲۴۳)

فارسی نام - گل پلاس

ہندی - پلاس، ٹیسو، ڈھاک

اردو - پلاش پاپڑہ

ماخذ - نباتی

حصص مستعملہ - پھول

مدت حیات - ایک سال

مزاج - سرد خشک مائل بہ حرارت

نفع خاص - مدر بول وحیض /محلل اورام

مضر - باردالمزاج کو

مصلح - نمک

بدل - شفتالو

مقدار خوراک - ۷۔۱۲ گرام

Kingdom	:	Plantae
Phylum	:	Angiosperms
Class	:	Eudicots
Order	:	Fabales
Family	:	Fabaceae
Genus	:	Butea
Species	:	Monosperma
Binomial Name	:	Butea monosperma (Lam.)
Synonyms	:	Butea frondosa (Roxb.)
	:	Erythrina monosperma (Lam.)
	:	Plaso monosperma
Common Name	:	Butea flower

شناخت - ڈھاک یا پلاس پاپڑہ کا پھول ہے جو دلکش نارنجی رنگ کا ہوتا ہے اس میں ایک مخصوص قسم کی خوشگوار بو پائی جاتی ہے، اسکی کلی طوطے کی چونچ کی مانند ہوتی ہے۔

حصول - بھارت، بنگلہ دیش، پاکستان، سری لنکا، برما، نیپال، تھائی لینڈ، کمبوڈیا، ویتنام، ملیشیا

افعال - مدر بول وحیض، محلل اورام، مسکن الم، رادع مواد، قابض شکم

مواقع استعمال - عسر البول، احتباس بول وحیض، ورم خصیہ، ورم رحم ومثانہ، سیلان الرحم، سوزاک، اسہال

ترکیب استعمال - (۱) عسر البول، احتباس بول وحیض اور ورم خصیہ میں اسکے جوشاندہ کو بطور نطول

(۲) سوزاک، اسہال، بخار اور پیاس میں بطور سفوف

مرکبات - سفوف سیلان الرحم

جدید تحقیقات - کیمیائی تجزیہ:۔

Chemical Constituents :

Butin, Butein, Butrin, Isobutrin, Polastirin, Coreopsin, Isocoreopsin, Sulphurein, Monospermoside & Isomonospermiside.

Bioactivity : Antimicrobial, Antibacterial, Antifungal, Anti-inflammatory, Antidiabetic, Antioxidant, Anthelmintic, Analgesic, Hypoglycemic.

Indication : Giardia, Leprosy, Leucorrhoea Gout, Orchitis, Bruises, Sprain, Diarrhoea, Fever, Tumors, Bleeding Piles & Ulcer, Cold, Cough, Menstrual disorder.

درخت

Henna Flower گُل حناء (۲۴۴)

عربی نام - فاغیہ
فارسی - گل حناء
ہندی - مہندی پھول
بنگلہ - مہیدی/میندی
ماخذ - نباتی
حصص مستعملہ - پھول
مدت حیات - گل = چھ ماہ
مزاج - گرم تر/گرم خشک II
نفع خاص - مصفی خون/مقوی باہ
مضر - حلق و پھیپھڑوں کو
مصلح - کتیرا/لعاب اسپغول
بدل - منڈی/برگ مورد
مقدار خوراک - ا۔۳ گرام

Kingdom	:	Plantae
Phylum	:	Angiosperms
Class	:	Eudicots
Order	:	Myrtales
Family	:	Lythraceae
Genus	:	Lawsonia
Species	:	L. inermis
Binomial Name	:	Lawsonia inermis (Linn.)

برگ

سفوف

شناخت - مہندی نامی ایک مشہور درخت کا پھول ہے جو چھوٹے چھوٹے سرخ وگلابی یا سفید زردی مائل خوشوں میں لگے ہوتے ہیں۔ اسکا درخت چھ سے سات فٹ بلند، خوش منظر اور پھولوں سے بھرا ہوا ہوتا ہے ان درختوں کی شاخیں سرخ سبزی مائل ہوتی ہیں انکے پتے انار کے پتوں کی طرح گہرے سنہرے رنگ کے ہوتے ہیں، انکا پھل سیاہ مرچ کے برابر ہوتا ہے۔ جسمیں سیاہ رنگ کے کئی دانے الائچی سرخ کے دانوں کی طرح موجود ہوتے ہیں۔ پھول سال میں دو بار کھلتے ہیں ایک موسم برسات میں اور دوسرا جاڑوں میں۔ شروع کے دو سالہ درختوں کے پھول میں جوہر فاعلہ Lawsone کی مقدار کم ہوتی ہے لیکن پرانے درختوں میں اس جوہر کی مقدار زیادہ ہوتی ہے۔

حصول - بھارت، پاکستان، شمالی افریقہ، جنوب مشرقی ایشیا، ایران

افعال - مندمل قروح، مسکن اوجاع، محلل اورام، مفتت حصاۃ، محلل ریاح، مقوی شعر، مصفی خون، مدر بول، مقوی باہ

مواقع استعمال - امراض جلدیہ، جذام، آتشک، یرقان، حصاۃ الکلیہ ومثانہ، سر درد، پھوڑا، پھنسی

ترکیب استعمال - (۱) فالج، دماغی واعصابی امراض میں اسکے پھولوں کو بطور جوشاندہ (۲) نزلات کی رطوبات کو خشک کرنے اور گرمی سے ہونے والے سر درد میں سرکہ کے ساتھ پیشانی پر بطور ضماد (۳) مادہ کو تحلیل کرنے، بالوں کو تقویت دینے اور رخسار کے رنگ کو نکھارنے کیلئے اسکے پھولوں کے روغن کو بطور طلاء (۴) یرقان، طحال حار، حصاۃ الکلیہ ومثانہ اور پیشاب کی تنگی میں اسکے پتے کو بطور خیشاندہ

مرکبات - عرق مرکب مصفی خون بہ نسخہ کلاں، مرہم جدوار، روغن جذام

Chemical Constituents : جدید تحقیقات - کیمیائی تجزیہ:۔

Lawsone ($C_{10}H_6O_3$), Esculetin, Fraxetin, Isoplumbagin, Scopoletin, Betulin, Betulinic acid, Hennadiol, Lupeol, Lacoumarin.

Bioactivity : Antifungal, Antibacterial, Anti-inflammatory, Antiparasitic, Antiviral, Hepatoprotective, Antidermatophytic, Antituberculostatic, Antimicrobial.

Indication : Amentia, Insomnia, Fever, Cardiopathy, Cephalalgia, Burning sensation, Cardiac tonic.

Axle Wood Tree Flower گل دھاوا (۲۴۵)

اردو/ فارسی نام - گل دھاوا
ہندی - دھاوا پھول/ بکلی
بنگلہ - دھائی پھول
ماخذ - نباتی
حصص مستعملہ - پھول
مدت حیات - تین سال
مزاج - سرد خشک II
نفع خاص - حابس الدم/ قابض
مضر - مولد دیدان
مصلح - آب انار
بدل - گل پستہ
مقدار خوراک - ۳۔۵ گرام

Kingdom	:	Plantae
Phylum	:	Angiosperms
Class	:	Eudicots
Order	:	Myrtales
Family	:	Combretaceae
Genus	:	Anogeissus
Species	:	A. latifolia
Binomial Name	:	Anogeissus latifolia wall
	:	(Roxb & DC.)
Common Names	:	Dhawa
	:	Dhau

شناخت - یہ دھاوا نامی ہندوستانی درخت کا پھول ہے جسکا رنگ شوخ سرخ ہوتا ہے، اسکا درخت خوبصورت درختوں میں شامل ہے اس سے ایک طرح کا گوند بھی نکلتا ہے۔ فروری سے مئی تک اس درخت میں پتیاں نہیں ہوتیں، جون میں نئی پتیاں نکلتی ہیں، ستمبر کے آخر تک اس میں پھول کھلے رہتے ہیں۔ دسمبر سے مارچ تک درختوں میں پھل لگے ہوتے ہیں ابتداءً یہ سبز لیکن پختہ ہونے پر چکنے، چمکدار اور خاکستری رنگ کے ہوجاتے ہیں۔ اسکا گوند چیت کے مہینے میں اکٹھا کیا جاتا ہے۔

حصول - انڈیا (دہرہ دون)، نیپال، برما، سری لنکا، عرب، افریقہ

افعال - قابض، حابس، نزف الدم، مبرد، مجفف

مواقع استعمال - اسہال، خونی بواسیر، خروج المقعد، کثرت حیض، سیلان الرحم

ترکیب استعمال - (۱) اسہال کو روکنے کیلئے بطور سفوف یا جوشاندہ (۲) خروج المقعد یا خونی بواسیر میں اسکے جوشاندہ کو بطور آبزن (۳) زخموں پر بطور ذرور

نوٹ - بعض کتابوں میں اسکا نباتی نام Woodfordia fructicosa لکھا ہے اور کچھ مصنفین نے اسے دھاتکی کا درخت بتایا ہے جو درست نہیں ہے۔

مرکبات - حلوائے سپاری پاک، معجون زنجبیل، سفوف قاقلہ

جدید تحقیقات - کیمیائی تجزیہ:۔

Chemical Constituents :

Plant : Tannin, Gum, Glycoside, Flavonoids, Alkaloids, Acids, Resin, Carbohydrate, **Flower :** Essential Oil, Tannin, Gallo tannic acid, Quercetin, Rutin.
Bioactivity : Antiulcer, Antimicrobial, Antibacterial, Antifungal, Antioxidant.
Indication : Dysentery, Snakebite, Leprosy, Diabetes, Wounds & Ulcer, Skin diseases.

پھول
درخت

Damask Rose گُل سُرخ (۲۴۶)

عربی نام	-	ورد
فارسی	-	گل سرخ
اردو/ ہندی	-	گلاب
ایرانی	-	گل محمدی
ماخذ	-	نباتی
حصص مستعملہ	-	پھول
مدت حیات	-	ایک سال
مزاج	-	مرکب القوی/ سرد خشک II
نفع خاص	-	مفرح/ مقوی اعضاء رئیسہ
مضر	-	مضعف باہ
مصلح	-	انیسون/ شہد
بدل	-	بنفشہ/ گل نیلوفر
مقدار خوراک	-	۵۔۷ گرام

Kingdom	:	Plantae
Phylum	:	Angiosperms
Class	:	Eudicots
Order	:	Rosales
Family	:	Rosaceae
Genus	:	Rosa
Species	:	R. damascena
Binomial Name	:	Rosa x damascena (Mill)
Common Name	:	Rose

خشک پھول

شناخت - یہ ایک مشہور نبات کا پھول ہے جو خوشنما اور خوشبودار ہوتا ہے۔ پھولوں کی رنگت کے اعتبار سے اسکی کئی قسمیں ہیں ۔جیسے زرد، سرخ، سفید اور سیاہ

وجہ تسمیہ - گلاب مخفف ہے گل اور آب کا۔ یعنی پھول کا پانی۔ چونکہ اسکے عرق کا استعمال کثرت سے ہوتا ہے اسی وجہ سے اسکا نام گلاب پڑا۔

حصول - بھارت، پاکستان، افغانستان، ایران، شام، (حقیقی وطن بھارت ہے)

افعال - مفرح ومقوی اعضاء رئیسہ، مقوی بدن، مقوی معدہ وامعاء، ملین، محلل اورام

مواقع استعمال - آشوب چشم حار، وجع الاذن، سردرد، قلاع الفم، خفقان حار، ضعف قلب ومعدہ وجگر

ترکیب استعمال - (۱) آشوب چشم حار اور کانوں کے ورم یا درد میں اسکے عرق کو بطور قطور (۲) سردرد یا ورم جگر میں مقام ماؤف پر بطور ضماد (۳) دانتوں کے درد یا مسوڑھوں کو مضبوط کرنے کیلئے اسکے جوشاندہ کو بطور مضمضہ یا اسکے سفوف کو بطور منجن (۴) اعضاء رئیسہ کی تقویت یا پیچش کو دور کرنے کیلئے بطور گلقند

مرکبات - معجون دبید الورد، سفوف قلاع، گلقند، شربت ورد مکرر، عرق رمد

جدید تحقیقات - کیمیائی تجزیہ:۔

Chemical Constituents :
Terpenes, Glycoside, Flavonoids, Anthocyanins, Carboxylic acid, Myrcene, Vitamin, Kaempferol, Quercetin, Fatty oil, Organic acid.

Bioactivity : Antioxidant, Anticancer, Anti-inflammatory, Antimutagenic, Antidepressant, Anticonvulsant, Antianxiety, Analgesic.

Indication : Abdominal & Chest Pain, Menstrual disorder, Digestive problems, Inflammation of the neck, Tension, Nervous stress, Vapour therapy of rose oil is helpfull for some allergies, Headache & Migraine.

پودا

(۲۴۷) گُل سیوتی Indian White Rose

Kingdom	:	Plantae
Phylum	:	Angiosperms
Class	:	Eudicots
Order	:	Rosales
Family	:	Rosaceae
Genus	:	Rosa
Species	:	Alba
Binomial Name	:	Rosa alba (Linn.)

عربی نام - وردابیض/نسرین
فارسی - گل مشکین/گل عنبرین
ہندی - گل چینی
سنسکرت - گل سیوتی
بنگلہ - سے اتی
ماخذ - نباتی
حصص مستعملہ - پھول
مدت حیات - چھ ماہ
مزاج - گرم خشک II
نفع خاص - مفرح ومقوی قلب/مقوی اعضارئیسہ
مضر - محرورین کو/معطش
مصلح - گل چنبیلی
بدل - گل نرگس
مقدار خوراک - ۳۔۵ گرام

شناخت - یہ سیوتی نامی نبات کا پھول ہے جو سفید زردی مائل نیلا ہوتا ہے۔ اسکا پودا گلاب کے پودوں کی طرح ہوتا ہے۔ پتے بھی گلاب کے پتوں کی طرح لیکن ان سے قدرے بڑے ہوتے ہیں، اسمیں خوشبو پائی جاتی ہے اس کا مزہ پھیکا اور قدرے شیریں ہوتا ہے۔

اقسام - اس کی دو قسمیں ہوتی ہیں (۱) بستانی (۲) صحرائی
حصول - بھارت (دہرہ دون، مسوری، نینی تال)، بلغاریہ، ترکستان
افعال - مقوی قلب ودماغ، مفرح، ملین شکم
مواقع استعمال - خفقان، ضعف قلب، قلت منی، امراض شکم
ترکیب استعمال - (۱) خفقان میں بطور گلقند (۲) تقویت قلب وفرحت قلب کیلئے بطور عرق
مرکبات - گلقند سیوتی، عرق سیوتی، شربت گاؤزبان، ذرور علوی خان
جدید تحقیقات - کیمیائی تجزیہ

Chemical Constituents :
Essential oil, Ketone, Tannin, Fatty oil, Organic acid, Carotene, Sugar, Chlorogenic acid, Cyanine, Quercetin, (Essential oil yields, Centronellol, Geraniol).

Bioactivity : Antioxidant, Anti-inflammatory, Antimutagenic.

Indication : Skin redness or inflammation, Menstrual discomfort, Depression, Cold and Cough, Cancer and Cardio vascular disease.

پھول
پودا

China Rose گُلِ گڑہل (۲۴۸)

عربی نام - انغرا
ہندی - گڑہل
بنگلہ - جابا/جواپھول
ماخذ - نباتی
حصص مستعملہ - گل
مدت حیات - چھ ماہ
مزاج - معتدل مائل بہ سرد
نفع خاص - مفرح
مضر - باردالمزاج کو
مصلح - شکر/فلفل سیاہ
بدل - گل چاندنی
مقدار خوراک - ۵۔۷گرام

Kingdom	:	Plantae
Phylum	:	Angiosperms
Class	:	Eudicots
Order	:	Malvales
Family	:	Malvaceae
Genus	:	Hibiscus
Species	:	H. rosa sinensis
Binomial Name	:	Hibiscus rosa sinensis (L.)
Common Names	:	Rose mallow
	:	China rose
	:	Shoe flower
	:	Chinese hibiscus

خشک پھول

شناخت - گہرے سرخ رنگ کا ایک مشہور پھول ہے جو دیکھنے میں خوشنما، پانچ پنکھڑیوں پر مشتمل اور اندر سے خالی پیالے کی طرح ہوتا ہے۔ اسکا مزہ پھیکا اور لعابدار ہوتا ہے، اسکا درخت انار کے درخت کے برابر تقریباً آٹھ فٹ بلند اور پتے شہتوت کے پتوں کی طرح لیکن ان سے چھوٹے ہوتے ہیں۔

حصول - بھارت، انڈونیشیا، فلپائن، تائیوان، ملیشیا (ملیشیا کا قومی پھول ہے)

افعال - مفرح ومقوی قلب، مقوی حواس، مقوی باہ واعضاء رئیسہ

مواقع استعمال - خفقان، ضعف قلب، سوزاک، وحشت، جنون، ضعف باہ

ترکیب استعمال - (۱) فسادخون اور دل کی گرمی دور کرنے کیلئے بطور شربت یا گلقند (۲) مرض سوزاک میں مصری کے ہمراہ بطور لعاب (۳) امراض دل ودماغ اور تولید منی کیلئے بطور سفوف یا خیشانده

مرکبات - شربت گڑہل، عرق خفقان

جدید تحقیقات - کیمیائی تجزیہ

Chemical Constituents :

Flavanoids, Apigenidine, Palargonidine, Cianidine, Quercetin, Crisantemin, Antocyanine, Kaempherol, Camphoral, Citric acid, Oxalic acid, Tartaric acid.

Bioactivity : Antispasmodic, Anticarcinogenic, Contraceptive, Anthelmintic, Analgesic, Anti-inflammatory, Antibacterial.

Indication : Urethritis, Headache, Toothache, Earache, Asthma, Boils, Burns, Cough, Fever, Menstrual irregularity, Prostate disorder, Trauma, Diarrhoea.

پودا
پھول

Cork-Leaved Bayur Flower گُل مُچکن (۲۴۹)

فارسی نام - گل مچکن
ہندی/ بنگلہ - مچکند
ماخذ - نباتی
حصص مستعملہ - پھول
مدت حیات - ایک سال
مزاج - گرم خشک I
نفع خاص - حابس خون بواسیر
مضر - محرورین کو
مصلح - روغن کاہو/فلفل سیاہ
بدل - دم الاخوین
مقدار خوراک - ۵۔۷ گرام

Kingdom	:	Plantae
Phylum	:	Magnoliophyta
Class	:	Magnoliopsida
Order	:	Malvales
Family	:	Malvaceae / Sterculiaceae
Genus	:	Pterospermum
Species	:	Suberifolium
Binomial Name	:	Pterospermum suberifolium (Lam.)
Synonyms	:	Pterospermum canescens (Roxb.)
	:	Pterospermum heyneaum
Common Names	:	Heynes's flower
	:	Tada

شناخت - یہ ایک پہاڑی درخت کا پھول ہے جو گل ٹیسو کی طرح لیکن اس سے قدرے چھوٹا سفید، زردی مائل ہوتا ہے۔ بعض اطباء کا خیال ہے کہ یہ ڈھاک ہی کی ایک چھوٹی قسم ہے اور بعض نے اسکا نباتی نام Pteros Permum acerifolium بتایا ہے، اسکا مزہ تلخ اور تیز ہوتا ہے۔

حصول - ہماچل پردیش، کرناٹک، مغربی بنگال، آسام، اڑیسہ، سری لنکا، برما

افعال - محلل اورام، حابس الدم، منفث بلغم، دافع صداع، دافع بواسیر خونی

مواقع استعمال - بواسیر خونی، دردسر بارد، بلغمی کھانسی، سعال یابس، امراض جلدیہ، استسقاء

ترکیب استعمال - (۱) بواسیر خونی میں بطور گلقند۔ (۲) سقیقہ یا دردسر بارد میں پھولوں کو باریک پیسکر بطور ضماد۔ (۳) سعال یابس میں بطور سفوف۔

مرکبات - سفوف حابس، قرص مثلث، روغن گل چکاں

جدید تحقیقات - کیمیائی تجزیہ:۔

Chemical Constituents :

Tannin, Resin, Kaempferol, Kaempferide-7 Glucoside.

Bioactivity : Anti-inflammatory, Antioxidant, Anthelmintic, Anticarcinogenic, Antitumor.

Indication : Ulcer, Tumors, Blood problems, Inflammation, Abdominal pain, Ascites, Leprosy, Piles, Earache, Diseases related respiratory & Urinary system.

پھول
درخت

Madar Flower گُلِ مدار (۲۵۰)

Kingdom	:	Plantae
Phylum	:	Angiosperms
Class	:	Eudicots
Order	:	Gentianales
Family	:	Apocynaceae
Sub Family	:	Asclepiadoideae
Genus	:	Calotropis
Species	:	C. gigantea
Binomial Name	:	Calotropis gigantea (L.)
Synonym	:	Asclepias gigantea (L.)
Common Names	:	Crown flower
	:	Swallow-wort
	:	Milk weed
	:	Giant calotrope

عربی نام - گل عشر
فارسی - گل خرک/ ہرناک
اردو - گل مدار
ہندی - آک/ مدار پھول
بنگلہ - اکون/ آکنڈا
ماخذ - نباتی
حصص مستعملہ - گل/ مسلم پودا
مدت حیات - ایک سال
مزاج - گرم خشک III
نفع خاص - مقوی معدہ/ نافع ہیضہ
مضر - مصدع
مصلح - دودھ/ گھی
بدل - ایک جزدوسرے کا
مقدار خوراک - ۱-۳ گرام

شناخت - یہ مدار نامی نبات کا پھول ہے۔ جو باہر سے سفید اور اندر سے بنفشی رنگ کا سرخی مائل ہوتا ہے۔اس کے درمیان لونگ کے سر کی طرح کنگورے دار ایک شئے ہوتی ہے جس کو قرنفل مدار یا اکون کی لونگ کہتے ہیں۔گل مدار خوشوں میں لگتے ہیں، جو دیکھنے میں کٹوری نما ہوتے ہیں ان پھولوں میں پانچ پنکھڑیاں ہوتی ہیں۔

حصول - ہندوستان، افغانستان، ایران، افریقہ، سری لنکا، کمبوڈیا، انڈونیشیا، ملیشیا، چین، فلپائن

افعال - مسکن درد، مقوی معدہ (تھوڑی مقدار میں)، قاطع بلغم، محلل

مواقع استعمال - کھانسی، دمہ، برونکائٹس، درد شکم، دیدان امعاء، جذام، فیلیا، ایکزیما

ترکیب استعمال - (۱) دمہ، کھانسی اور برونکائٹس میں بطور سفوف
(۲) وجع المفاصل، درد کمر اور ریاحی دردوں میں پھولوں کے روغن کو بطور مالش

نوٹ - مدار کے درخت کا دودھ، داد، گنج، جذام، پھوڑے، پھنسی اور بواسیری مسوں کو کاٹنے میں مفید ہے نیز اسکے دودھ کو روئی میں ترکر کے رحم کے منھ پر رکھنے سے بچہ زندہ یا مردہ باہر نکل آتا ہے اور خون حیض جاری ہوجاتا ہے لیکن ایسا کرنے سے رحم میں سوزن پیدا ہوجاتی ہے جس کا تدارک گھی یا مکھن لگانے سے ہوجاتا ہے۔

مرکبات - حب گل آکھ، روغن گل آکھ، روغن چہار برگ

جدید تحقیقات - کیمیائی تجزیہ:-

Chemical Constituents :

Madarin (It contains resin & three glycosides namely calotropin, uscharin & Calotoxin - three are to be highly toxic in nature).

Latex contains a very toxic bacteriolytic enzyme known as calactine, Giganteol, Isogeganteol & β-sitosterol.

Bioactivity : Anthelmintic, Antipyretic, Laxative, Digestive, Astringent.

Indication : Asthma, Cough, Cold, Constipation, Liver & Spleen enlargement, Eczema, Skin disease, Boils, Gall Stone, Kidney Stone, Fever, Catarrh, Loss of appetite, Haemorrhoids.

(۲۵۱) گلنار فارسی Pome Granate

Kingdom	:	Plantae
Phylum	:	Angiosperms
Class	:	Eudicots
Order	:	Myrtales
Family	:	Lythraceae
Genus	:	Punica
Species	:	P. granatum
Binomial Name	:	Punica granatum (L.)
Synonym	:	Punica malus (L.)
Common Names	:	Pomegranate
	:	Granate
	:	Granada

عربی نام - رُمّان
اردو/ فارسی - گلنار
ہندی - انار
بنگلہ - دالِم
ماخذ - نباتی
حصص مستعملہ - گل
مدت حیات - ایک سال
مزاج - سرد I خشک II
نفع خاص - حابس الدم
مضر - دردسر/سدہ پیدا کرتا ہے
مصلح - کتیرا
بدل - ایک جزدوسرے جز کا
مقدار خوراک - ۵۔۷ گرام

شناخت - یہ جنگلی انار کی کلیاں ہیں۔ جسکا رنگ عموماً سرخ اور ذائقہ کسیلا یا بدمزہ ہوتا ہے اسکے درخت میں عموماً پھل نہیں لگتے۔ اگر کسی درخت میں پھل آجائے تو اسے منحوس سمجھتے ہیں۔

اقسام - (۱) جنگلی (۲) بستانی، مطلق گلنار سے مراد جنگلی انار ہے۔

حصول - بھارت، پاکستان، افغانستان، ایران، عرب، افریقہ، جنوبی یورپ، روس، جاپان، عراق

افعال - حابس الدم، مجفف، قابض، رادع مواد، مقوی دندان ولثہ

مواقع استعمال - بواسیر، قلاع الفم، جریان منی، کثرت احتلام، خروج المقعد، سرعت انزال، سیلان الرحم

ترکیب استعمال - (۱) دانتوں کو مضبوط کرنے اور مسوڑھوں کے خون کو روکنے کیلئے بطور منجن (۲) خروج المقعد (کانچ نکلنے کا عارضہ) میں اسکے جوشاندے کو بطور آبزن (۳) نفث الدم، اسہال صفراوی یا دموی، کثرت حیض، سیلان الرحم یا کثرت احتلام میں بطور سفوف (۴) زخموں کو بھرنے کیلئے بطور ضماد یا ذرور

مرکبات - قرص گلنار، سفوف اصل السوس، قرص طباشیر

جدید تحقیقات - کیمیائی تجزیہ:۔

Chemical Constituents :
Ellagic acid, Ellagitannins (including punicalagins), Punicic acid, Flavonoids, Anthocyanidins, Anthocyanins and estrogenic flavonols & Flavones.

Bioactivity : Antioxidant, Anti-inflammatory, Antiemetic, Anthelmentic, Anticarcinogenic.

Indication : Osteoarthritis, Sorethroats, Cough, Urinary infections, Digestive disorders, Skin disease Cancer & Tuberculosis.

درخت

Margosa Flower گلِ نیم (۲۵۲)

Kingdom	:	Plantae
Division	:	Magnoliophyta
Class	:	Magnoliopsida
Order	:	Sapindales
Family	:	Meliaceae
Genus	:	Azadirachta
Species	:	A. indica
Binomial Name	:	Azadirachta indica (A.Juss)
Synonyms	:	Antelaea azadirachta (L.)
	:	Melia azadirachta (L.)
	:	Melia indica (A. Juss)
Common Names	:	Neem
	:	Indian lilac.

عربی/فارسی نام - نیب
اردو/ہندی/بنگلہ - نیم
ماخذ - نباتی
حصص مستعملہ - پھول/دیگر اجزاء
مدت حیات - ایک سال
مزاج - گرم خشک I
نفع خاص - مصفی خون
مضر - خشک مزاج والوں کو
مصلح - مکھن/گائے کا گھی
بدل - ایک جز دوسرے کا
مقدار خوراک - ۳۔۶ گرام

خشک پھول

شناخت - یہ ایک مشہور ہندوستانی درخت نیم کے پھول ہیں جو چھوٹے چھوٹے سفید رنگ کے خوشوں میں لگتے ہیں۔ جسکی خوشبو چنبیلی کی طرح خوشگوار ہوتی ہے۔

حصول - بھارت، بنگلہ دیش، پاکستان، جنوبی ایران، افریقہ، اسپین، ویتنام، برما

افعال - مصفی خون، مسکن، محلل، قاتل جراثیم، دافع بخار، مقطع بلین، منضج، قاتل کرم شکم، دافع تعفن

مواقع استعمال - پھوڑے، پھنسی، اورام، بخار، خارش چشم، جذام، آتشک، جرب وحکہ وغیرہ

ترکیب استعمال - (۱) اورام جلدیہ میں بطور سفوف یا ضماد (۲) بخار کو دور کرنے کیلئے بطور جوشاندہ (۳) امراض چشم میں پھولوں کو باریک کر کے تیل میں جلا کر بطور کاجل

مرکبات - حب مصفی خون، حب بواسیر، حب سرخ بادہ، معجون مصفی خون، معجون بواسیر، مرہم جدوار

جدید تحقیقات - کیمیائی تجزیہ:۔

Chemical Constituents :

Azadirachtin, Nimbin, Nimbidin (Antibacterial), Nimbidol, Salanin, Sodium nimbinate, Gedunin, Quercetin.

Bioactivity : Azadirachtin: Antihormonal & Antifeedant
Nimbin: Anti-inflammatory, Antipyretic, Antihistaminic & Antifungal.
Nimbidin: Antibacterial, Antiulcer, Analgesic, Antiarrhythmic & Antifungal.
Nimbidol: Antitubercular, Antiprotozoal & Antipyretic.
Sodium Nimbinate : Diuratic, Spermicidal & Antiarthritic
Gedunin: Vasodilator, Antimalarial & Antifungal.
Selanin: Repellent
Quercetin: Antiprotozoal, Antioxidant, Anti-inflammatory, Antibacterial

Indication : Fever, Malaria, Wounds, Cough, Skin diseases(Acne, Eczema, Psoriasis, Scabies), Herpes, Arthritis, Joint Pain & Swelling, Leucorrhoea, Amenorrhoea, Tumors, Cancer, Reduce B.P. & Cholesterol & Prevent Blood clot.

درخت
پھول

Armenian Bole گِل ارمنی (۲۵۳)

کیمیائی نام - Silicate of alumina magnesium & Oxide of Iron

عربی نام - طین الارمنی

فارسی - گلِ ارمنی

ہندی - ارمنی مٹی

ماخذ - معدنی

حصص مستعملہ - مٹی

مدت حیات - طویل المدت

مزاج - سرد I خشک II

نفع خاص - حابس الدم/مجفف قروح

مضر - طحال کو

مصلح - مصطگی/صندل سفید

بدل - گلِ مختوم

مقدار خوراک - ۱۔۳ گرام

Silicate of alumina magnesium & Oxide of Iron

شناخت - سرخ رنگ کی نرم اور چکنی مٹی ہے جسکا مزہ پھیکا خوشبودار اور زبان پر چپکنے والی ہوتی ہے اسکی سرخی کی وجہ اس میں آئرن آکسائیڈ کی موجودگی ہے اس مٹی میں Hydrous Silicate of Aluminum اور میگنیشیم کی شمولیت بھی ممکن ہے۔ سب سے بہتر وہ مٹی ہے جو صاف اور خالص سنہرے رنگ کی ہوتی ہے۔

حصول - آرمینیا، ایران، Tuscany (سب سے عمدہ آرمینیا کی مٹی ہوتی ہے)

افعال - قابض، مجفف، مغری، مفرح ومقوی قلب، حابس الدم، دافع سعال، مندمل قروح، دافع حمیات وبائیہ

مواقع استعمال - قرحہ ریہ، نفث الدم، قرحہ معدی ومعوی، وبائی بخار، طاعون، سل، کھانسی

ترکیب استعمال - (۱) مرض طاعون میں سرکہ اور گلاب کے ہمراہ اکلاً اور غدود پر ضماداً (۲) سل، قرحہ ریہ وقرحہ معدہ اور دیگر اندرونی اعضائے احشاء کے سیلان خون کو روکنے کیلئے بطور سفوف (۳) اورام کی ابتدا میں مواد کے رخ کو پھیرنے یا لوٹانے کیلئے بطور ضماد (۴) تازہ زخموں سے خون کے بہاؤ کو روکنے کیلئے بطور ذرور

مرکبات - حب سوزاک، بنادق البزور، مفرح اعظم، سفوف طین، قرص ذیابیطس

جدید تحقیقات - کیمیائی تجزیہ:۔

Chemical Constituents :

Silica, Aluminium, Magnesium, Iron, Oxygen.

Bioactivity : Astringent, Anti haemorrhagic, Antidysenteric.

Indication : Diarrhoea, Dysentery, Haemorrhage.

گل ارمنی

(۲۵۴) گِل مُختُوم Sealing Clay

کیمیائی نام - Silicate of alumina & Oxide of Iron

Chemical Composition :

Silicon dioxide	:	(58-64%)
Calcium Oxide	:	(0-65%)
Aluminum Oxide	:	(19-22%)
Magnesium Oxide	:	(2.5-3.2%)
Ferric Oxide	:	(2.8-3.5%)
Sodium Oxide	:	(1.5-2.7%)
Titanum Oxide	:	(0.1-0.2%)

عربی نام - طین المختوم/طین البحیرہ

فارسی - گل مختوم/مغیرہ ملینہ

ماخذ - معدنی

حصص مستعملہ - مٹی

مدت حیات - طویل المدت

مزاج - سرد خشک II

نفع خاص - تریاق سموم/حابس الدم

مضر - طحال کو

مصلح - کتیرا/گلاب

بدل - گلِ ارمنی

گل مختوم

مقدار خوراک - ا۔۳ گرام

شناخت - ہلکے گلابی رنگ کی خوشبودار چکنی مٹی ہے جو لیمون نامی ایک جزیرہ کے ایک مقام بحیرہ کے ایک ٹیلہ سے لائی جاتی ہے اور ٹکیہ کی صورت میں بازاروں میں ملتی ہے۔

وجہ تسمیہ - چونکہ یہ مٹی اتنی نرم اور لطیف ہوتی ہے کہ مہر کو بڑی آسانی سے قبول کر لیتی ہے اور بازاروں میں ٹکیہ کی صورت میں مہر لگی ہوئی بکتی ہے اسی مناسبت سے اسے مختوم یعنی مہر قبول کرنے والی مٹی کہتے ہیں۔

حصول - لیمون، روم، یونان، جزائر بحر ہند۔

افعال - مفرح و مقوی قلب و اعضاء رئیسہ، مجفف رطوبات، قابض، حابس الدم، مغری، دافع حمی وبائیہ، تریاق سموم، دافع سل دق۔

مواقع استعمال - ضعف قلب، خفقان، ضعف معدہ، قرحہ ریہ، نفث الدم، طاعون، قرحۂ معدہ و امعاء، حمیات وبائیہ، اسہال، زخم

ترکیب استعمال - (۱) قرحہ ریوی، سل و دق اور معدہ و امعاء کے زخموں میں بطور سفوف (۲) تازہ زخموں اور کٹے ہوئے اعضاء سے سیلان خون کو روکنے کیلئے بطور ذرور (۳) ہر طرح کے زہروں کو زائل کرنے کیلئے بطور تریاق (۴) سموم حیوانی میں ڈسے ہوئے مقام پر بطور ضماد (۵) زہر خوردہ کو پانی میں ملا کر بطور زلال (جس سے قے اور دست آکر زہر دور ہو جاتا ہے)

مرکبات - مفرح اعظم، معجون مروح الارواح، معجون موچرس، مفرح یاقوتی معتدل، تریاق فاروق

جدید تحقیقات -

Bioactivity : Antihaemorrhagic, Antidandruff, Colon cleanser, Antibacterial.

Indication : Skin disease, (Acne, Pimples & Eczema), Bacterial food poisoning, Stomachaches.

گل مختوم

Multani Clay گِل ملتانی (۲۵۵)

کیمیائی نام - Silicate of alumina Lime & Oxide of Iron

Common Names : Fuller's Earth
: Indian Fuller's Earth

عربی نام - طین الہند/طین الفارسی
فارسی - گل ملتانی
ہندی - ملتانی مٹی
ماخذ - معدنی
حصص مستعملہ - مٹی
مدت حیات - طویل المدت
مزاج - سردخشک II
نفع خاص - حابس الدم
مضر - امعاء/ریہ کو
مصلح - سرطان نہری
بدل - گل ارمنی
مقدار خوراک - ۳-۵گرام

شناخت - یہ سفید زردی مائل پرت دار چکنی مٹی ہے جس کا مزہ پھیکا اور لیسدار ہوتا ہے۔

حصول - بہاول پور، ملتان، (پاکستان)
افعال - قابض، حابس الدم، جالی
مواقع استعمال - جریان الدم، بول الدم، کثرت طمث، رعاف، ہیضہ، امراض جلدیہ
ترکیب استعمال - (۱) ہیضہ میں بطور سفوف (۲) رعاف، بول الدم اور کثرت طمث میں بطور زلال (۳) امراض جلدیہ میں بطور ضماد (۴) سردرد میں پیشانی پر اور کثرت طمث میں پیڑھو پر بطور لیپ
مرکبات - تریاق مثانہ، روشویہ
جدید تحقیقات - کیمیائی تجزیہ:۔

Chemical Constituents :

Pb, Br, As, Sb, Hg, Cd, (all are toxic elements) Magnesium Chloride.

Bioactivity : Antiseptic, Bacteriostatic, Absorbent, Antiarthritic, Cleanser, Skintoner.

Indication :
(1) Remove dead cell, toxins & excess oil from skin.
(2) Remove pimple marks, dark spot & pigmentation.
(3) Improve the color of the face skin.
(4) Remove acne, blemishes to a great degree.

گل ملتانی

Indian Tinospora گِلو (۲۵۶)

Kingdom	:	Plantae
Division	:	Magnoliophyta
Class	:	Magnoliopsida
Order	:	Ranunculales
Family	:	Menispermaceae
Genus	:	Tinospora
Species	:	T. cordifolia
Binomial Name	:	Tinospora cordifolia (Thumb)
Related Species	:	Tinospora crispa
	:	Tinospora rumphii (Boerl.)
Common Name	:	Guduchi

فارسی نام - گلو
ہندی/اردو - گرچ/گلو/امرتا/امربیل
بنگلہ - گلانچا
سنسکرت - گڈوچی
ماخذ - نباتی
حصص مستعملہ - جڑ، تنہ
مدت حیات - ایک سال
مزاج - گرم خشک 1 / سرد خشک 1
نفع خاص - دافع حمّٰی / مصفی خون
مضر - مقیء
مصلح - طباشیر / دانہ ہیل کلاں
بدل - تربد
مقدار خوراک - ۳ گرام

خشک جڑ

شناخت - یہ ایک مشہور بیلدار نبات ہے جو اپنے آس پاس کے درختوں، دیواروں یا کسی کے سہارے سے اوپر کو بل کھاتی ہوئی چڑھتی ہے۔ اسکے تنے سے بہت سی ڈنڈیاں نکل کر زمین میں دھنس جاتی ہیں۔ اسکی ٹہنیوں کو کاٹ کر زمین میں گاڑ دینے سے نئے پودے اُگ جاتے ہیں۔ اسکے پتے پان کے پتوں کی مانند اور پھول چھوٹے چھوٹے زرد رنگ کے گچھوں میں کھلتے ہیں۔ اسکا شمار طفیلی پودوں میں ہوتا ہے، اسکے تمام اجزاء نہایت تلخ ہوتے ہیں۔ نیم کے درخت پر پائے جانے والے گلو کو سب سے بہترین گلو تسلیم کیا گیا ہے۔ اسکے پتے اور ٹہنیوں کو کچل کر ست حاصل کرتے ہیں جس کو ست گلو کہتے ہیں۔

حصول - بھارت، سری لنکا، برما

افعال - دافع حمّٰی، مقوی معدہ، قابض، قاتل کرم شکم، مدر بول، مصفی خون

مواقع استعمال - اسہال مزمنہ، خونی اسہال، سوزاک، جریان، امراض جلدیہ، آتشک، جذام، بخار، حرقت البول

ترکیب استعمال - (۱) ہر طرح کے بخاروں میں تازہ گلوئے نیم کو بطور نقوع یا مطبوخ (۲) اسہال مزمنہ، سوزاک اور جریان میں بطور سفوف (۳) دیدان امعاء میں بطور عرق یا سفوف (۴) حرقت البول، سوزاک وغیرہ میں بطور آب برگ سبز مروق

مرکبات - سفوف ست گلو سلاجیت، سفوف قلعی کشتہ، عرق ہرا ابجرا

جدید تحقیقات - کیمیائی تجزیہ:۔

Chemical Constituents :

Diterpene compound, Poly phenol, Poly saccharides, Arabinogalactan.

Bioactivity : Antioxidant, Anticancer, Anti-inflammatory, Antipyretic, Antispasmodic.

Indication : Allergic rhinitis (Hay fever), Gout, Jaundice, Rheumatism, Diabetes, High cholesterol, Upset stomach, Lymphoma & other Cancers, Hepatitis, Peptic ulcer, Gonorrhoea, Syphillis, Urinary disorder, Peritonitis.

بیلدار نبات

(۲۵۷) گندنا Shallot / Leek Onion

Kingdom	:	Plantae
Phylum	:	Angiosperms
Class	:	Monocots
Order	:	Asparagales
Family	:	Amaryllidaceae
Genus	:	Allium
Species	:	Ascalonicum
Binomial Name	:	Allium ascalonicum (L.)

عربی نام - کراث
فارسی - گندنا
پنجابی - بوگاٹ
ہندی - اک کندالسن
بنگلہ - گندھن
ماخذ - نباتی
حصص مستعملہ - تخم
مدت حیات - چارسال
مزاج - گرم خشک II
نفع خاص - دافع بواسیر/ جالی
مضر - محرورین کو
مصلح - کشنیز
بدل - پیاز/لہسن
مقدار خوراک - ۱۔۲گرام

شناخت - لہسن اور پیاز کی مانند ایک پودا ہے جسکے پھول، پتے اور تخم، لہسن اور پیاز کے پھول، پتے اور تخموں کی مانند لیکن ان سے چھوٹے اور باریک ہوتے ہیں۔ اسکی جڑ پیاز کی جڑ کی طرح لیکن اس میں پیاز کی طرح گانٹھ نہیں ہوتی۔ گیہوں اور چنے کے کھیتوں میں یہ خودرو پیدا ہو جاتے ہیں۔

اقسام - اسکی کئی قسمیں ہیں جن میں دو مشہور ہیں ☆ (۱) Allium ascalonicum (Shallot)
(۲) Allium ampeloprasum (Leek Onion / Wild Leek)

حصول - بھارت، ایران، اسپین، افریقہ، ویتنام، کمبوڈیا، تھائی لینڈ

افعال - مسکن، منفث بلغم، محلل، مقوی باہ، جالی، مدر بول وحیض، مبخر (غلیظ ریاح پیدا کرتا ہے)

مواقع استعمال - خونی و بادی بواسیر، احتباس بول وحیض، امراض جلدیہ، بواسیری مسے۔

ترکیب استعمال - (۱) خونی و بادی بواسیر کی تکلیفوں کو دور کرنے کیلئے اسکے تخموں کو بطور سفوف (۲) احتباس بول وحیض میں اسکے سبز پتوں کو بطور ساگ/ غذا (۳) امراض جلدیہ میں اسکے تخموں کو بطور طلاء یا ضماد

مرکبات - جوارش فنجوش، حب جالینوس، سفوف مقلیاثا، حب مقل، اطریفل مقل، معجون پیاز

جدید تحقیقات - کیمیائی تجزیہ:۔

Chemical Constituents :

Ascalonicoside A_1, A_2 & Ascalonicoside β(4)

Bioactivity : Anticoagulant, Antifungal, Anticancer, Anti-inflammatory, Antibacterial, Antimicrobial, Antiviral, Antioxidant, Antiangiogenic, Hypocholes terolemic.

Indication : Cold, Cough, Bronchitis, Influenza, Sorethroat, Lower blood pressure, Heart diseases, Diabetes, Effective against liver cancer, Cell & Stomach Cancer, Helps in the growth of bone tissues & reduces risk of developing osteoporosis.

Nutritional Value : Per 100 g :		Vitamins :		Micro elements :	
Energy	: 72 K Cal	Thiamine (B_1)	: 0.6 mg	Calcium	: 37 mg
Carbohydrates	: 16.8 g	Riboflavin (B_2)	: 0.02 mg	Iron	: 1.2 mg
Sugar	: 7.8 g	Niacin (B_3)	: 0.2 mg	Magnesium	: 21 mg
Dietary Fiber	: 2.3 g	Pantothenic acid (B_5)	: 0.29 mg	Manganese	: 0.292 mg
Fat	: 0.1 g	Vitamin (B_6)	: 0.345 mg	Phosphorus	: 60 mg
Protein	: 2.5 g	Folate (B_9)	: 34 mcg	Potassium	: 334 mg
		Vitamin C	: 8 mg	Zinc	: 0.4 mg

Ref. : USDA (United State Dept. of Agriculture)

Jequirity گھونگچی (۲۵۸)

Kingdom	:	Plantae
Phylum	:	Angiosperms
Class	:	Eudicots
Order	:	Fabales
Family	:	Fabaceae
Genus	:	Abrus
Species	:	A. precatorius
Binomial Name	:	Abrus precatorius (Linn.)
Common Names	:	Crab's eye
	:	Indian licorice
	:	Kudrimani
	:	Guru ginja
	:	Rosary pea
	:	Gunj

تخم

عربی نام - عین الدیک/عین العفریت

فارسی - سرخ چشم خروس

ہندی - گھونگچی / رتی

بنگلہ - کونچ

ماخذ - نباتی

حصص مستعملہ - تخم

مدت حیات - پانچ سال

مزاج - گرم خشک III

نفع خاص - جالی/محلل اورام

مضر - معدہ وامعاء کو

مصلح - گل سرخ/کشنیز سبز

بدل - ایلوا/ایک قسم دوسرے کا

مقدار خوراک - دوگرام تک

شناخت - یہ ایک بیلدار نبات کے تخم ہیں جو دانہ ارد کے برابر چمکدار، گول اور کسی قدر بیضوی ہوتے ہیں۔

اقسام - رنگت کے اعتبار سے اسکی تین قسمیں ہیں (۱) سرخ (۲) سیاہ (۳) سفید

وجہ تسمیہ - گھونگچی کو رتی اسلئے کہتے ہیں کہ اسے پہلے بھارت میں سونا ناپنے کیلئے استعمال کرتے تھے۔

حصول - انڈونیشیا، امریکہ، برازیل، بھارت، جزائر غرب الہند، افریقہ (سوڈان، تنزانیہ)

افعال - محلل، جالی، اکال، مہیج (ہیجان پیدا کرنے والا)

مواقع استعمال - برص، بہق، کلف، جالا، پھولا، دھند، بواسیری مسے، گنج

ترکیب استعمال - (۱) برص و بہق جیسے امراض جلدیہ میں بطور طلاء (۲) جالا، پھولا اور دھند جیسے امراض چشم میں بطور ضماد (۳) ورموں کو تحلیل کرنے کیلئے اسکے پتوں کو بھجیا بنا کر بطور ضماد (۴) گنج میں بالوں کو اگانے کیلئے بطور روغن یا طلاء (۵) بخار، سردی اور کھانسی میں اسکے پتوں کو جوش دیکر بطور چائے۔

مرکبات - روغن گنج، گھونگچی آدی تیل

نوٹ - (۱) اسکے تخموں کو گائے کے دودھ میں ابالنے سے اسکے زہریلے اثرات ختم ہوجاتے ہیں۔

(۲) اسکے پتوں اور تخموں میں ایک زہریلا جوہر ہوتا ہے جسکی قلیل مقدار اگر جسم میں داخل کردیا جائے تو وہ جسم کو زہر سے محفوظ بنادیتا ہے مگر یہ شدید خراش کن ہے۔

جدید تحقیقات - کیمیائی تجزیہ:۔

Chemical Constituents:

Abrin (Toxic Protein), Arabin A.B.C, Lectins, Phytotoxin 6, Abrine, Abrus, Agglutinin, Hyaphorine, Precatorine, Abruquinone A, Abroquinone B, D, E, & F, Triterpenoid, Saponin 1 & 2, Essential aminoacid.

Toxic Constituents: Lectin, Abrin, Fat-splitting enzyme, Glucoside, Abrussic acid, Urease, Alkaloids-abrine, Abarnin, Trigonelline, Choline & Hypaphorine and Steroidal Oil (Abortive)
Bioactivity : Anitoxidant, Anti-inflammatory, Analgesic, Aphrodisiac, Purgative.
Indication : Cold, Cough, Colic, Hoarseness, Swelling, Skin diseases, Diabetes, **Roots** are used to treat jaundice & gonorrhoea.

Aloe گھیکوار (۲۵۹)

Kingdom	:	Plantae
Phylum	:	Angiosperms
Class	:	Monocots
Order	:	Asparagales
Family	:	Xanthorrhoeasceae (Liliaceae)
Sub Family	:	Asphodeloideae
Genus	:	Aloe
Species	:	A. vera
Binomial Name	:	Aloe vera (Linn.)
Synonyms	:	Aloe barbadensis (Mill)
	:	Aloe indica (Royle.)
	:	Aloe vulgaris (Lam.)
Common Names	:	Indian aloe
	:	True aloe

عربی/فارسی نام - صبر

ہندی - ایلوا

بنگلہ - گھرت کماری

ماخذ - نباتی

حصص مستعملہ - مغز گھیکوار/عصارہ

مدت حیات - عصارہ۔ چھ سال

مزاج - گرم خشک II

نفع خاص - محلل اورام

مضر - جگر/معدہ وامعاء

مصلح - کتیرا/گل سرخ

بدل - مغز کا بدل عصارہ

مقدار خوراک - ۷۔۱۰ گرام

گھیکوار

شناخت - ایک مشہور نبات ہے جو بغیر کسی شاخ کے تین فٹ تک اونچا ہوتا ہے۔اس کے پتے جڑ سے نکلتے ہیں جو گائے کی دم کی طرح دبیز اور وزنی ہوتے ہیں، اسکے دونوں کناروں پر کانٹے ہوتے ہیں۔اور پتے کا آخری سرا خار کی شکل میں ختم ہوتا ہے۔ پتوں کو کاٹنے پر زردی مائل، لیسدار، لعابی اور تلخ رطوبت نکلتی ہے جسے لعاب گھیکوار کہتے ہیں، اسکے پھول نارنجی رنگ کے موسم گرما میں کھلتے ہیں۔

حصول - بھارت، جزائر غرب الہند، جزیرہ سقوطر، مراقش، مصر، سوڈان، مڈغاسکر (سب سے بہتر سقوطر کا ہوتا ہے)

افعال - مسہل، مصفی خون، محلل، منضج اورام، معدل اخلاط بلغمیہ

مواقع استعمال - امراض جلدیہ، اورام، قبض، ضعف باہ، وجع المفاصل

ترکیب استعمال - (۱) امراض جلدیہ میں مقام ماؤف پر تازہ مغز کو بطور ضماد (۲) اورام کو تحلیل کرنے کیلئے آنبہ ہلدی کے ہمراہ مغز کو نیم گرم کر کے بطور لیپ (۳) تقویت باہ اور تقویت کمر کیلئے بطور معجون یا حلوہ (۴) امراض شعر میں بطور روغن یا شیمپو

مرکبات - حلوائے گھیکوار، حب صبر، حب ایارج

جدید تحقیقات - کیمیائی تجزیہ:۔

Chemical Constituents :

Amino acids :- Isoleucine, Leucine, Lysine, Methionine, Phenylalanine, Valine.

Anthraquinons Complex :- Aloe-emodine, Aloetic acid, Aloin, Anthracene, Anthranol, Barbaloin, Cinnamic acid, Ethereal Oil, Isobarbaloin, Resistannols.

Enzymes :- Alkaline Phosphate, Amylase, Bradykinase, Catalase, Cellulase, Lipase, Oxidase, Carboxypeptidase.

Minerals :- Calcium, Chlorine, Chromium, Copper, Iron, Magnesium, Manganese, Phosphorus, Potassium, Selenium, Sodium, Zinc.

Acemannan :- Interferon, Interleukin.

Sterols :- Steroids include β-sitosterol, Campesterol, Cholesterol & Lupeol (They have strong analgesic, Anti-inflammatory & Antiseptic) **mono/polysaccharides:** Plant hormones, Salicylic acid, Lignin, Saponin, Vitamin A, B_1, B_2, B_6, B_{12}, C, E & Folic acid.

Bioactivity : Anti-inflamatory, Analgesic, Antibacterial, Antiparasitic, Antiarthritic, Antiseptic, Antipyretic, Antiviral, Antifungal, Antioxidant, Antineoplastic (Antimutagenic, Antileukaemic).

Indication : Burns, Cuts, Bruises, Rashes, Itching, Blister, Infections, Abrasion, Constipation, Diarrhoea, Jaundice, Menstrual disorder, Scalp disorder, Haemorrhoids.

Gypsum گئو دنتی (۲۶۰)

Chemical Name	:	Hydrated Calcium Sulphate
Chemical Formula	:	$Ca\ SO_4\text{-}2H_2O$
Molecular Weight	:	172.17 g/mole
Hardness	:	2(Mohs Scale), Very Soft
Specific Gravity	:	2.3
Physical Properties	:	Moderately water soluble
Appearance	:	White solid
Class	:	Sulfate
Order	:	Oderless
Melting Point	:	146°C (Anhydrous)
Others Name	:	Plaster of Paris
	:	Drie rite

عربی نام - زرنیخ

فارسی - سنگ کرانی

ہندی - سفید پتھر

ماخذ - معدنی

حصص مستعملہ - کشتہ، قلمیں

مدت حیات - طویل مدت

مزاج - گرم خشک II

نفع خاص - دافع حمی/منفث بلغم

مضر - دواء کمی

مصلح - گھی/دودھ

بدل - مکلس قرن الایل

مقدار خوراک - ۵ ملی گرام تک

شناخت - سفید رنگ کی چمکدار نہایت نرم دھات ہے جو سنگ جراحت سے بہت زیادہ مشابہ ہے اسکو 300°F تک گرم کرنے سے یہ پلاسٹر آف پیرس میں تبدیل ہو جاتا ہے۔

حصول - ٹکساس، کیلی فورنیا، کناڈا، میکسیکو، اسپین، بھارت، عمان، مصر، برازیل، پاکستان

افعال - دافع حمی، منفث بلغم، دافع امراض بلغمیہ، قابض، حابس

مواقع استعمال - موسمی بخار، وجع المفاصل، ضیق النفس، اسہال، جریان خون، سل دق

ترکیب استعمال - (۱) ہڈی کے کسر (Fracture) کی صورت میں بطور پلاسٹر (۲) ہر قسم کے بخار خصوصاً موسمی بخار میں بطور کشتہ (۳) سل دق اور جریان خون اور وجع المفاصل میں بطور کشتہ

مرکبات - کشتہ گئودنتی، تریاق برائے غوطر (Goiter)

جدید تحقیقات - کیمیائی تجزیہ:۔

Chemical Composition :

Calcium : 23.28%, Hydrogen : 2.34%, Sulphur : 18.62%, Oxygen : 55.76%.

Bioactivity : Antipyretic, Analgesic, Anti-inflammatory, Antimicrobial, Antifungal.

Indication : Hay fever, Headache, Toothache, Painfull gums, Skin diseases, (Eczema, Burns & Skin ulcer), Bone augmentation, Hypocalcaemia, Electrolyte depletion, Cardiac arrest, Magnesium poisoning, Osteoporosis.

معدن

Bole Rubra گیرو (۲۶۱)

Chemical Name : Silicate of Alumina & Iron Oxide.
Common Names : Red Earth
: Red Ochre
: Sona Geru

عربی نام - طین احمر/مغرہ
فارسی - گِلِ سرخ
ہندی - گیرومٹی
بنگلہ - گری ماٹی
ماخذ - معدنی
حصص مستعملہ - مٹی
مدت حیات - طویل المدت
مزاج - سرد خشک II
نفع خاص - حابس الدم
مضر - آنتوں کو/مضعف باہ
مصلح - شہد
بدل - گلِ ارمنی
مقدار خوراک - ۳ گرام

گیرومٹی

شناخت - پرت دار، سرخ زردی مائل یا سرخ سیاہی مائل چکنی مٹی ہے، جسکا ذائقہ پھیکا اور سوندھا ہوتا ہے۔ آئرن آکسائیڈ کی شمولیت کی وجہ سے اس کی رنگت لال ہوتی ہے۔ سرخ سیاہی مائل کو بہتر تصور کیا جاتا ہے۔ عمدہ قسم وہ ہے جو صاف ہو اور پانی میں ڈالنے سے پھول جائے سب سے بہتر بغدادی ہوتی ہے۔

حصول - بھارت (راجستھان، گوالیار کے پہاڑ)، بغداد، انگلینڈ، آسٹریلیا، نیوزی لینڈ، اسپین، چین

افعال - مجفف، مغری، حابس الدم، حابس اسہال، رادع

مواقع استعمال - اسہال، اسہال دموی، قرحہ معدی ومعوی، بول الدم، کثرت طمث، حرقت البول، جریان، اورام حارہ، جمرہ، نملہ، حرق، سلق، برص

ترکیب استعمال - (۱) جریان، اسہال، سوزاک اور حرقت البول میں بطور زلال (۲) برص اور دیگر امراض جلدیہ میں بطور ضماد (۳) کثرت حیض یا اسہال دموی میں مناسب بدرقہ کے ہمراہ بطور سفوف۔

مرکبات - سفوف برص، سفوف سرخ، حب رسوت، حب سوزاک، حب سرخ

جدید تحقیقات - کیمیائی تجزیہ:-

Chemical Composition :

Iron	: 3.61 %
Aluminium	: 2.92 %
Organic Matter	: 1.01 %
Magnesium	: 0.70 %
Lime	: 0.56 %
Carbon dioxide	: 0.30 %
Potash	: 0.24 %
Soda	: 0.12 %
Phosphorus	: 0.09 %
Nitrogen	: 0.08 %

Bioactivity : Haemostatic.

پہاڑ
پرت دار گیرو مٹی

Sensitive Plant لاجونتی (۲۶۲)

Kingdom	:	Plantae
Division	:	Magnoliophyta
Class	:	Magnoliopsida
Order	:	Fabales
Family	:	Fabaceae
Sub Family	:	Mimosoideae
Genus	:	Mimosa
Species	:	M. pudica
Binomial Name	:	Mimosa pudica (Linn.)
Common Names	:	Humble plant
	:	Shamefull plant
	:	Touch-me-not plant

ہندی/اردو نام - چھوئی موئی

بنگلہ - لجابوٹی

سنسکرت - لجالو

ماخذ - نباتی

حصص مستعملہ - جڑ، پتے

مدت حیات - ایک سال

مزاج - سرد تر II

نفع خاص - حابس الدم/مسکن صفراء

مضر - گردہ/طحال کو

مصلح - فلفل سیاہ

بدل - کنیر کی پتی

مقدار خوراک - ۵۔۷ گرام

تخم

پھلی

شناخت - یہ ایک مشہور پودا ہے جسے ہاتھ سے چھونے یا کسی قسم کا سایہ پڑنے پر اسکے پتے سکڑ کر آپس میں مل جاتے ہیں اور ہاتھ کے ہٹانے یا سایہ کے دور ہو جانے سے تھوڑی دیر میں اپنی اصلی حالت میں چلے آتے ہیں اس کے پھول گلابی اور زرد رنگ کے بڑے خوبصورت ہوتے ہیں۔ اسکا ذائقہ کڑوا، کسیلا، اور چرپرا ہوتا ہے، اسکے پتے ببول کے پتوں کی طرح لیکن ان سے بہت چھوٹے ہوتے ہیں۔

اقسام - (۱) اس کی ایک قسم آٹھ سے اٹھارہ انچ تک اونچی ہوتی ہے جو عموماً جنگلوں اور بنجر زمینوں میں اگتی ہے (۲) اس کی دوسری قسم مفروش ہوتی ہے جو پانی کے کنارے اُگتی ہے۔ (۳) اس کی تیسری قسم دو سے تین گز تک بلند پیڑ کی شکل کی ہوتی ہے، جس میں باریک پھلیاں لگتی ہیں ان پھلیوں میں خشخاش کے دانوں کی طرح تخم ہوتے ہیں۔

حصول - اسکا وطن برازیل، جنوبی امریکہ ہے۔ اس کے علاوہ بھارت، پاکستان، تنزانیہ، افریقہ میں بھی پایا جاتا ہے۔

افعال - قابض، حابس الدم، مصفی خون، مسکن صفراء وخون

مواقع استعمال - ناصور، بواسیر، کثرت حیض، اورام غدد یہ، وجع الاسنان، جذام

ترکیب استعمال - (۱) گردہ، پہلو اور غدد کے اورام کو دور کرنے کیلئے اسکے پتوں کو پیس کر بطور ضماد (۲) بواسیر، اسہال اور کثرت حیض میں اسکی جڑ اور پتوں کو دودھ کے ہمراہ بطور سفوف (۳) دانتوں کے درد کو دور کرنے کیلئے اسکی جڑوں کے جوشاندہ کو بطور کلی۔

مرکبات - سفوف لاجونتی، عرق لاجونتی

جدید تحقیقات - کیمیائی تجزیہ:۔

Chemical Constituents:

_Mimosin (Toxic alkaloid), Terpenoids, Flavonoids, Glycosides, Alkaloids, Quinine, Phenols, Tannins, Saponin & Coumarins.

Bioactivity : Antiulcer, Antidiabetic, Antitoxin, Antihepatotoxin, Anticonvulsant, Antioxidant, Antimicrobial, Analgesic, Anti-inflammatory.

Indication : Lumbago, Nephritis, Glandular tumours, Uterine cancer, Skin disorder, Sore & Piles, Dysentery, Fevers, Jaundice, Leprosy, Gynecological disorder, Bronchitis, Neurological Problems.(It is very useful in diarrhoea, amoebic dysentery & bleeding piles).

Belladonna / Deadly Night Shade لُفّاح (۲۶۳)

Kingdom	:	Plantae
Phylum	:	Angiosperms
Class	:	Eudicots
Order	:	Solanales
Family	:	Solanaceae
Genus	:	Atropa
Species	:	A. belladonna
Binomial Name	:	Atropa belladonna
Common Name	:	Belladonna

عربی نام - یبروج/لفاح/عنب الثعلب منوم

فارسی - مردُم گیاہ

ہندی - لچھمنا لچھمنی

اردو - انگور شفاء

لاطینی - بیلاڈونا

ماخذ - نباتی

حصص مستعملہ - پتے، جڑ

مدت حیات - برگ = دوسال

مزاج - سردخشک III

نفع خاص - محلل اورام/مسکن اوجاع

مضر - مصدع

مصلح - دودھ / سکنجبین

بدل - دھتورہ

مقدار خوراک - ۵۰۰ ملی گرام

خشک پتے

شناخت - یہ ایک نبات ہے جس کے پتے دھتورہ کے پتوں کی طرح اور جڑیں پیچدار، دو لپٹے ہوئے انسان کی طرح نظر آتی ہیں جن پر باریک ریشے بالوں کی طرح لگے ہوتے ہیں، اسکے پھول رات کو چمکتے ہیں، پھل سرخ رنگ کا زیتون کے برابر ہوتا ہے، اس سے آنسو کی طرح عرق ٹپکتے ہیں جس کا مزہ نہایت کسیلا ہوتا ہے۔ پھل کے پکنے پر اس سے خوشبو آتی ہے اور مزہ کسی قدر شیریں ہوجاتا ہے۔ جڑوں کو اگر جدا نہ کیا جائے تو اسکی مدت ساٹھ سال ہوتی ہے۔

وجہ تسمیہ - (۱) یبروج الصنم = جڑوں کے باہم لپٹے ہوئے ہونے کی وجہ سے اسے یبروج الصنم کہتے ہیں

(۲) Atropa belladonna = ایٹروپا، لاطینی زبان کے لفظ Atropos سے ماخذ ہے جسکے معنی ہیں زندگی کے ڈور کو کاٹنا اور بیلا ڈونا اٹلی زبان کا لفظ ہے جسکے معنی ہیں خوبصورت خاتون، چونکہ اٹلی کی عورتیں اپنی آنکھوں کی پتلیوں کو کشادہ کرنے کیلئے اسکے عرق کو آنکھوں میں ڈالکر اپنی خوبصورتی میں اضافہ کرتی تھیں اسی مناسبت سے اسکا نام ایٹروپا بیلاڈونا پڑا۔

اقسام - (۱) نر = اسکے پتے چکنے، چقندر کے پتوں کی طرح اور پھل کھیرے کی مانند اور جڑ، مادہ پودے کی جڑ سے پتلی ہوتی ہے۔ (۲) مادہ = اسکے پتے دھتورہ کے پتوں کی طرح اور پھل زیتون کی طرح اور اسکی بو، ناگوار ہوتی ہے۔

حصول - وسطی اور جنوبی یورپ، مغربی ایشیا، شمالی افریقہ، جنوبی امریکہ

افعال - بیرونی = مخدر، مسکن درد، محمر، محلل اورام حارہ، مانع پسینہ

اندرونی = مسکن الم، مسکن اعصاب و درد گردہ و مثانہ و سوزش مثانہ

مواقع استعمال = وجع المفاصل، نقرس، عرق النساء، عصبی درد، اورام حارہ جیسے جمرہ، دُمبل، ورم خصیہ، کثرت احتلام، سرعت انزال، شہیقہ، ضیق النفس، سوزش مثانہ، درد گردہ

ترکیب استعمال = (۱) وجع المفاصل، نقرس، اورام حارہ اور ورم خصیہ میں بطور طلاء یا ضماد (۲) دانتوں کے درد کو دور کرنے کیلئے اسکی جڑوں کے جوشاندہ کو بطور کلی

(۳) آنکھوں کے امراض میں اسکے جوہر ایٹروپین کو بطور قطور (۴) احتلام، دمہ، پرانی کھانسی اور پسینہ کو روکنے کیلئے بطور سفوف

مرکبات = قرص شلث، مرہم لفاح، معجون مقوی علوی خان، ضماد راحت

جدید تحقیقات = کیمیائی تجزیہ:۔

Chemical Constituents :

Solanin, Hyoscyamine, Atropin, Belladonnanine, Atropamine, Starch, Atrosin, Scopolamine (Hyoscine), Apoatropine,

Bioactivity : Anti-inflamatory, Narcotic, Diuretic, Sedative, Antispasmodic, Mydriatic.

Indication : Asthma, Whooping cough, Colds, Hayfever, Parkinson's diseases, Motion sickness, Arthritis, Haemorrhoids, Menstrual disorder, Nerve problems.

Side effects : Dizziness, Drymouth, Nausea, Vometing, Visual impairment, Weakness, Sleepiness, Coma, Breathing compression & Death.

(۲۶۴) لُکْ مغسول Shellac / Lac

Kingdom	:	Animalia
Phylum	:	Arthropoda
Class	:	Insecta
Order	:	Hemiptera
Super Family	:	Coccoidea
Family	:	Kerriidae
Genus	:	Kerria
Species	:	K. lacca
Binomial Name	:	Kerria lacca
Synonyms	:	Coccus lacca (Kerr.)
	:	Coccus ficus fabricius
	:	Carteria lacca signoret

Kerria Lacca is well known for secreting Lac.

عربی نام - لک

فارسی - لاک

ہندی - لاکھ/ لاکھشا

اردو - لاکھ دانہ

بنگلہ - گالا

ماخذ - حیوانی

حصص مستعملہ - رالدار خشک لاکھ

مدت حیات - پانچ سال

مزاج - گرم II خشک III

نفع خاص - حابس الدم/ نزف الدم

مضر - طحال کو

مصلح - مصطگی

بدل - طباشیر

مقدار خوراک - ۱۔۳ گرام

شناخت - لک حقیقت میں نباتی ادویہ نہیں ہے بلکہ لاکھی نامی کیڑے (Kerria Lacca) کے ذریعہ تیار کیا ہوا ایک رالدار خشک مادہ ہے جو اسی کیڑے کے لعاب سے ڈھاک، بیر، برگد یا پیپل وغیرہ کے درخت پر تیار ہوتا ہے، یہ لاکھی کیڑے اس درخت کے عرق (Sap) کو چوس کر اپنی لعاب سے اپنی حفاظت کیلئے گھر تیار کرتے ہیں، اسی گھر کو لک کہتے ہیں۔ اسکا رنگ گہرا سرخ یا بھورا اور ذائقہ پھیکا ہوتا ہے۔

حصول - بھارت (چھتیس گڑھ، مغربی بنگال، مہاراشٹر) تھائی لینڈ، بنگلہ دیش، ویتنام، چین، میکسیکو، برما (اعلیٰ قسم کا لک، ڈھاک (Butea Monosperma) بیر (Ziziphus Mauridiana) اور کسم (Schleichera Oleosa) نامی درختوں سے حاصل ہوتا ہے۔

افعال - جالی، محلل، حابس، منفث بلغم، مجفف رطوبات، مقوی معدہ وجگر

مواقع استعمال - استسقائے لحمی وزقی، یرقان، کھانسی، دمہ، امراض معدہ وجگر، جریان خون، کثرت حیض

ترکیب استعمال - (۱) استسقائے لحمی وزقی اور یرقان میں بطور سفوف (۲) موٹاپا دور کرکے جسم کو لاغر کرنے کیلئے سرکہ یا عرق زیرہ کے ہمراہ بطور سفوف (۳) جریان خون اور کثرت حیض کو روکنے کیلئے ہموزن شکر کے ہمراہ بطور سفوف (۴) پرانے بخاروں اور تپ دق میں بطور مالش۔

نوٹ - بنگال کی عورتیں مہندی کے بجائے لاکھ سے اپنے ہاتھ پاؤں رنگتی ہیں اور اسے سہاگ کی علامت سمجھتی ہیں

مرکبات - سفوف مہزل، معجون دبید الورد، حب غافث، حب مروارید، لاکشاوی تیل

Chemical Constituents : جدید تحقیقات - کیمیائی تجزیہ:۔

Aleuretic acid, γ-butolic acid, Shellolic acid & Jalaric acid, Erythrolaccin, Lacconic acid.

Bioactivity : Hepatoprotective, Antiobesity, Anti-inflammatory, Anti-infective.

Indication : Blood, Liver & Kidney disorder, Bleeding gums, Excess menstrual bleeding, Obesity, Oedema.

Gum Benzoin لوبان (۲٦۵)

Kingdom	:	Plantae
Phylum	:	Angiosperms
Class	:	Eudicots
Order	:	Ericales
Family	:	Styracaceae
Genus	:	Styrax
Species	:	S. benzoin
Binomial Name	:	Styrax benzoin (Dryand)
Common Names	:	Benzoin resin
	:	Gum benjamin
	:	Luban jawi

گوند

عربی نام - لبان/عصارہ ضرو

فارسی - حسن لبہ

ہندی/اردو - لوبان

ماخذ - نباتی

حصص مستعملہ - گوند

مدت حیات - چھ سال

مزاج - گرم خشک II

نفع خاص - منفث ومخرج بلغم

مضر - محرورین کو

مصلح - روغن بنفشہ

بدل - کندر/مصطگی

مقدار خوراک - ا گرام، ست لوبان = ۱۰۰ ملی گرام

شناخت - یہ ایک خوشبودار، منجمد اور رالدار گوند ہے جو بچاک یا کمنان نامی درخت کے تنے میں گہرا شگاف دینے سے تراوش پا کر منجمد ہو جاتا ہے۔ اس کی رنگت باہر سے خاکستری سرخی مائل یا زردی مائل اور اندر سے مثل دودھ کے سفید ہوتا ہے، توڑنے پر آسانی سے ٹوٹ جاتا ہے، حرارت دینے پر نرم ہو کر سلگنے لگتا ہے۔ جس سے سفید رنگ کا خوشبودار دھواں اٹھتا ہے۔

اقسام - اس درخت کے ۱۳۰ افرع (Species) ہیں جن میں صرف چند درختوں کی کاشت لوبان حاصل کرنے کیلئے کی جاتی ہے (۱) سیام لوبان (Siam Benzoin) جو کمنان (Styrax tonkinensis) نامی درخت سے حاصل ہوتا ہے۔ (۲) سماٹرا لوبان۔ (Samatra Benzoin) جو Styrax Benzoin اور Styrax Paralleloneurum نامی درخت سے حاصل ہوتا ہے۔

حصول - جاوا، سماٹرا (انڈونیشیا)، ملیشیا، تھائی لینڈ، انڈومان نکوبار (جاوا کے لبان کو لبان جاوی کہتے ہیں)

افعال - دافع تعفن، منفث ومخرج بلغم، مدر بول، دافع حمی، مقوی باہ، جاذب، جالی، حابس الدم

مواقع استعمال - کھانسی، دمہ، فالج، لقوہ، نقرس، وجع المفاصل، ورم کلیہ، ذات الجنب، ذات الریہ، قرحہ، سل دق

ترکیب استعمال - (۱) سل دق، بلغمی کھانسی یا دیگر امراض صدر میں بطور سفوف (۲) وجع المفاصل، نقرس، فالج، لقوہ یا دیگر امراض باردہ میں اسکے روغن کو بطور مالش (۳) جسم کی میل دور کرنے اور اسے خوشبودار کرنے کیلئے بطور اُبٹن (۴) مجلوق کی قضیب کی درستگی کیلئے نیم گرم بطور لیپ (اوپر سے بنگلہ پان باندھیں)
(۵) عصبی نظام کو درست کرنے کیلئے اسکی دھونی یا نیم گرم مالش یا اسکے تیل کو گرم پانی میں ڈالکر بطور بھپارہ۔

مرکبات - حب مومیائی، ضماد زعفرانی

Chemical Constituents : جدید تحقیقات - کیمیائی تجزیہ:-

(1) Siam Benzoin : Benzoic acid & its esters such as Coniferyl benzoate, Benzyl benzoate & cinnamyl benzoate.
(2) Sumatra Benzoin : Benzoic acid 18%, Cinnamic acid 20%, Vanillin 1% Styrol, Styracin, Phenyl-propyl Cinnamate & benzaldehyde.
Bioactivity : Antiseptic, Antidepressant, Astringent, Anti-inflammatory, Carminative, Deodorant, Diuretic, Expectorant, Sedative.
Indication : Bronchitis, Cough, Colds, Wounds, Acne, Eczema, Psoriasis, Rheumatism, Arthritis, Scartissue, Stress, Muscular pains, Rashes & mouth ulcer.

Lodh Tree لودھ پٹھانی (۲۶۶)

Kingdom	:	Plantae
Phylum	:	Magnoliophyta
Class	:	Magnoliatae
Order	:	Ericales
Family	:	Symplocaceae
Genus	:	Symplocos
Species	:	S. racemosa
Binomial Name	:	Symplocos racemosa (Roxb.)
Synonyms	:	Symplocos beddomei
	:	Symplocos candolleana

چھال

عربی نام - مُغاما

ہندی - لودھ

بنگلہ - لودھرا

ماخذ - نباتی

حصص مستعملہ - درخت کی چھال

مدت حیات - چارسال

مزاج - سردخشک II

نفع خاص - قابض/حابس

مضر - باردالمزاج کو

مصلح - شہد/گلاب

بدل - ہلیلہ زرد

مقدار خوراک - ۱۔۳ گرام

شناخت - ۳۰ سے ۴۰ فٹ بلند ایک درخت کی چھال ہے جو اندر و باہر سے سرخ مائل بہ سفیدی ہوتا ہے، اسکے پتے دو سے تین انچ لمبے اور ڈیڑھ انچ چوڑے کنگورے دار ہوتے ہیں، اسکے پھول برف کی طرح سفید اور خوشبودار ہوتے ہیں۔ پھل لمبوترے اور گول ہوتے ہیں۔ اسکی لکڑی سفید ہوتی ہے۔ چھال کا ذائقہ کسیلا ہوتا ہے۔

اقسام - (۱) لودھ پٹھانی = یہ سفید مائل سرخ ہوتا ہے اور دواءً مستعمل ہے

(۲) لودھ پہاڑی = یہ اندر سے سرخ اور باہر سے سبزی مائل ہوتا ہے اور رنگنے کے کام آتا ہے

حصول - آسام، بنگال، بہار، چھوٹا ناگپور، کرناٹک، کرالا، بنگلہ دیش، نیپال، برما، چین، جنوبی افریقہ

افعال - قابض الیاف، مغلظ منی، حابس الدم، مسکن درد، نافع امراض چشم

مواقع استعمال - بواسیر دموی، دموی اسہال، کثرت طمث، تقطیر البول، سیلان الرحم، سوزاک، آشوب چشم، جریان

ترکیب استعمال - (۱) آشوب چشم یا امراض جلدیہ میں عرق گلاب میں گھس کر آنکھوں کے اردگرد یا مقام ماؤف پر بطور ضماد (۲) کثرت طمث، اسہال خونی، خونی بواسیر، سوزاک یا سیلان الرحم میں بطور سفوف یا آبزن (۳) دانتوں کے درد یا مسوڑھوں سے خون کی آمد کو روکنے کیلئے بطور سنون یا مضمضہ۔

مرکبات - سفوف سیلان الرحم، سفوف قاقلہ، سفوف گوند کتیرے والا، بتیسا گنگا

جدید تحقیقات - کیمیائی تجزیہ:۔

Chemical Constituents:

Loturine, Colloturine, Loturidine, Quinovin or kinovin & Ash which contain carbonate of soda.

Bioactivity : Antipyretic, Anti-inflammatory, Anti-itching, Antipoison.

Indication : Diarrhoea, Dysentery, Dropsy, Eye diseases, Liver complaints, Fever, Ulcers, Menorrhagia, Uterine disorder.

درخت

Garlic لہسن (۲٦۷)

Kingdom	:	Plantae
Phylum	:	Angiosperms
Class	:	Monocots
Order	:	Asparagales
Family	:	Amaryllidaceae
Sub Family	:	Allioideae
Genus	:	Allium
Species	:	A. sativum
Binomial Name	:	Allium sativum (L.)
Synonyms	:	Porrum sativum (L.)
	:	Allium controversum (Schard.)

عربی نام - ثوم
فارسی - سیر
اردو - لہسن
بنگلہ - رُشن
ماخذ - نباتی
حصص مستعملہ - جڑ
مدت حیات - دوسال
مزاج - گرم خشک III
نفع خاص - امراض بلغمیہ وعصبانیہ
مضر - حاملہ عورتوں کو
مصلح - روغن بادام/ دھنیا
بدل - جنگلی لہسن/ جدوار
مقدار خوراک - ۲۔۳ گرام

شناخت - غذائی استعمال میں کثرت سے آنے والی ایک مشہور نبات کی گرہ دار جڑ ہے جس کا پودا پیاز کے پودے سے ملتا جلتا ہے۔ اسکی جڑ بطور دواء اور اسکے پتے بطور غذا استعمال کئے جاتے ہیں۔

اقسام - (۱) جنگلی/صحرائی = یہ تلخ اور بدمزہ ہوتی ہے اور صرف خارجی طور پر یا ضماداً مستعمل ہے۔
(۲) بستانی = (الف) ایک جوا یا ایک پوتھیہ (ب) کئی جوا یا کئی پوتھیہ = ایک پوتھیہ دواءً بہتر ہے۔

حصول - بھارت، جنوبی کوریا، چین، پاکستان، مصر، روس، برما، بنگلہ دیش، ایتھوپیا، یونائیٹڈ اسٹیٹ

افعال - بیرونی = مقرح، محلل، جالی
اندرونی = مسخن، ملین طبع، مقطع اخلاط غلیظہ، منفث بلغم، مقوی معدہ، کاسر ریاح، مدر بول وحیض، محرک باہ

مواقع استعمال - امراض بلغمیہ وعصبانیہ، امراض جلدیہ، دمہ، کھانسی، خناق، عرق النساء، فالج، لقوہ

ترکیب استعمال - (۱) برص، بہق، داد یا دیگر امراض جلدیہ میں بطور ضماد (۲) وجع المفاصل، نقرس یا دیگر دردوں میں روغن کنجد میں اسکا تیل نکال کر بطور مالش (۳) فالج، لقوہ، رعشہ، دمہ، کھانسی، بلغمی بخاروں یا دیگر امراض باردہ میں بطور معجون

مرکبات - روغن سیر، معجون سیر، معجون سیر علوی خان، عرق ہاضوم بہ نسخہ کلاں

جدید تحقیقات - کیمیائی تجزیہ:۔

Chemical Constituents :

33 Salfur Compounds like - allicin, aliin, Ajoene, Allyl propyl disulfide, Diallyl trisulfide, Sallyl cysteine, Vinyldithiines, S-allylmercaptocystein & others.
17 Amino acids & their glycosides, Arginine & others, Minerals such as selenium & enzymes like allinase, Peroxidases, Myrosinase & others.

Bioactivity : Antiplatelets, Antihypertensive, Antifungal, Antioxidant, Antimicrobial, Antitumor, Anticancer, Calcium channel blockers, Antiviral.

Indication : Fever, Cough, Headache, Stomachache, Sinus, Gout, Rheumatism, Hemorrhoids, Asthma, Bronchitis, High blood pressure, Fatigue, Flu, Diabetes, Colon cancer, Rectal cancer, Prostate cancer, Lung cancer, Bladder carcinoma & Breast carcinoma.

Contra Indication : Garlic is a laxative plant & can have frequent side effects such as diarrhoea. Rashes Itching, Swelling (especially of the face, tongue & throat), Dizziness & trouble in breathing.

Nutritional Value : Per 100 g :-	
Energy	: 149 Kcal
Carbohydrates	: 33.06 g
Sugar	: 1 g
Dietary Fibre	: 2.1 g
Fat	: 0.5 g
Protein	: 6.36 g

Vitamins :	
Thiamine (B_1)	: 0.2 mg
Riboflavin (B_2)	: 0.11 mg
Niacin (B_3)	: 0.7 mg
Pantothenic acid (B_5)	: 0.596 mg
Vitamin (B_6)	: 1.235 mg
Folate (B_9)	: 3 mcg
Vitamin C	: 31.2 mg

Micro Elements :	
Calcium	: 181 mg
Iron	: 1.7 mg
Magnesium	: 25 mg
Manganese	: 1.672 mg
Phosphorus	: 153 mg
Potassium	: 401 mg
Sodium	: 17 mg
Zinc	: 1.61 mg
Selenium	: 14.2 mcg

(Ref. : USDA Nutrient database)

Oak Galls مازو (۲۶۸)

Kingdom	:	Plantae
Phylum	:	Angiosperms
Class	:	Eudicots
Order	:	Fagales
Family	:	Fagaceae
Genus	:	Quercus
Species	:	Q. infectoria
Binomial Name	:	Quercus infectoria (Oliv.)
Synonyms	:	Quercus lusitanica boiss
	:	Quercus fructosa (Brot.)
Common Names	:	Dyer's oak
	:	Gall oak
	:	Lusitaniam oak
	:	Gauatinctoria.

عربی نام - عفص

اردو/ فارسی - مازو

ہندی/ بنگلہ - ماجوپھل

ماخذ - نباتی

حصص مستعملہ - پھل (گانٹھ)

مدت حیات - چھ سال

مزاج - سرد I خشک II

نفع خاص - قابض/ حابس

مضر - امراض صدر

مصلح - کتیرا/ صمغ عربی

بدل - مائیں خورد

مقدار خوراک - ا۔۳ گرام

خشک مازو

شناخت - یہ ایک قسم کی گانٹھیں ہیں جو عناب پھل کی طرح نظر آتی ہیں اور بلوط سے نہایت مشابہ ایک خاص قسم کے درخت کی پتلی پتلی شاخوں کے آخری سروں میں Cynips Gallae Tinctoria نامی کیڑوں کے ذریعہ سوراخ کر کے داخل ہونے اور انڈے بچے رکھنے سے پیدا ہو جاتی ہیں یہ سخت، وزنی، گول اور کھردری ہوتی ہیں۔ انکا ذائقہ کسیلا اور تلخ ہوتا ہے۔ ان گانٹھوں یا پھلوں کو کیڑوں کے سوراخ کر کے باہر نکلنے سے پہلے اکٹھا کر لینے سے یہ مازو بے سوراخ کہلاتا ہے اور دواءً یہی عمدہ ہوتا ہے۔

اقسام - رنگت کے اعتبار سے اسکی چار قسمیں ہیں۔

(۱) گہرا سبز (۲) نیلگوں (۳) سیاہ (۴) سفید☆ (سبز رنگ والی گانٹھ بہتر ہوتی ہے)

حصول - ایشیائے کوچک، فارس، سیریا، ترکی، یونان

افعال - قابض، مجفف، حابس الدم، دافع تعفن، مسود شعر

مواقع استعمال - کثرت حیض، اسہال دموی، خروج المقعد، خروج الرحم، اورام لثہ، امراض چشم، داء الثعلب

ترکیب استعمال - (۱) اورام لثہ، استرخائے لہاۃ اور مسوڑھوں کو مضبوط کرنے کیلئے بطور سنون یا اسکے جوشاندہ کو بطور مضمضہ یا غرغرہ (۲) قروح ساعیہ (تیزی سے پھیلنے والے زخم) نملہ (صفراوی پھنسیاں) اور نئے و پرانے زخموں میں بطور ذرور یا طلاء، (۳) خروج المقعد، خروج رحم یا قروح مقعد میں بطور ذرور یا اسکے جوشاندے کو بطور آبزن (۴) بالوں کو سیاہ کرنے کیلئے بطور خضاب

مرکبات - حب رسوت، سنون زرد، معجون بواسیر، حب پیچش، سفوف حابس، بتیسا گنگا

Chemical Constituents : جدید تحقیقات - کیمیائی تجزیہ:۔

Gallic acid, Ellagic acid, Syringic acid.

Bioactivity : Antioxidant, Anti-inflammatory, Antidiabetic, Antiviral, Antibacterial, Antifungal, Antiseptic, Constipative.

Indication : Polyuria, Diarrhoea, Gonorrhoea, Leucorrhoea, Menorrhagia, Dysentery, Sorethroat, Tonsillitis, Pharyngitis, Stomatitis, Gingivitis, Bleeding disorder, Rectal prolapsed, Bleeding piles, Prolapsed of uterus.

(۲۶۹) مالکنگنی Staff Tree

Kingdom	:	Plantae
Phylum	:	Angiosperms
Class	:	Eudicots
Order	:	Celastrales
Family	:	Celastraceae
Genus	:	Celastrus
Species	:	C. paniculatus
Binomial Name	:	Celastrus paniculatus willd
Synonym	:	Celastrus dependens wall
Common Names	:	Black oil plant
	:	Climbing staff tree
	:	Intellect tree

عربی نام - طیلان

سریانی - طیلافیون

اردو - مالکنگنی

بنگلہ - مال کنجری/لتا پھٹکی

ہندی - مالکنگنی/مالکامنی

سنسکرت - جیوتشمتی

ماخذ - نباتی

حصص مستعملہ - تخم، برگ

مدت حیات - دوسال

مزاج - گرم خشک III

نفع خاص - مقوی باہ

مضر - محرورین کو

مصلح - گھی/دودھ

بدل - روغن قرنفل

مقدار خوراک - ۵۰۰ ملی گرام۔ایک گرام

پھل

خشک پتے

شناخت - یہ ایک بیلدار نبات کے تخم ہیں جو لمبے، تکونے اور بھورے رنگ کے ہوتے ہیں، ان پر لکیریں ہوتی ہیں، جن پر سرخ رنگ کا غلاف ہوتا ہے، ان تخموں کا ذائقہ نہایت تلخ ہوتا ہے۔ اسکے پتے شہتوت کے پتوں کی طرح اور پھل مکو کی طرح خوشوں میں لگتے ہیں جو پختہ اور خشک ہونے پر تین حصوں میں پھٹ جاتے ہیں اور ہر حصہ سے دو یا تین تخم نکلتے ہیں۔

حصول - کشمیر، پنجاب، یوپی، بہار، بنگال، آسام، جنوبی ہند، برما، سری لنکا، چین، ملیشیا

افعال - مقوی باہ، مقوی ذہن و حافظہ، مقوی و محرک اعصاب، مصفی خون، مقوی معدہ، کاسر ریاح، منفث و مخرج بلغم، ہاضم، ملین شکم

مواقع استعمال - وجع المفاصل، فالج، لقوہ، نقرس، عرق النساء، جذام، برص، بہق، جرب وحکہ، تقطیر البول

ترکیب استعمال - (۱) فالج، لقوہ، رعشہ، عرق النساء یا دیگر امراض باردہ میں بطور سفوف یا اسکے روغن کو بطور مالش (۲) ضعف باہ میں اسکے تخموں کے تیل کو ۱۰ قطرہ پان میں رکھکر اکلا یا بطور طلاء یا مالش (۳) جسم کے کسی بھی حصے کی بے حسی کو دور کرنے کیلئے اسکے روغن کو بطور مالش (۴) ذہن یا حافظہ کو درست کرنے کیلئے ۱۰ سے ۱۵ قطرہ ہمراہ دودھ

مرکبات - طلاء الخاص الخاص، طلاء جدید، روغن مالکنگنی

Chemical Constituents: جدید تحقیقات - کیمیائی تجزیہ:-

Celastrine, Paniculatin, Carbohydrates, Protein, Fats, Vitamin C, Sodium, Potassium, Ash, calcium, Iron.
Seed : Acetic acid, benzoic acid & Fatty acid.
Bioactivity : Anti-inflammatory, Antidepressant, Anticonvulsant, Antiamnesiac, Anxiolytic, Antistress, Analgesic, Sedative, Antioxidant.
Indication : Cough, Asthma, Leprosy, Leucoderma, Sore, Ulcer, Rheumatism, Fever, Gout, Pruritis, Sciatica, Lumbago, Skin diseases, Paralysis, Abdominal disorder, Cephalalgia, Arthralgia, Neuropathy, Amenorrhoea, Dysmenorrhoea.

Tamarix Gall　مائیں خورد　(۲۷۰)

			Gall-wasp
Kingdom	:	Plantae	
Phylum	:	Angiosperms	Animalia
Class	:	Eudicots	Arthropoda
Order	:	Caryophyllales	Insecta
Family	:	Tamaricaceae	Hymenoptera
Genus	:	Tamarix	Cynipidae
Species	:	T. articulata	
Binomial Name	:	Tamarix articulata vahl.	
Synonym	:	Tamarix aphylla (L.)	
Common Names	:	Talaie of Morocco	
	:	Athel pine	
	:	Athel tamarisk	

عربی نام - ثمرۃ الاثل/عذبہ
فارسی - گزمازو
ہندی - چھوٹی مائیں
بنگلہ - رکت جھاؤ
ماخذ - نباتی
حصص مستعملہ - پھل (گانٹھ)
مدت حیات - چھ سال
مزاج - سرد I خشک II
نفع خاص - قابض (قوی)
مضر - معدہ کو
مصلح - شہد خالص
بدل - مائیں کلاں
مقدار خوراک - ۳-۵ گرام

مائیں

شناخت - درخت فراش (Tamarix Dioica/T. articulata) کی شاخوں پر پیدا ہونے والے زوائد یا گانٹھیں ہیں جو مازو کی طرح ایک خاص قسم کے کیڑے (Gall-wasp) کی وجہ سے پیدا ہوجاتی ہیں یہ گانٹھیں چنے کے برابر ہوتی ہیں، انکے اندر خلاء پائی جاتی ہے۔ انکی رنگت ہلکی بھوری اور مزہ کسیلا ہوتا ہے اس درخت کے پتے سرخ یا بیگنی رنگ کے ہوتے ہیں۔ اس درخت کو لال جھاؤ یا سرخ جھاؤ بھی کہتے ہیں۔

حصول - مصر، ایران، عراق، کویت، عمان، سعودی عرب، بھارت، پاکستان، سری لنکا، آسٹریلیا، افریقہ، مراقش۔

افعال - قابض الیاف، مجفف، محلل، مسکن درد، مصفی خون

مواقع استعمال - امراض چشم، رعاف، بواسیر خونی، سیلان الرحم، خروج المقعد، خشونت حلق، قلاع الفم

ترکیب استعمال - (۱) دانتوں کے درد اور مسوڑھوں کی مضبوطی کیلئے اسکے جوشاندہ کو بطور مضمضہ (۲) زخموں کو خشک کرنے کیلئے اسکے باریک سفوف کو بطور ذرور (۳) خروج المقعد اور سیلان الرحم میں اسکے جوشاندہ کو بطور آبزن۔

مرکبات - حب پیچش، سفوف ثعلب، سفوف سیلان الرحم

جدید تحقیقات - کیمیائی تجزیہ:۔

Chemical Constituents :

Tannin, Gallic acid, Ellagic acid, Juglanin, Dihydro Juglon-5-glucoside.

Bioactivity : Antihemolytic, Antidiarrheic, Antioxidant, Antimicrobial, Antibacterial, Anti-inflammatory.

Indication : Fever, Kidney disorder, Diarrhoea, Dysentery, Leucorrhoea, Hepatitis, Menorrhagia.

French Tamarisk Gall مائیں کلاں (۲۷۱)

Kingdom	:	Plantae
Phylum	:	Angiosperms
Class	:	Eudicots
Order	:	Caryophyllales
Family	:	Tamaricaceae
Genus	:	Tamarix
Species	:	T. gallica
Binomial Name	:	Tamarix gallica (L.)
Synonyms	:	Tamarix anglica
	:	Tamarix algeriensis
	:	Tamarix brachylepsis
	:	Tamarix madritensis

عربی نام - ثمرۃ الطرفا/ جوز الطرفا
فارسی - گزمازو
ہندی - بڑی مائیں
بنگلہ - جھاؤ پھل
ماخذ - نباتی
حصص مستعملہ - گانٹھ (پھل)
مدت حیات - چھ سال
مزاج - سرد خشک I
نفع خاص - ورم طحال/ قابض
مضر - معدہ کو
مصلح - شہد
بدل - چھوٹی مائیں
مقدار خوراک - ۳۔۵ گرام

مائیں کلاں

شناخت - درخت جھاؤ (Tamarix gallica) کی شاخوں پر Gall Flies یا Gall-wasp نامی کیڑوں کی وجہ سے غیر طبعی ابھار یا گانٹھیں پیدا ہو جاتی ہیں جو دیکھنے میں مازو کی طرح نظر آتی ہیں ۔یہ کیڑے درختوں کے عرق (Sap) کو چوس کر اپنے انڈے بچے دیکر یہ ابھار پیدا کرتے ہیں چونکہ یہ گانٹھیں دیکھنے میں پھل کی طرح ہوتی ہیں اس لئے یہ جھاؤ پھل کہلاتی ہیں۔

حصول - ایران، عراق، بھارت، پاکستان، افغانستان

افعال - قابض، رادع، حابس خون، مجفف، جالی، مفتح، مقطع، مقوی معدہ وجگر وطحال

مواقع استعمال - استرخاء لثہ، دردگلو، ورم گلو، کثرت حیض، نکسیر، سیلان الرحم، رقت منی، سرعت انزال

ترکیب استعمال - (۱) دانتوں کے درد یا مسوڑھوں کے امراض میں بطور سنون یا اسکے جوشاندے کو بطور مضمضہ (۲) دردگلو یا امراض حلق میں اسکے جوشاندہ کو بطور غرغرہ (۳) کثرت حیض یا سیلان الرحم میں شرباً ، حمولاً یا اکلاً

مرکبات - سنون سپاری، حب قابض، سفوف حابس

جدید تحقیقات - کیمیائی تجزیہ:۔

Chemical Constituents :

Tamarixin, Flavonoids, Phenolic acid, Tannin, Coumarin.

Bioactivity : Antioxidant, Antimicrobial, Anti-inflammatory, Antifungal, Antidiarrheic, Antibacterial, Antihemolytic, Analgesic.

Indication : Menorrhagia, Rectal bleeding, Leucoderma, Spleen disorder, Eye diseases, Hypochromic anaemia.

Contra Indication : Arteriosclerosis, Atherosclerosis, Angina & Leukemia.

درخت

Madar Plant / Gigantic Swallow-wort مدار (۲۷۲)

Kingdom	: Plantae
Phylum	: Angiosperms
Class	: Eudicots
Order	: Gentianales
Family	: Apocynaceae
Sub Family	: Asclepiadoideae
Genus	: Calotropis
Species	: C. gigantea
Binomial Names	: Calotropis gigantea (Linn.)
	: (The family which includes
	: 280 genera & 2,000 Species
	: ofworldwide distribution)
Common Names	: Madar Plant
	: Crown Flower
	: Crown Plant

عربی نام - عشر

فارسی - خرک/زہرناک

اردو - آکھ/اکون/مدار

ہندی - آک/مدار

بنگلہ - آکندا

ماخذ - نباتی

حصص مستعملہ - جڑ، جڑ کی چھال، برگ، تخم، دودھ

مدت حیات - پانچ سال (جڑ جتنی پرانی ہو بہتر ہے)

مزاج - گرم خشک III، دودھ = IV

نفع خاص - مقوی معدہ، اکال

مضر - مقرح

مصلح - گھی/دودھ

پھل

بدل - جمال گوٹہ/ایک جز دوسرے کا

مقدار خوراک - ۲۰۰-۳۰۰ ملی گرام

شناخت - ایک مشہور پودا ہے جو تین سے چار فٹ یا اس سے بھی زائد بلند ہوتا ہے۔ اس کی شاخیں جڑ سے ہی شاخ در شاخ ہو کر پھیلتی ہیں۔ اسکے پتے برگد کے پتوں کی طرح لیکن سبز سفیدی مائل ہوتے ہیں۔ پتوں اور شاخوں پر سفید رُواں لگا رہتا ہے۔ پھول کٹوری نما سفید بنفشئی مائل خوشوں میں لگتے ہیں، پھولوں کے عین درمیان لونگ کے سر کی مانند ایک ابھار ہوتی ہے جس کو قرنفل مدار کہتے ہیں ۔ اسکا پھل طوطا پری آم کی طرح لمبوترا، درمیان سے خمیدہ ہوتا ہے جسکو آکھ کا ڈوڈہ کہتے ہیں، اسکے پختہ ہونے پر اندر سے سینبھل کی روئی کی طرح نہایت نرم، ملائم اور چکنی روئی نکلتی ہے جس میں تخم ہوتے ہیں، جو چپٹے، سیاہی مائل، ہلکے اور ارہر کی دال کے برابر ہوتے ہیں بعض پودوں میں ایک قسم کی رطوبت پائی جاتی ہے جسے صمغ عشر یا شکر العشر کہتے ہیں اسکے کسی بھی حصے کو توڑنے سے سفید اور غلیظ دودھ نکلتا ہے جو زہریلا ہوتا ہے۔

حصول - کمبوڈیا، انڈونیشیا، ملیشیا، فلپائن، تھائی لینڈ، سری لنکا، انڈیا، چین، افریقہ

افعال - جڑ کی چھال = معدل، مسحج معدہ وامعاء، قاطع مخرج بلغم، مقوی، معرق، مغشی، مقئی، قاتل کرم شکم گل = مسکن درد، مقوی معدہ، قاطع بلغم، محلل ☆ برگ سبز = قاطع، اکال، مسکن الم، محلل ☆ برگ خشک = مقئی، منفث بلغم، مقطع، ملحم، اکال، جالی ☆ دودھ = لاذع، معطس، محلق، جاذب، اکال، مقرح، مسہل قوی، منفط، قاطع بلغم

مواقع استعمال - امراض جلدیہ، استسقاء، دمہ، کھانسی، وجع المفاصل، آتشک، فیلپا، درد کمر، وجع الاذن

ترکیب استعمال - (۱) وجع المفاصل، آتشک، کھانسی، آنتوں کے ورم اور امراض جلدیہ میں اسکی جڑ کی چھال کو بطور سفوف

(۲) درد کان اور ثقل سماعت میں اسکے پتوں کو روغن کنجد میں جلا کر نیم گرم بطور قطور

(۳) حشرات الارض کے ڈسے ہوئے مقام پر یا داد، گنج اور بواسیری مسوں پر اسکے دودھ کو بطور لیپ

(۴) پھیلنے والے گندوں زخموں کو دور کر کے زخموں کو بھرنے کیلئے اسکے خشک پتوں کو بطور ذرور

مرکبات - حب گل آکھ، روغن گل آکھ، روغن چہار برگ، روغن اوراق

Chemical Constituents : جدید تحقیقات - کیمیائی تجزیہ:۔

Stem & root bark : α & β- calotropeols, Amyrins, Taraxerols, Sitosterols, Triterpenes & other glycosides.

Leaves : Glycolipids, Phospholipids, Waxes & fatty acids, Various cardiacglycosides including calotropin, Uscharine, Uscharidin & Calotoxin.

Milk : Protease, Enzymes, Calotropain F_I & F_{II}, Calotropin D_I & D_{II}, & uscharine, Glutathione, Ascorbic acid, Calotoxin, Calactine, Caoutchouc, Gigantin.

Bioactivity : Anthelmintic, Antidiarrhoeal, Antioxidant, Astringent, Anticancer, Stomachic.

Indication : Fever, Rheumatism, Indigestion, Cough & Cold, Eczema, Asthma, Elephantiasis, Nausea, Vometing, Bronchitis.

Coral مَرجان (۲۷۳)

Kingdom	:	Animalia
Phylum	:	Cnidaria
Class	:	Anthozoa
Sub Class	:	Alcyonaria
Order	:	Gorgonacea
Family	:	Coralliidae
Genus	:	Corallium
Species	:	Rubrum
Binomial Name	:	Corallium rubrum (Linn.)
Common Names	:	Precious coral
	:	Red coral

عربی نام - بُسد/مرجان

فارسی - مَرجان

ہندی - مونگا/پرولا

بنگلہ - پلامُنگا

ماخذ - حیوانی/حجر

حصص مستعملہ - Calcareous Shell

مدت حیات - طویل المدت

مزاج - سردخشک II

نفع خاص - مقوی دماغ

مضر - گردوں کو

مصلح - کتیرا

بدل - دم الاخوین

مقدار خوراک - ایک گرام تک

شناخت - یہ ایک قسم کے آبی کیڑے کا گھر ہے جو سوراخ دار اور گہرے سرخ رنگ کا ہوتا ہے جسے ۱۰ سے ۳۰۰ میٹر کی گہرائی سے سمندروں سے نکالا جاتا ہے، بعض اوقات اس کا جزیرہ بن جاتا ہے۔ اسکا ذائقہ پھیکا ہوتا ہے اسکی ایک قسم پتھر کی ہے جو پہاڑوں سے نکلتا ہے جسے انگوٹھی میں استعمال کرتے ہیں۔

اقسام - (۱) شاخ مرجان = باریک شاخوں کی شکل کا ہوتا ہے، (۲) بیخ مرجان = سخت اور سوراخ دار ہوتا ہے

حصول - Red Sea, Persian & Arabian Gulfs, Mediterranean Sea, Atlantic Oc

افعال - قابض، مجفف، حابس، نزف الدم

مواقع استعمال - بلغمی کھانسی، نزلہ، زکام، ضعف دماغ وقلب، جریان خون، سیلان الرحم، خفقان، وحشت، کرب و بے چینی

ترکیب استعمال - (۱) بلغمی کھانسی، نزلہ، زکام اور نفث الدم میں بطور کشتہ (۲) جرب وسلاق میں اکتحالاً (۳) امراض لثہ و دندان میں بطور منجن

مرکبات - دواء المسک، قرص کہربا، دوائے مرجان، کشتہ مرجان سادا، کشتہ مرجان جواہر والا، تریاق رحم

نوٹ - کیلشیم انسانی جسم کی ترکیب میں ایک اہم عنصر ہے۔ انسجہ کی پرورش اسی پر منحصر ہے۔ قلب وریہ کے انسجہ میں کیلشیم خاص طور سے پایا جاتا ہے۔ کیلشیم اور اس کے مرکبات کو قلب وریہ کیلئے ایک ٹانک تسلیم کیا گیا ہے۔ یونانی طب میں مرجان اور مروارید کو قدرتی کیلشیم کے طور پر ایک زمانہ سے استعمال کیا جارہا ہے۔ یہ مقوی اعضائے رئیسہ ہے۔

جدید تحقیقات -

Composition : Calcium Carbonate ($CaCO_3$), Magnesium Carbonate, Oxide of Iron, Organic matter.

Bioactivity : Antacid, Astringent, Nervine tonic, Laxative, Diuretic.

Indication : Leukemia, Fever, Asthma, Sterility, Cough, Urinary diseases, Spermatorrhoea, Menorrhagia, Anaemia, Vericose vein, Arthritis, Gonorrhoea, Carbuncle, Scrofulous affections (Tuberculosis of lymphnode), Vertigo, Chronic Bronchitis, Giddiness, Pulmonary tuber culosis.

Lead Oxide مُردار سنگ (۲۷۴)

IUPAC Name	:	Lead (II) Oxide
Other Names	:	Lead Monoxide Litharge Massicot Plumbousoxide
Molecular Formula	:	Pbo
Molecularmass	:	223.20g/mol
Appearance	:	Red or Yellow powder
Density	:	9.53g/cm^3
Hardness	:	2(Mohs hardness)
Melting Point	:	888 ^oC
Boiling Point	:	1477 ^oC
Solubility	:	Soluble in Hcl Ammonium Chloride Conc. Alkalis
Crystal Structure	:	Tetragonal tp_4
Flash Point	:	Non-Flammable.

عربی نام - مُرداسنج

فارسی - اکسندأسرب

ہندی/ بنگلہ - مردارسنگ/مُرداسنگ

ماخذ - معدنی/کیمیائی

حصص مستعملہ - ڈلیاں

مدت حیات - طویل المدت

مزاج - گرم خشک II

نفع خاص - مجفف قروح/قاتل کرم شکم

مضر - قولنج پیدا کرتا ہے

مصلح - سرکہ/روغن بادام

بدل - سفیدہ کاشغری

مقدار خوراک - ۱۲۵-۵۰۰ ملی گرام

شناخت - ہلکی زردی مائل سرخ رنگ کی وزنی ڈلیاں ہیں جو سیسہ کو پگھلا کر مصنوعی طور پر تیار کیا جاتا ہے، یہ پانی میں حل نہیں ہوتا بلکہ نائٹرک ایسڈ میں خفیف اور ایسی ٹک ایسڈ میں مکمل طور پر حل ہوجاتا ہے۔

اقسام - (۱) معدنی (۲) مُوتنک یا مِوتنک

حصول - آسٹریلیا، چین، یو ایس اے، کناڈا، میکسیکو، سوڈان، مراقش، جنوبی افریقہ، کیلی فورنیا کے معدن سے Galena نام سے قدرتی طور پر حاصل ہوتا ہے، اور یہی اس کا Ores ہے۔

افعال - جالی، اکال، مجفف قروح، منفث بلغم، قاتل کرم شکم، دافع گنج، مسود شعر

مواقع استعمال - گنج، پھوڑا، پھنسی، جھائیں، سیاہ داغ، چیچک کے داغ، جرب وحکہ، دیدان امعاء

ترکیب استعمال - (۱) دیدان امعاء میں احتیاط کے ساتھ سمیات کو دور کر کے بطور سفوف یا حبوب (۲) جھائیں، جرب وحکہ اور دیگر زخموں میں بطور مرہم (۳) گنج اور بالوں کو سیاہ کرنے کیلئے مناسب روغن کے ہمراہ بطور طلاء

مرکبات - مرہم خنازیر، مرہم داخلیون، مرہم ناسور، مرہم گلابی، حب سرخ بادہ، حب قوبا

جدید تحقیقات -

Composition : Oxygen, Lead.

Health Effects : (1) Disruption of the biosynthesis of Hb & anaemia. (2) Arise in Blood pressure (3) Miscarriages & Subtle abortion (4) Brain damage (5) Disruption of nervous system (6) Declined fertility of men through sperm damage (7) Diminished learning abilities (8) Hyper acidity.

(IUPAC = International Union of Pure & Applied Chemistry.)

مردار سنگ
معدن

Wild Marjoram مرزنجوش (۲۷۵)

Kingdom	:	Plantae
Phylum	:	Angiosperms
Class	:	Eudicots
Order	:	Lamiales
Family	:	Lamiaceae
Genus	:	Origanum
Species	:	O. vulgare
Binomial Name	:	Origanum vulgare (Linn.)
Synonym	:	Origanum majorana (Linn.)
Common Name	:	Oregano

عربی نام - مرزنجوش

فارسی - مرزنگوش

ہندی - ساتھرا

بنگلہ - مروا/مرویا

ماخذ - نباتی

حصص مستعملہ - پتے/تخم

مدت حیات - دوسال

مزاج - گرم خشک II-I

نفع خاص - جاذب رطوبات دماغیہ

مضر - گردہ ومثانہ کو

مصلح - کاسنی/خرفہ

بدل - افسنتین/تلسی/کلونجی

مقدار خوراک - ۵۔۷گرام

شناخت - تلسی کی ایک قسم ہے جس کا پودا ایک سے تین میٹر تک بلند ہوتا ہے، اسکے پتے سبز، پھول سفید اور تلسی کے پھولوں کی طرح اور تخم نہایت شفاف، چھوٹے چھوٹے گول اور سیاہی مائل ہوتے ہیں۔ اسکا ہر جز خوشبودار اور ذائقہ تلخ ہوتا ہے۔

وجہ تسمیہ - مرزنجوش یا مرزنگوش مخفف ہے مرزہ اور گوش کا، مرزہ کے معنی چوہا اور گوش کے معنی کان کے ہیں اسکے پتے چوہے کی کان کی طرح ہوتے ہیں اس لئے اسکو مرزنگوش کہا گیا لیکن حقیقت میں پتے چوہے کی کان سے مشابہت نہیں رکھتے بلکہ تلسی کے پتوں سے ملتے جلتے ہیں۔

حصول - دہرہ دون، کوہ ہمالہ کے سات ہزار فٹ کی بلندی پر، جنوبی یورپ، شام، ترکی، مصر، اٹلی، اسپین، فلپائن، لبنان، فلسطین

افعال - محلل، مسکن، منفث بلغم، دافع نزلہ، مفتح، جالی، جاذب

مواقع استعمال - دردسر بارد، نزلہ زکام، دمہ، کھانسی، شقیقہ، خفقان، صرع، فالج، لقوہ، رعشہ، خدر، امراض جلدیہ

ترکیب استعمال - (۱) امراض باردہ میں بطور جوشاندہ (۲) امراض جلدیہ میں بطور ضماد یا طلاء (۳) امراض چشم میں بطور سرمہ

مرکبات - مفرح کبیر، مرہم مقل

جدید تحقیقات - کیمیائی تجزیہ:۔

Chemical Constituents :

Origanol A, Origanol B, Ursolic acid, Oleanolic acid, β-sitosterol, Triacontanol.

Bioactivity : Antiseptic, Antioxidant, Antimicrobial, Antibacterial, Antiviral, Antifungal.

Indication :

Orally : Colic, Dyspepsia, Flatulence, Dysmenorrhoea, Cough, Cold & Flu.

Locally :Rheumatism, Earache, Toothache, Headache.

Myrrh مُر مکی (۲۷۶)

عربی نام - مُر
فارسی - بول/مُر
ہندی - بول
بنگلہ - گندھ رس
ماخذ - نباتی
حصص مستعملہ - گوند
مدت حیات - دوسال
مزاج - گرم خشک II
نفع خاص - قاتل کرم شکم/مدر حیض
مضر - محرورین کو
مصلح - شہد
بدل - جند بید ستر/قسط
مقدار خوراک - ا_۲ گرام

Kingdom	:	Plantae
Phylum	:	Angiosperms
Class	:	Eudicots
Order	:	Sapindales
Family	:	Burseraceae
Genus	:	Commiphora
Species	:	C. myrrha
Binomial Name	:	Commiphora myrrha (Nees)
Synonym	:	Commiphora molmol
Common Names	:	Myrrh gum
	:	Common myrrh

گوند

شناخت - ایک خاردار درخت کا رالدار گوند ہے جو اسکے تنے میں شگاف دینے سے حاصل ہوتا ہے اسکی رنگت سرخی مائل زرد اور ذائقہ خوشبودار تلخ ہوتا ہے۔

حصول - عمان، یمن، سعودی عرب، ایران، افریقہ (ایتھوپیا، صومالیہ)، بھارت، شام۔ سب سے بہتر مکہ کا ہوتا ہے۔

افعال - دافع تعفن، مجفف، جالی، کاسر ریاح، مقوی معدہ، قاتل کرم شکم، منفث بلغم، مدر حیض، محلل، مسخن، مفتح

مواقع استعمال - خناق، سعال، دمہ، خشونت حلق، ورم لثہ، احتباس بول وحیض، عسر البول، قروح چشم

ترکیب استعمال - (۱) امراض وبائیہ میں حفظ ماتقدم کے طور پر بطور سفوف (۲) قلاع الفم، قروح لثہ اور استرخاء حلق میں بطور غرغرہ (۳) دمہ، کھانسی، امراض حلق، احتباس بول وحیض اور عسر البول میں بطور جوشاندہ (۴) وجع المفاصل اور عرق النساء میں شرباً و ضماداً

مرکبات - حب مدر، تریاق اربعہ، حب طاعون

جدید تحقیقات -

Composition : Volatile oil-9-17%, Alcohol Soluble resin -20-40%, Water soluble gum 30-60%,
Volatile Oil Contain: Heerabolene, Acadinene, Elemol, Eugenol, Cumin aldehyde, Numerous furanoses quiterpenes, Including fura nodiene, Furanodienone, Curzerenone, Lindestrene, 2-methoxy furanodiene, 3-epialpha-amyrin & a few other compound.
Water Soluble Gum or Mucilage Contains : Acidic Polysaccharide with galactose, 4-o-methyl-glucuronic acid & arbinose with protein.

Myrrh is also contain : Myrcene, α-camphorene, Steroids-Z-guggulsterol I, II, III guggulsterols, Ash, Salts, Sulphates, Benzoates, Malates, Acetates of Potassium, Formic acid, Acetic acid, Tannins.
Bioactivity : Antiseptic, Analgesic, Antimicrobial, Anti-inflammatory, Antidysenteric, Antimutagenic, Anticancer, Antinephritic, Antioxidant, Antibacterial, Antifungal, Hepatoprotective, Antiviral.
Indication : Indigestion, Ulcer, Colds, Cough, Asthma, Lungs congestion, Cancer, Toothache, Uterine tumors, Amenorrhoea, Dysmenorrhoea, Menopause.

Pearl مَروارید (۲۷۷)

Kingdom	:	Animalia
Phylum	:	Mollusca
Class	:	Bivalvia
Sub Class	:	Pteriomorphia
Order	:	Mytiloida
Family	:	Mytilidae
Genus	:	Mytilus
Species	:	Margaritiferus
Binomial Name	:	Mytilus margaritiferus (L.)
Accepted Name	:	Pinctada margaritifera (L.)

Chemical Formula	:	$CaCO_3$+conchiolina
Crystalline Forms	:	Small Crystals
Color	:	White
Density	:	2.65 - 2.85
Refractive index	:	1.530 -1.685
Brightness	:	Transparency matt
Hardness	:	3.5 - 4 (Mohs Scale)

عربی نام - لؤلؤ

فارسی/اردو - مروارید

ہندی - موتی

بنگلہ - موکتا

ماخذ - حیوانی

حصص مستعملہ - سچا موتی

مدت حیات - پانچ سال

مزاج - معتدل/سرد خشک II

نفع خاص - مقوی قلب

مضر - بے ضرر/گردہ کو

مصلح - گلاب/شہد

بدل - صدف صادق

مقدار خوراک - کشتہ=۲۵۰ ملی گرام تک

شناخت - یہ سفید قسم کے نہایت براق (چمکدار) مختلف سائز کے گول گول دانے ہیں۔ جو عموماً خشخاش کے دانوں سے لیکر انار کے دانوں کے برابر تک، ایک قسم کے سمندری کیڑے کے گھر (صدف) کے اندر پایا جاتا ہے۔ یہ جتنا بڑا ہوتا ہے اسی قدر بہتر تصور کیا جاتا ہے اسکی تکوین، اُس ذرہ یا ریت کے، مرواریدی صدف میں داخل ہو جانے سے ہوتی ہے جسکو صدف میں موجود شفاف اور لعابدار مادہ چاروں طرف سے گھیر لیتا ہے تا کہ اس میں موجود نازک حیوان صدفہ(Oyster) صدمات سے محفوظ رہے۔ یہی گھرا ہوا مادہ موتی کی شکل اختیار کر لیتا ہے۔ ایک بڑا مروارید وزن میں ۳۰ گرام تک ہوتا ہے۔ اگر صدف کے اندر ایک ہی موتی پایا جائے تو اسے دُرِّ یتیم کہتے ہیں۔

اقسام - (۱) قدرتی مروارید(Natural Pearls)= مرواریدی صدف میں مذکورہ طریقہ پر تیار ہوتا ہے۔ (۲) پروردہ مروارید(Cultured)=صدف کے اندر سیپ کا چھوٹا سا ٹکڑا ڈال دینے سے مذکورہ طریقہ پر تیار ہوتا ہے۔ (۳) مصنوعی(Artificial)=شیشہ کے ذروں پر مچھلی کے چھلکوں سے تیار کیا ہوا لعاب کو لگا کر تیار کرتے ہیں جو صرف زیورات میں استعمال ہوتے ہیں۔

حصول - بحرِ ہند، بحر الکاہل، خلیج فارس، بحر احمر، بحرۂ عرب، Indopacific Ocean، Gulf of Mexico

افعال - مقوی اعضاء رئیسہ، مقوی بصارت، قابض، حابس الدم

مواقع استعمال - خفقان، جنون، کثرت طمث، جریان، سیلان الرحم، اسہال دموی، خونی بواسیر، چیچک، خسرہ

ترکیب استعمال - (۱) مذکورہ بالا امراض میں بطور کشتہ یا حبوب یا خمیرہ

مرکبات - خمیرہ مروارید، کشتہ مروارید، حب مروارید، مفرح بارد، معجون مروح الارواح

جدید تحقیقات -

Composition (Natural Pearl) : Calcium Carbonate (Aragonite) -91.72%, Organic material (Conchiolin) - 5.94%, Water-2.23%, Other substances - 0.11%.
Bioactivity : Antacid, Aphrodisiac, Nutritive, Cardiactonic, Anti aging, Laxative, Sedative.
Indication : Asthma, Biliousness, Calcium deficiency, Cerebral atony, Constipation, Cough, Dysuria, Epilepsy, Erectile dysfunction, Fever, General debility, Headache, Heart burn, Hyper acidity, Leucorrhoea, Piles, Premature aging, Sexual debility, Spermatorrhoea, Tuberculosis, Weakness of eye sight, Weakness of Heart.

(۲۷۸) مروڑ پَھلی East Indian Screw Tree

Kingdom	:	Plantae
Phylum	:	Magnoliophyta
Class	:	Magnoliatae
Order	:	Malvales
Family	:	Sterculiaceae
Genus	:	Helicteres
Species	:	H. Isora
Binomial Name	:	Helicteres isora (Linn.)
Common Names	:	Indian screw tree
	:	Red isora
Flowering Class	:	Dicot
Habit	:	Sherb
Flowering & Fruiting	:	March- Septermber

عربی نام - التواءالتوا

فارسی - گشت برگشت

اردو/ ہندی - مروڑ پھلی

بنگلہ - انتاموڑا

سنسکرت - مرگاشرنگا

ماخذ - نباتی

حصص مستعملہ - پھلی

مدت حیات - چار سال

مزاج - گرم خشک I

نفع خاص - دافع زحیر/مسہل بلغم

مضر - قاطع باہ

مصلح - شہد/چلغوزہ

بدل - صبر

مقدار خوراک - ۵۔۷ گرام

- ایک بیلدار و جھاڑی دار بوٹی کی پیچدار پھلیاں ہیں جو گچھوں میں لگتی ہیں، یہ پہلے سبز اور بعد میں کالی ہو جاتی ہیں۔اس پودے کی اونچائی تین سے چار گز تک ہوتی ہے،اس کے پتے شہتوت کے پتوں کی طرح تقریباً تین سے چار انچ لمبے اور دو سے تین انچ چوڑے ہوتے ہیں اسکے پھول سرخ رنگ کے ہوتے ہیں۔اسے گشت برگشت کہا جاتا ہے،لیکن حقیقت میں گشت برگشت ایک دوسرا پودا ہے جسکی باریک شاخیں ڈوروں کی طرح پانچ ، پانچ کی تعداد میں ایک دوسرے کے ساتھ باہم لپٹی ہوئی ہوتی ہیں ، جبکہ مروڑ پھلی میں پھلیاں بٹی ہوئی ہوتی ہیں، شاخیں نہیں لپٹی ہوتیں۔

حصول - جموں کشمیر،لکھنؤ،شملہ، بہار، نینی تال، پاکستان، نیپال، سری لنکا، برما، تھائی لینڈ، چین، ملیشیا، آسٹریلیا۔

افعال - محلل،ملطف، مسہل، جالی، مسکن، مقوی اعصاب، قابض، مسہل بلغم

مواقع استعمال - قولنج، زحیر، امراض بلغمیہ وعصبانیہ، ذیابیطس، داد وغیرہ

ترکیب استعمال - (۱) قولنج، زحیر اور امراض بلغمیہ وعصبانیہ میں بطور جوشاندہ یا خیشاندہ (۲) امراض جلدیہ جیسے داد وغیرہ میں سرکہ کے ہمراہ بطور طلاء (۳) مرض ذیابیطس میں بطور سفوف۔

مرکبات - معجون جوگراج گوگل، دوائے برائے اسہال و پیچش.

Chemical Constituents : جدید تحقیقات - کیمیائی تجزیہ:۔

Pods, Bark Of Stem & Root Contain: Phytosterol, A hydroxy carboxylic acid, An orange-yellow colouring matter, Saponins, Sugars, Phlobatannins & lignin

Fruit Contain : Triterpenoids, α-amyrin, β-amyrin, Lupeol, Friedelin & Taraxerone.

Bioactivity : Antidiarrhoeal, Antidysenteric, Antibacterial, Antiplasmid, Antioxidant, Antidiabetic, Anthelmintic, Antispasmodic, Antipyretic.

Indication : Diarrhoea, Dysentery, Scabies, Biliousness, Cough, Asthma, Empyema, Intestinal Cancer, Cardiovascular diseases, Cataract, Diabetes, Arthritis.

(۲۷۹) مِشکَطَرا مشیع Flea Mint

Kingdom	:	Plantae
Phylum	:	Angiosperms
Class	:	Eudicots
Order	:	Lamiales
Family	:	Lamiaceae
Genus	:	Mentha
Species	:	M. pulegium
Binomial Name	:	Mentha pulegium (Linn.)
Common Names	:	Penny royal
	:	Pudding grass
	:	Pulegium

عربی نام - مشکطرامشیع / بقلۃ الغزال

فارسی - پودینہ کوہی / پودینہ صحرائی

سندھی - پودونوجبلی

ماخذ - نباتی

حصص مستعملہ - مسلم پودا

مدت حیات - ایک سال

مزاج - گرم خشک III

نفع خاص - مدر بول وحیض

مضر - مورث بول الدم

مصلح - حب الآس / بلوط

بدل - قرومانہ / پودینہ

مقدار خوراک - ۵۔۷ گرام

شناخت - پودینہ کی ایک قسم ہے جس کے پتے سبز، چھوٹے، بیضوی اور بغیر نوک کے یعنی گولائی لئے ہوتے ہیں اسکے پھول چھوٹے چھوٹے روئیں دار ہوتے ہیں، اسکا مزہ تیز وتند اور کسی قدر تلخ اور بو تیز ہوتی ہے۔ یہ پودینہ کی تمام قسموں میں سب سے زیادی قوی اور تیز ہوتا ہے۔

حصول - مراقش، اسپین، ایران، پاکستان

افعال - کاسر ریاح، مدر بول وحیض، قاتل کرم شکم، محرک، مسقط جنین

مواقع استعمال - احتباس حیض، عسر الطمث، عسر البول، نفخ شکم، درد شکم، قولنج، ضعف اشتہا

ترکیب استعمال - (۱) ادرار حیض وبول اور اخراج جنین ومشیمہ کیلئے بطور جوشاندہ (۲) نفخ شکم، قولنج یا دیگر امراض معدہ وجگر میں بطور سفوف (۳) پیٹ کے کیڑوں کو ہلاک کر کے خارج کرنے کیلئے شربا یا حقنأ

مرکبات - مطبوخ مدر طمث، معجون ید اللہ

جدید تحقیقات - کیمیائی تجزیہ:۔

Chemical Constituents :

Ketone pulegone, Menthone, Iso-menthone, Neomenthone.

Bioactivity : Antispasmodic, Anthelmintic, Abortifacient, Carminative, Diaphoretic, Stimulant, Emmenogogue.

Indication : Clods, Pneumonia, Breathing disorder, Stomach pain, Intestinal disorders, Liver & gall bladder Problems, Skin diseases, Gout, Mouth Sores, Venomous bites.

Unsafe : Children, Pregnant or breast feeding mother.

Toxicity : Affecting Liver & uterine functions, Damage nervous system, Nausea, vometing, Burning of throat, Fever, Confusion, Brain damage, Restlessness, Dizziness, Vision & hearing problems, Lung failure.

پودا

Mastic Gum مَصطگی رومی (۲۸۰)

Kingdom	:	Plantae
Phylum	:	Angiosperms
Class	:	Eudicots
Order	:	Sapindales
Family	:	Anacardiaceae
Genus	:	Pistacia
Species	:	P. lentiscus
Binomial Name	:	Pistacia lentiscus (L.)
Common Names	:	Mastic
	:	Mastick
	:	Mastix
	:	Lentisk

عربی نام - مصطگی

فارسی - کندرِ رومی/کندری

ہندی/بنگلہ - مصطگی

ماخذ - نباتی

حصص مستعملہ - گوند

مدت حیات - دوسال

مزاج - گرم خشک II

نفع خاص - مقوی معدہ وجگر

مضر - امراض مثانہ/مقعد

مصلح - سرکہ

بدل - کندر/اذخرمکی

مقدار خوراک - ا۔۳ گرام

گوند

شناخت - ایک درخت کا گوند ہے جو اس درخت میں شگاف دینے یا ازخود تراوش پانے سے حاصل ہوتا ہے یہ سفید زردی مائل اور شفاف ہوتا ہے، اسکا ذائقہ قدر شیریں اور خوشبودار ہوتا ہے۔

اقسام - (۱) رومی = یہ سفید، نرم، خوشبودار، صاف شفاف اور قدر شیریں اور خود بخود درخت سے ٹپکتی ہے۔
(۲) نبطی = یہ سیاہی مائل، ذائقہ قدر تلخ، غیر شفاف اور شگاف دینے پر ٹپکتی ہے، عموماً ترکستان میں پائی جاتی ہے

حصول - روم، شام، ہسپانیہ، افریقہ، یونان، مراقش (سب سے بہتر روم کی ہوتی ہے)

افعال - مقوی معدہ وجگر، کاسر ریاح، دافع تعفن، جالی، منفث بلغم، ملطف، مطیب دہن، جاذب رطوبات، محلل اورام،

مواقع استعمال - کھانسی، جریان خون، بول فی الفراش، ضعف معدہ وجگر، نفخ شکم، نسیان

ترکیب استعمال - (۱) امراض معدہ وجگر میں دیگر ادویہ کے ہمراہ بطور سفوف یا جوارش (۲) نسیان یا دماغ کے زائد رطوبات کو جذب کرنے کیلئے بطور سفوف (۳) امراض جلدیہ یا چہرے کے داغ دھبوں کو دور کرنے کیلئے بطور ابٹن۔

مرکبات - جوارش جالینوس، جوارش مصطگی، جوارش طباشیر

جدید تحقیقات - کیمیائی تجزیہ:۔

Chemical Constituents :

alpha & beta masticoresins, Masticin, Resin, Mastic Acid, Masticoresene & tannins, The essential oil contain more than 70 compounds, some of the primary constituents are - α-pinene, Myrcene, Caryophyllene, β-Pinene, linalool & Germacrene D.

Bioactivity: Antibacterial, Antifungal, Antioxidant, Anti-inflammatory, Antimicrobial, Antiseptic, Astringent, Expectorant, Diuretic.

Indication : Gastritis, Duodenitis, Peptic ulcer, Colds, Bronchitis, Arthritis, Diabetes, Ringworm, Cancer infection, Crohn's disease, Hypertension, Skin diseases.

Contra Indications : Avoid use with hypersensitivity, Pollen hypersensitivity.

Toxicity : Allergic reactions

درخت

Mukul مُقل (۲۸۱)

Kingdom	:	Plantae
Phylum	:	Angiosperms
Class	:	Eudicots
Order	:	Sapindales
Family	:	Burseraceae
Genus	:	Commiphora
Species	:	C. wightii
Binomial Name	:	Commiphora wightii (Arn.)
Synonym	:	Commiphora mukul (Stocks)
Common Names	:	Guggal
	:	Guggul
	:	Bdellium
	:	Indian bdellium gum
	:	Gum guggul

عربی نام - مقل ازرق

فارسی - بوئے جہودان

ہندی - گوگل

بنگلہ - گگو/مُکل

ماخذ - نباتی

حصص مستعملہ - گوند

مدت حیات - چھ سال

مزاج - گرم III خشک II

نفع خاص - محلل اورام/دافع بواسیر

مضر - جگر/ریہ

مصلح - زعفران/کتیرا

بدل - رسوت زرد/مرکی

مقدار خوراک - ایک سے ڈیڑھ گرام تک

گوند

شناخت - ایک خاردار درخت کا گوند ہے جو سرخ زردی مائل ہوتا ہے یہ اس درخت کے پتوں اور شاخوں سے سورج کی گرمی سے تراوش پاکر رالدار مادہ کی شکل میں ٹپک کر منجمد ہو جاتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ مقل میں تنکے وغیرہ پائے جاتے ہیں، اسکا ذائقہ تلخ ہوتا ہے اسے پانی میں گھولنے سے یہ چمکیلا منظر پیش کرتا ہے۔

حصول - آسام، بنگال، بہار، یوپی، راجستھان، میسور، بنگلہ دیش، عرب، پاکستان، اٹلی، شمالی افریقہ

افعال - محلل، ملین، منضج و مسہل بلغم، منفث بلغم، مسخن، جالی، کاسر ریاح، دافع بواسیر، مدر بول وحیض، مقوی باہ

مواقع استعمال - فالج، لقوہ، وجع المفاصل، نقرس، عرق النساء، دمہ، کھانسی، بواسیر خونی وبادی، ریح البواسیر

ترکیب استعمال - (۱) جملہ اورام صلبیہ باطنہ وظاہرہ میں شرباً وضماداً (۲) دمہ، کھانسی یا دیگر امراض صدر میں بطور شربت (۳) ریح البواسیر یا بواسیر خونی وبادی میں بطور سفوف (۴) ادرار بول وحیض واخراج مشیمہ کیلئے شرباً وحمولاً

مرکبات - حب مقل، اطریفل مقل، حب جوگراج گوگل، معجون جوگراج گوگل، مرہم اشق

جدید تحقیقات - کیمیائی تجزیہ:۔

Chemical Constituents :

Resin, Volatile oils & gum, The extract isolate ketonic steroid known as guggul sterone.

Bioactivity : Antiatherogenic. Anti hypercholesterolemic, Anti-inflammatory, Antipyretic, Antiseptic, Antispasmodic, Antisuppurative, Aphrodisiac, Astringent, Carminative, Demulcent, Diaphoretic, Diuretic, Emmenagogue, Thyroid stimulant, Stomachic, Expectorant, Immunostimulant.

Indication : Atherosclerosis, Arteriosclerosis, Arthritis, Obesity, High blood pressure, Pain, Digestive problem, Mouth infections, Menstrual problems, Rheumatism, Thyroid problems, Throat irritation, Stimulate the activity of W.B.C. & build up the immune system, Eliminate & Eexpel dead tissue, wastes & toxins from the body.

Side Effects: No side effect, Non toxin.

Precaution : Not use during pregnancy & diarrhoea & hiccups.

East Indian Globe Thistle مُنڈی (۲۸۲)

Kingdom	:	Plantae
Phylum	:	Angiosperms
Class	:	Eudicots
Order	:	Asterales
Family	:	Asteraceae
Genus	:	Sphaeranthus
Species	:	S. indicus
Binomial Name	:	Sphaeranthus indicus (Linn.)
Synonym	:	Sphaeranthus hirtus (Willd)
Common Names	:	Indian sphaeranthus
	:	Gorak mundi
	:	Globe thistle

عربی نام - کماذریوس
فارسی - زخمی حیات
ہندی - گورکھ منڈی
ماخذ - نباتی
حصص مستعملہ - گل، جڑ، چھال، برگ، تخم
مدت حیات - دوسال
مزاج - گرم خشک II
نفع خاص - مصفی خون
مضر - محرورین کو
مصلح - آب بھنگرہ تازہ
بدل - سرپھوکہ/برہم ڈنڈی
مقدار خوراک - ۵۔۷ گرام

خشک منڈی

شناخت - ایک مفروش بوٹی ہے۔ جسکی شاخیں زمین پر پھیلی ہوتی ہیں اسکے پتے پودینہ کے پتوں کی مانند، روئیں دار ہوتے ہیں۔ پھول سرخ، نیلگوں، گول اور گھنڈی دار ہوتا ہے۔ جب یہ خشک ہو جاتا ہے تو پھل کہلاتا ہے۔ یہی پھول یا پھل گل منڈی کے نام سے دواءً مستعمل ہے۔

اقسام - (۱) چھوٹی منڈی = اس کے پتے پودینہ کے پتوں کی طرح مگر ان سے دبیز اور روئیں دار، پھول سرخ کبودی مائل اور خوشبودار ہوتے ہیں۔ (۲) بڑی منڈی = اسکے پتے چھوٹے، گول، کنگورے دار اور دبیز، پھول بڑا اور گیہوں کے پھول سے مشابہ اور خوشبو کچے آم (امیا) کی طرح ہوتی ہے۔

حصول - بھارت، سری لنکا، افریقہ، آسٹریلیا

افعال - مصفی خون، مقوی قلب وحواس، ملطف، مفتح، مقوی بصر۔

مواقع استعمال - امراض جلدیہ، آتشک، جذام، خفقان، مالیخولیا، وحشت، یرقان وغیرہ۔

ترکیب استعمال - (۱) امراض جلدیہ میں بطور جوشاندہ یا خیساندہ (۲) امراض دماغیہ میں چھوٹی الائچی ومصری کے ہمراہ بطور سفوف (۳) امراض چشم میں تازہ پھولوں کا عرق بطور قطور

مرکبات - نقوع شاہترہ، عرق مصفی خون، اطریفل منڈی، عرق منڈی، عرق مرکب مصفی خون بہ نسخہ کلاں

جدید تحقیقات - کیمیائی تجزیہ:۔

Chemical Constituents :

Major Constituents: Methyl chavicol, α-ionene, δ-cadinene, P-methoxy cinnamaldehyde.

Minor Constituents: α-terpinene, Citral, Geraniol, Geranyl acetate, β-ionene, Sphaerene.

